5/91

قد افلح من تزکی و ذکر اسم ربہ فصلی ۔ القرآن الکریم

وہ فلاح پاگیا جس نے تزکیہ کر لیا اور اپنے رب کے نام کا ذکر کیا پھر نماز کا پابند ہوگیا ۔

ماہنامہ

مئی سنہ ۱۹۹۱

# المرشد

لاہور

جلد: ۱۲ — شمارہ: ۱۰ ذیقعد ۱۴۱۱ھ مئی: ۱۹۹۱ء

ایل نمبر ۸۶۰۷

ماہنامہ

# المرشد

لاہور

یکے از مطبوعات۔ ادارہ نقشبندیہ اویسیہ: دارالعرفان چکوال

## فہرست مضامین

اپنی بات ——— ۳
قصیدے تیری عظمتوں کے ——— ۴
آدابِ زندگی ——— ۵
علوم دین و دنیا ——— ۱۲
تصوف کا پہلا باب ——— ۲۰
نورِ نبوت ——— ۲۹
مسلمانوں کا معاشرتی کردار ——— ۳۷
انگریزی مضمون ——— ۴۸

## مجلسِ ادارت

ایڈیٹر: تاج رحیم

☆☆☆☆☆

## بدلِ اشتراک

فی پرچہ دس روپے، ششماہی ۵۵ روپے
چندہ سالانہ ۱۰۰ روپے، تاحیات ۱۰۰۰ روپے

## غیر ملکی

سالانہ — تاحیات
سری لنکا، بھارت، بنگلہ دیش ۰۰ روپے، ۲۰۰۰ روپے
مشرق وسطی کے ممالک ۵۵ سعودی ریال ۳۵۰ سعودی ریال
برطانیہ اور یورپ ۱۲ سٹرلنگ پونڈ، ۸۰ سٹرلنگ پونڈ
امریکہ و کینیڈا ۲۵ امریکن ڈالر، ۱۲۵ امریکن ڈالر

پتہ: ماہنامہ المرشد۔ اویسیہ سوسائٹی کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور ٹیلیفون لاہور ۸۴۴۹۰۹

ناشر: پروفیسر حافظ عبدالرزاق، پرنٹرز: طیب جمال، ریٹی گن روڈ لاہور

come back cured. Man is very proud of the progress he has made in Mecdial Science, but isn't it strange that there are some aspects of Medical Science known to animals and yet unknow to man.

Keeping this in view, there are other supernatural creations of **God** like Jinns, Angles, etc. Man's knowledge cannot be compared to their's. We have seen that a mere bee posseses more knowledge in a specific field than man. Therefore it is not knowledge which makes a man superior.

If we take the physical side and assume that physically man is beautiful and hence superior to other creatures, this again remains untrue because we see in our day to day life many beautiful creatures, much more beautiful than man himself. If one thinks that the strength of man makes him superior, then again this statement is worng. There are many animals who are much more in strength, eg. an elephant, what is man in fornt of this huge animal.

Then what is it that makes a man superior, may b that he worships **God** Almighty and other creature don't. This is not true also. **God** Almighty has created angles, only to worship Him and they cannot do anything but obey Him. They are made for this purpose only and do not know anything else. Angels who are standing with heads bowed in worship will do so till the end of their lives. They live for millions of years. The equation still remains unanswered as to what makes a man superior to other beings.

The asnwer to this question, according to **God** Almighty and the **Prophet** (pbuh) as revealed in the divine book by **Allah**, is that, in all his creations, mankind has been blessed with a sense and wisdom. Man with this sense can understand the greatness of **God** Almighty, and can attain his nearness. This is the secret to man's superiority over other creatures. All the other creatures worship HIM, obey HIM, know that there is a **God** who commands them and they obey His every order, but it is beyond their reach to know His nature and to attain the heights of His nearness, as they are not blessed with that sense. In other words man is the only creation of **God** who has been blessed with such a sense and wisdom that he can attain such heights as no other creature can. This is the reason why, a person who has led most of his life as non-believer becomes a

ماہنامہ **المرشد** کے:

**بانی** : حضرت العلام مولانا اللہ یار خان رحمۃ اللہ علیہ
مجدد سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

**سرپرست** : حضرت مولانا محمد اکرم اعوان مدظلہ
شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ

**مشیر اعلیٰ نشر و اشاعت** : پروفیسر حافظ عبدالرزاق ایم۔ اے (عربی) ایم۔ اے (اسلامیات)

**ناظم اعلیٰ** : کرنل (ریٹائرڈ) مطلوب حسین

believer and asks forgiveness for his sins, his heart lights up with the love of **God** at that very moment. He remains stable in his decision in believing **God** and the **Prophet**, and his tecachings, then with **Allah's** blessings he attains unknown heights of his nearness. It is **Allah's** will, how much he is blessed. **God** almighty is the creator and Hazrat Muhammad (pbuh) is His creation. The angels are created from light and **Gabriel** (*Ameen*) is the head of the angles. So is in a hadis about "**Meraj**" (The journey). It is said that at a cretain point the angel **Gabrial** could not go further and said to **prophet Muhammad** (pbuh) *"Oh Prophet of Allah if I even try to look beyond the veil of light. It will not be able to bear it, I cannot even bear to go beyond this point"*. This was the point where the **Prophet's** (pbuh) journey had strated. How for he went, only **God** almighty and his beloved **Prophet** (pbuh) knows. The point to prove is that an angel is not superior to a human being and cannot attain that nearness of **God** almighty as a human being can. Therefore, it is a fact that the **Prophet** of **Allah** was a human and not a creation of light as some say because to accept Him as a creation of light, would be denying all his superior qualities which he had. All human beings have such capabilities hidden in them. But these do not come to the surface themselves, for they have to be developed.

**Prophets** are the only people who have been bestowed with such a nature that they acquire all the knowledge of **God's** nearness. They gain all the visions of his spludour. They also gain an insight to **God** almighty's nature and all of this is given to them by **God** only, the rest of mankind is dependent on the **Prophet** for this knowledge.

The other day a friend of mine asked me a question. He said that the intention of doing good deeds is also found in non Muslims. A person who is not a muslim does good deeds, such as building hospitals, being always truthful, never hurting anyone, always, being ready to help the poor etc. so why will they not go to heaven? I answered that the basic reason for this is that by doing all these good deeds they are not asking for heaven. Whatever a disbeliever does, his aim is not **Allah's** consent or life after death. If his deeds were for **Allah** and the life hereafter then he would not be a disbeliever, he would be a believer

# اپنی بات

جو ملک اسلامی کہلاتا ہو اُس ملک کی حکومت کے لیے ضروری ہے کہ وہاں اسلامی نظام رائج کرے۔ موجودہ حکومت اسلامی نظام کے قیام کے وعدے پر برسرِ اقتدار آئی ہے اس لیے اِس حکومت کا اوّلین فرض بنتا ہے کہ وہ قرآن و سُنّت کے احکامات کو ملک کے ہر شعبے میں نافذ کرے۔ یہاں تک تو حکومت کی ذمّہ داری بنتی ہے۔ لیکن اِس سے بھی اہم ذمّہ داری اِس قوم کے ہر مسلمان مرد و عورت پر عائد ہوتی ہے کہ وہ اسلام کو اپنی ذات پر نافذ کرے۔ جس عمل سے اس کا اپنا وجُود متاثر ہوتا ہے۔ اپنی خاندانی زندگی متاثر ہوتی ہے۔ اِرد گرد کا ماحول، گلی محلے کے لوگ، دوست احباب اور کاروباری لین دین متاثر ہوتا ہے۔ اپنے ہر اُس عمل کو اسلامی ڈھانچے میں ڈھالے۔ اپنی خواہشات، دُنیاوی ضروریات، رسم و رواج اور رہن سہن کے طور طریقوں کو اُن خطوط پر استوار کرے جن سے اپنے نفس کی تسکین کی بجائے رضائے الٰہی مقصود ہو۔ اُس کھرے، صاف ستھرے آسان اور سیدھے دین کو اپنی زندگی پر لاگو کرے جو فرقہ پرستی اور خانقاہی کاروبار کی آلائشوں سے پاک اور بالاتر ہے جو بدعتوں اور رسُوماتی عبادتوں کا محتاج نہیں۔

اپنی ذات پر اسلام کا نفاذ اُسی صورت میں ممکن ہے کہ ہم اپنے قلب میں جھانک کر دیکھیں، وہاں جو بیشمار بُت کسی نہ کسی رنگ میں ہمارے اَن داتا بنے بیٹھے ہیں جن سے ہم ہر وقت خوفزدہ رہتے ہیں کہ اُن کی مرضی کی تکمیل میں کوئی کمی رہ جانے سے ہماری زندگی تباہ ہو جائے گی۔ رسم و رواج کا خوف۔ دکھاوے کا خوف، غُربت کا خوف، بڑائی اور امارت کا خوف، دوست دشمن کا خوف، رشتہ داروں کی باتوں کا خوف اور ان تمام کا پیدا کردہ ایک مجموعی خوف احساسِ کمتری۔ یہ تمام خوف جن کا کوئی حقیقی وجود نہیں پھر بھی ہماری پریشانیوں، بے سکونی، بدحالی اور ہمیں اپنے خالقِ حقیقی کی محبت سے ناآشنا کرنے کا سبب ضرور ہیں۔ جب تک خوف کے اِن بُتوں کو اپنے دل و دماغ سے اُکھاڑ نہ پھینکیں گے اپنی زندگی پر اسلام کو نافذ نہیں کر پائیں گے۔

مجرموں کو اسلامی قوانین کے تحت سزائیں اور مظلوم کے ساتھ انصاف کے لیے عدالتی نظام میں اسلامی قوانین کا لاگو ہونا آج کے الحادی دَور میں بہت بڑا انقلاب ہوگا۔ لیکن اسلام کے حقیقی نفاذ کے لیے ہمیں اپنے قلب و دماغ کو صاف کر کے اللہ کے لیے مخصوص کرنا ہوگا۔ اپنی سوچ کو قرآن و سُنّت کے ساتھ ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ اپنے ہر عمل کو احکاماتِ الٰہی کے تابع کرنا ہوگا۔ جب ہمارا ہر قدم رضائے الٰہی کے لیے اُٹھے گا ہر فیصلے اور ہر حرکت میں اللہ کی خوشنودی مقصود ہوگی تو سمجھ لینا اسلام نافذ ہوگیا۔

تاج حکیم

because this knowledge of the life hereafter is only acquired by the teachings of the Holy **Prophet** and to have faith in the teachings of the Holy **Prophet** makes him a believer. But a disbeliever does not have any knowledge of the life hereafter. Therefore his good deeds are not for the pleasure of **God** almighty and heaven, but only for this world. He either wants to be recognised or Praised by other people or wants to get rich, or whatever his aim is, the rsult of his good deeds are returned to him in this world, as that is exactly what he wants. This is also revealed in the Holy Quran which says that a non believer is rewarded in this world for whatever good deeds he does as that is what he wants. To make this point more clear, take the example of a shopkeeper. You have Rs. 10 and you want to buy a kilo of sugar. He gives you a kilo of sugar for Rs. 10. Now, if you expect that later he would also give you a kilo of flour for the same money of Rs. 10, then you are mistaken. Similarly, a non believer does good deeds in this world because he wants to be recognised as a good man, He wants people to think high of him. Whatever the worldly reason, the reward is given to him in this world. As **God** almighty is very just and it is his promise that whatever good deeds a believer or a non-believer does, they will not go wasted. The reward depends on the motive behind the deeds. A non believer does not have any knowledge of the life after death. To acquire this knowledge he has to have faith in the **Prophet** (pbuh) and his teachings, without which there is no way for him to know about **God** almighty and the life hearafter.

Now we have to find out how to achieve such a strong desire and spirit, that whatever we do in this world, our main aim and goal becomes the life hereafter. Let us consider this example, we all have families to whom we are very attached, and when we have to leave them and go abroad for better jobs, we constantly remain in touch with them, and whatever we earn, we earn for our families back home. We are away from them but we are always thinking and worrying about them, we save our hard earned money for them and, although bodily we may be very far away, our thoughts are always with our loved ones.

Similarly, a person strives in this world in order to achieve a happy life in the next world and this is possible when he strengthens his relationship with **God** almighty and starts

# قصیدے
## تیری عظمتوں کے

حضرت مولانا محمد اکرم

دلوں میں مچلتا ہے ذوقِ زیارت
لبوں پہ قصیدے تیری عظمتوں کے
مدینے کے راہی ہیں دو جگ سے فارغ
وہ طالب ہیں آقا تری برکتوں کے
پیشانی منور ہے سجدوں سے انکی
دلوں میں ہیں ذکرِ الٰہی کے جلوے
کوئی ہے مجاہد تو غازی ہے کوئی
ہیں ان کے شب و روز میدان میں گزرے
کوئی مثلِ بادِ سحر اس جہاں میں
رہا بانٹتا تیری خوشبو کے جھونکے
مگر ایک بے بس تہی دست خادم
ہے چھیڑے ہوئے تیری الفت کے قصے
نہ عابد نہ زاہد نہ واعظ نہ قاری
ہے پھیلائے دامن کھڑا در پہ تیرے
تمنا لئے در پہ حاضر ہوں آقا
ہوں طالب نظر کا جو شعلہ دکھا دے
جلے میرا سینہ اٹھے اس سے طوفاں
جو مسلم کے سینے میں ہلچل مچا دے
تیرے عشق کی آگ بانٹوں دلوں کو
محبت کا شعلہ جو خرمن جلا دے
بنا دوں میں مسلم کو دیوانہ تیرا
محبت تیری رقصِ بسمل سکھا دے
دلوں میں محبت کے چشمے رواں ہوں
جہاں سے وہ سب نفرتوں کو مٹا دے
پھر انساں سکوں آشنا ہو دہر میں
یوں خالق سے وہ اسکا رشتہ بنا دے
لبوں پہ فقیر اپنے شام و سحر ہے
الٰہی بہار ایسی پھر سے دکھا دے

looking faward to heaven in the life heareafter, the place where he will meet his beloved creator and will be blessed with the ability of comunicating with him. This is the greatest reward one can be awarded. But this cannot be totally achieved in this world, he has to wait for the life hereafter and by doing so his love for **God** almigty deepens and he feels a thirst in his heart for the divine visions as the splendour of the divine light surrounds his heart and now he feels a restless throbing within him to see **God** almighty with his eyes, whose divine love penetrates his inner being. His eager eyes long for his divine vision. But this cannot be achieved in this world, so a person starts preparing for the life of the hereafter where all these rewards shall be achieved.

But first a person has to make a decision in his heart that he shall work hard and sacrifice to acquire all the rewards of the hereafter.

This is the reason that **God** has declared, for the non-believers, that they do not expect meeting me and thus they are on the path of disbelief. This means that if they had expected a meeting with me they never would have strayed astray. They are still in a life of disbelief because they are not anciously eager to meet me.

This is the only foundation that makes a man prepared to make the sacrifice that he will go to sleep hungry but won't eat anything forbidden because by doing so he shall annoy his creator. "If I eat something forbidden **God** may not speak to me." He reminds himself, and all this will take place in the life hereafter but the preparation should start here in this world. The question is, how should we strengthen this relationship with **God** almighty. A person can love another person because they are one of a kind. A person can also feel an attachment to a cretain material object because of its colour or beauty. He may be attracted to a bird because of its beauty or because it has a melodious voice which he likes to here, but how can he love **God** almighty? He has never seen **God**, he has never heard his voice, he can never feel him nor can he touch him and there is no example of him anywhere. It is completely beyond his perception and understanding so how can a person sacrifice this world and its offerings for someone who he cannot see, touch or feel.

There is a way, and it is prescribed by **God** almighty

# آدابِ زندگی

## بیان حضرت شیخ المکرم
۱۲ جون ۱۹۸۸ء
بریڈ فورڈ

۔ اللہ کریم نے ہمیں اپنی رضا کے لیے اپنی یاد کے لیے، اپنے دین کی، اپنے نبی کی چند باتیں یاد کرنے، دہرانے، یاد کرنے اور ان سے مستفیض کرنے کی سعادت بخشی ہے۔ کیونکہ ہم ایسے ملک میں جہاں کا معاشرہ اپنی اقدار بھی کھو چکا ہے۔ اور ایک بالکل بے مہار، بے لگام اور بے راہ رو سا معاشرہ
ہمارا جو وعظ ہوتا ہے یا ہماری جو عادت
کے مطابق ایک اسٹائل ہوتا ہے۔ بات کرنے کا، اس سے ہٹ کر اگر ہم اپنی ضرورت کے بابت باتیں کر لیں تو شاید اس سے ہمیں زیادہ فائدہ پہنچنے میں مدد مل سکے۔ مجھے یہاں گزشتہ سال پہلی دفعہ حاضر ہونے کی سعادت نصیب ہوئی تھی۔ آپ لوگوں سے ملاقات ہوئی تھی۔ کچھ لوگوں کی باتیں سنیں۔ کچھ اپنی سنائیں کچھ حالات دیکھے اور ایک سال بعد چند روز کے لیے یہاں حاضری ہوئی۔ اور میرے خیال میں اگر سال بعد ایک تخمینہ ۳۔۴ دن یہاں رہے تو وہ کوئی صحیح اندازہ نہیں لگا سکتا یا بات کو صحیح نہیں سمجھ سکتا۔ مگر اس کے باوجود میں نے اپنے طور پر سمجھنے کی کوشش کی ہے۔ جہاں تک میں سمجھ پایا ہوں میرے اندازے کے مطابق یہاں جو لوگ شروع شروع میں تشریف لائے۔ ان میں سے بیشتر حضرات اسی معاشرے کے رنگ میں رنگے گئے۔ کیونکہ وہ دور ہی ایسا تھا کہ انگریز بننا ہی بہت بڑی سعادت سمجھا جاتا تھا اور برصغیر پہ ہی نہیں بلکہ دنیا کے بیشتر حصوں پہ انگریزوں کا تسلط تھا، حکمرانی تھی۔ ان کے بعد جو لوگ آئے اور انگریزی اقتدار کا سورج بھی آہستہ آہستہ اپنی کرنیں سمیٹتا ہوا گھر کی طرف بڑھا۔ تو لوگوں پہ وہ رعب کچھ کم ہوا۔ ان حضرات نے میں آپ حضرات کا لفظ استعمال کرتا ہوں۔ جو اس درجہ مرعوب نہیں ہوئے جو آپ سے پہلے آنے والے حضرات مرعوب ہوئے تھے۔ جس کے نتیجے میں آپ کی مساجد، آپ کی نمازیں، آپ کا باریش ہونا، آپ کا دین کی طرف مائل ہونا اور آپ کا کچھ نہ کچھ دینی اقدار کو قائم رکھنا۔ یہ اس بات کی دلالت ہے کہ آپ اس قدر مرعوب نہیں ہوئے بلکہ آپ نے اپنا اسلامی تشخص بھی ساتھ رکھنے کی کوشش کی۔ لیکن شاید یہ انگریز کی ضرورت تھی کہ اس نے آپ کی مزید مدد یا جیسے فوجی اصطلاح میں کمک کہتے ہیں۔ وہ روک دی۔ وہ افراد جو یہاں پیدا ہوئے۔ وہ بچے جنہوں نے یہاں آنکھیں کھولیں۔ یہاں کی فضا میں سانس لیا۔ یہاں کا دودھ پیا۔ یہاں کے اسکولوں میں گئے۔ اس ماحول میں پلے بڑھے۔ یہاں کی غذا کھائی اور یہاں کے اسکولوں میں تعلیم پائی ہے۔ ان تک اگر کوئی اسلام یا اسلامی تاریخ کا کوئی پہلو پہنچا تو وہ بھی انگریزی رنگ میں رنگ کر پہنچا اور جس طرح مستشرقین نے اسے پہنچانا چاہا۔ یعنی ایسی عینک کے ذریعہ دکھایا وہ رنگ جو وہ دکھانا چاہتے تھے۔ وہ رنگ اس پر غالب آیا۔

جو لوگ یہاں رہتے ہیں ان کی زندگی ایسی ہے کہ کوئی شخص فارغ رہ کر زندہ نہیں رہ سکتا۔ یہ ایک ایسا نظام ہے کہ یہاں ہر آدمی کو کچھ نہ کچھ کرنا پڑتا ہے۔ اس کے اپنے آرام کے لیے بھی کم وقت بچتا ہے۔ کسی کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ وہ گھر میں اسکول بنا لیتا۔ یا بچوں کو پڑھا سکتا۔ یا وہ خود ان کی مدد کر سکتا۔ کہ ان کی رہنمائی کر سکتا۔ لیکن اس کے ساتھ ایک مصیبت اس

himself. "Repeat my name and your hearts shall light up with my love", commands **God** almighty. This is the only way to achieve **God** almighty's love and his nearness. The human heart has been basically created to gain revelations of the divine light and unitl the heart does not achieve this, it remains distressed and restless. A person will never find peace, even if he claims to be a Muslim, unless he tries to achieve the revelation of the divine light. He may pray five times a day but his prayers will lack the enthusiasm required. His every worship would be no more than routine work. His long journey trought life would be useless unless he dutifully obeys the command diven by **God** almighty and that is: "*ALA BE ZIKRILLAHE TATMA INNUL QULOOB*". Translation: Listen carefully, the hearts find peace only by **Allah's** Zikr. **God** almighty commands "Start repeating my name continuously and your hearts shall find peace." The reason for this is that the repetition of the divine name by a person, strengthens the bond of love between **God** almighty and his servants. Everything starts taking shape after this and the person feels the divine light entering his heart and the enthusiasm and desire of meeting his creator, starts building up. He knows that this meeting shall be in the life of the hereafter, so he starts preparing for it. Therefore, we come to the conclusion that *Zikr Allah* is a must for every person on this earth and the person who realises its importance is truly human, otherwise he loses his humanity. A human being is superior to other creatures becaus he is capable of achieving the nearness of **God** almighty. But if he is unable to achieve this, then he does not remain a human. Look at the people around you, you will find many shapes and kinds of human faces, but are they really human any more?

**Allah's** Zikr is the most important factor in our lives, more important than life itself. May **God** lead us on the right path and bless us by his divine guidance.

معاشرہ کی یہ دیکھی کہ جہاں جہاں بھی برصغیر کے لوگ تھے۔ وہاں مسلسل لوگوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا۔ اگر کسی کے تین بچے یہاں ہوتے تھے تو وہ تین بچوں کی شادی وہاں کر دیتا تھا۔ تو ان پہ اس معاشرہ کے اثرات ۵۰٪ کم ہو جاتے تھے۔ کچھ وہاں گُھل مل جاتے تھے۔ کوئی بچہ وہاں سے لے آتا تھا۔ کوئی بیٹی کی شادی وہاں کر لیتے تھے اور داماد کو یہاں ملازمت دلوا دیتے تھے۔ تو کچھ اس طرح سے معاشرہ کچھ دیر ٹھہرا آتا تھا۔ لیکن اب ان لوگوں نے وہ راستہ بند کر دیا۔ یہ شاید ان لوگوں کی بھی ضرورت بن گیا ہے کہ اس طرح سے انہوں نے دیکھا کہ یہ لوگ بہت عرصہ تک زندہ نہ رہ سکیں گے۔ اس راستے کے بند کرنے کا نتیجہ یہ ہوا کہ اب یہاں جو خصوصاً مسلمانوں کے متعلق ہے۔ میں تھوڑے سے وقت میں سمجھ سکا ہوں۔ یہ ممکن ہے مجھے غلطی لگی ہو۔ ہو سکتا ہے آپ مجھ سے اتفاق نہ کریں۔ میرا تجزیہ زیادہ صحیح نہ ہو۔ لیکن جو میں سمجھ سکا ہوں۔ وہ یہ ہے کہ ایک تو وہ بزرگ ہیں۔ جن کے بارے میں میں نے بات پہلے کی۔ ان کے بارے میں بات کرنا فضول ہے۔ کیونکہ عمر کے اس حصے میں پہنچ چکے ہیں کہ جہاں سے نہ ہم انہیں واپس لا سکتے ہیں۔ نہ ہم انہیں نصیحت کر سکتے ہیں۔ نہ انہیں سمجھا سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ عمر کا وہ حصہ ہوتا ہے۔ جہاں آدمی نصیحت قبول نہیں کرتا۔ بلکہ ہر وقت خود نصیحت کرنے کے موڈ میں ہوتا ہے۔ تو ان کے ساتھ نہایت ادب کے ساتھ وقت ہی گزارہ جا سکتا ہے۔ اس سے زیادہ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ دوسرا طبقہ آپ حضرات کا ہے جو ایک ایسے دوراہے پر کھڑا ہے۔ جبکہ مدد یا کمک تو روک دی گئی ہے اور جو نسل آپ کی گود میں پرورش پا رہی ہے۔ بجا طور پہ آپ کی اولاد ہے آپ کی پود ہے۔ آپ کے بیٹے ہیں۔ لیکن میرے خیال میں۔ آپ کے بیٹے کم ہیں اور اس معاشرہ کے بیٹے زیادہ ہیں۔ اس لیے کہ یہ جو خون کا اور نسل کا رشتہ ہوتا ہے۔ اس کی اپنی ایک حیثیت ضرور ہے لیکن انسان مائل اس رشتہ کی طرف ہوتا ہے۔ جس ماحول میں اس کا مزاج بنتا ہے۔ اس کا ضمیر بنتا ہے۔ اس کی سوچ پروان چڑھتی ہے اور جس قالب میں اس کو ڈھالا جاتا ہے۔ ان رشتوں پر وہ خونی رشتوں کو قربان کر دیتا ہے۔

یہ ایک اصول ہے انسانی مزاج کا عام انسانی فطرت کا۔ ہمارا اولاد کے ساتھ خون کا رشتہ ضرور ہے۔ لیکن اس کے بعد ہم اس سے زیادہ سوائے خونی رشتہ کے جب ہم ان کو کچھ دے نہیں سکتے۔

انہوں نے مزاج، تربیت، معلومات سب کچھ۔ ایک خاص معاشرہ سے پایا ہے۔ تو اگر بہت Resist کریں گے تو شاید ایک جنریشن بچ جائے گی۔ لیکن شاید اس سے اگلی جنریشن میں طاقت نہ ہو۔ اور وہ اس معاشرہ کا ایک حصہ سا بن جائے۔ عین ممکن ہے کہ وہ کئی نسلوں تک اپنا نام محمد بشیر، محمد سلیم، محمد احمد وغیرہ رکھتے چلے جائیں۔ لیکن صرف نام رہ جائیں گے۔ باقی سب کچھ وہی ہوگا میں نے جو کچھ دیکھا یا جو کچھ میں نے Assess کیا ہے۔ میں یہ سمجھ پایا ہوں کہ اب یہاں والدین کے دل میں بھی یہی سوال ہے لیکن اتفاق سے جب آدمی ایک غلطی کرتا ہے تو اس ایک غلطی کا ایک خلاء کو پُر کرنے کے لیے مسلسل غلطیاں کرتا چلا جاتا ہے۔ یا تو ایک ہی غلطی پہ سنبھل جاتا ہے۔ تو بڑی بات ہے۔ اللہ کا بڑا شکر ہے۔ اصلاح ہو جاتی ہے۔

اس خلاء کو پُر کرنے کے لیے والدین نے یا آپ حضرات نے ایک کوشش ضرور کی۔ کہ آپ میں وہ طبقہ جو دین کی دعوت رکھنے والے ہیں یا جو اپنے آپ کو دین کا محافظ یا خادم یا کسی بھی نام سے اپنے آپ کے دین سے منسلک رکھتے ہیں۔ یہ آپ کی قابل قدر کوشش ہے کہ آپ نے بے شمار علماء کو اس امید پہ مسلسل دعوتیں دیں۔ ان کے آنے سے شاید کچھ حالات سدھر جائیں۔ کچھ لوگ سدھر جائیں۔ کچھ لوگ سنبھل جائیں۔ اور ہماری رفتار میں کچھ مثبت اور کچھ فائدہ مند اثرات مرتب ہوں لیکن میرے خیال میں اگر آپ گستاخی معاف کریں۔ ناراض نہ ہوں، تو یہ دوسری غلطی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس بات کو Discuss کیے بغیر اس بات کی تحقیق کیے بغیر ہم نے اس آدمی کو جس کے ساتھ مولوی لکھا جاتا ہے یا جس کو لوگ پیر کہتے ہیں۔ دعوت دیدی۔ ہمارے پاس کسی کے مولوی ہونے کی یہ سند تھی کہ لوگ اس کو مولوی کہتے ہیں۔ یا کسی کے پیر ہونے کی سند یہ تھی کہ لوگ اس کو پیر کہتے ہیں اس کے علاوہ ہمارے پاس نہ کوئی معیار تھا اور نہ ہم نے آپ نے یہ جاننے کی کوشش ہی کی کہ آخر یہ مولوی یہ پیر ہوتا کیا ہے۔ اس کا فنکشن کیا ہے؟ اس سے ہم نے لینا کیا ہے۔ یہ ہماری سپورٹ کرنے لگا کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ جن سے آپ دین کے طالب تھے وہ آپ سے دنیا کے طالب نکلے۔ آپ کی تمنا پھر بلند تھی۔ ان کی خواہشات آپ سے بھی کم تر نکلی۔ آپ کے خیالات پھر بھی بلند تھے

اس کافر معاشرہ میں رہتے ہوئے لیکن ایک اسلامی ریاست میں رہتے ہوئے ان کی خواہشات اور آرزوئیں آپ سے بھی کم تر نکلیں۔ اب آپ کا کام ہوا یا نہ ہوا۔ وہ اپنا مسئلہ حل کر کے چلے گئے۔ اس کے لیے انہیں کیا کچھ کرنا پڑا۔ اس کے لیے انہوں نے آنے والی نسل کو خدا حافظ کہا۔ کیونکہ نہ وہ اس نسل کو سمجھ سکتے تھے اور نہ وہ نسل ان کی بات سننے کے لیے تیار تھی۔ ان کا STYLE ان کا بات کرنے کا انداز، ان کا سوچنے کا انداز یا ان کے سمجھنے کا انداز اور آپ کی جو نئی جنریشن ہے۔ ان میں اتنا گیپ ہے کہ نہ مولوی اور پیر اسے معاف کرنے کو تیار ہے اور نہ وہ اسے برداشت کرنے کو تیار ہے۔ لیکن آپ لوگ جو خیریت سے زیادہ دور رہے تھے۔ آپ ان کی لپیٹ میں آگئے۔ اور جو لوگ مل کر نماز پڑھتے تھے۔ وہ ایک دوسرے کو کافر کہنے لگے۔ جو مل بیٹھ کر ایک دوسرے کا غم بانٹتے تھے وہ ایک دوسرے کی داڑھیاں نوچنے لگے۔ جو ایک دوسرے سے مشورہ کرتے تھے کسی تکلیف کا حل سوچتے تھے۔ وہ ایک دوسرے کا سر پھاڑنے لگے۔ اور ایک نئی مصیبت درمیان میں آگئی۔ اب آپ اس کے نتائج بھگت رہے ہیں۔ ایک پارٹی پھر در آمد کرتی ہے ایک خاص اسٹائل کے آدمیوں کو۔ وہ اسے سان پر لگا کر چلے جاتے ہیں۔ پھر دوسرے ان کے مقابلے میں دوسرے کو بلا لیتے ہیں۔ وہ انہیں الاشیری دیکر چلے جاتے ہیں۔ وہ بات تو گئی اب۔ نئی جنریشن کا کیا ہوگا۔ ان کا کیا ہوگا۔ بچے کیا سوچتے ہیں۔ نتیجہ جانے دیں۔ انہیں جانے دیں۔ ایک نیا تماشہ بن گیا۔ ایک عجیب صورت حال بن گئی اب مساجد میں اور اسلام کا ایک اصول ہے۔

## مسجد اللہ کی ہے۔

اس پر کسی کا قبضہ نہیں ہے۔ میرا آپ کا دیوبندی کا، بریلوی کا۔ مسجد اللہ کی ہے۔ لیکن اب آپ کے شہروں میں اللہ کی مسجد تلاش کرنی پڑے تو کم ملتی ہے۔ افراد کی، مختلف مکاتب فکر کی مساجد ملتی ہیں۔ لیکن کسی مسجد میں یہ تلاش کرنا پڑے کہ یہ اللہ کی مسجد ہے اور اللہ کی عبادت یہاں بلا خوف و خطر کرنی پڑے تو میرے اندازے کے مطابق بہت کم ہوگی۔ میں غلط بھی کہہ سکتا ہوں۔ لیکن یہ میرا اندازہ ہے۔ لیکن جو میں نے ان دنوں میں دیکھا ہے بہت کم ہوگا۔ یعنی آپ نے ایک نیا محاذ کھول لیا ہے۔ جس بات کو آپ سلجھانے چلے تھے۔ وہ اپنی جگہ رہ گئی اور ایک نئی الجھن جس میں آپ کا اپنا وقت۔ آپ کے اپنے جو تھے۔ اپنی قوت آپ کی انرجی ایک نئے محاذ پر ضائع ہونا شروع ہو گئی۔ میرے اپنے ناقص خیال کے مطابق آپ کے آج کے مسائل جنہیں میں سمجھ سکا ہوں۔ وہ یہ ہیں۔

مسائل کو DISCUSS کرنا اس لیے ہوتا ہے کہ اس کا کوئی حل تلاش کیا جائے۔ اس کا کوئی باہر نکلنے کا راستہ تلاش کیا جائے۔ اس سے دریافت کیا جائے۔ کیسے اس سے نکلا جا سکتا ہے۔ میرے خیال میں اس کا بڑا آسان سا حل ہے۔

سب سے پہلے تو ہمیں سمجھنا یہ چاہیے۔ اسلام کیا ہے۔ جس کے لیے ہم لڑ رہے ہیں۔ سب سے پہلے ہم طے کریں اسلام کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ اس آیت میں اپنا تعارف اپنی شناخت یوں کراتے ہیں۔

ھو اللہ ودہے

جس نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث کیا۔ اس سے یہاں یہ پتہ چلا کہ اللہ جل شانہٗ کے متعلق کوئی تصور کوئی عقیدہ، کوئی نظریہ رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ وہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتائی ہو یعنی رب جلیل نے اپنی شناخت یہ ارشاد فرمائی کہ اللہ کیسا ہے؟ اللہ کہاں ہے؟ اللہ کا حساب کیا ہے؟ اس کی ذات کیا ہے؟ وہ کیا سنتا ہے؟ کیا کرتا ہے؟ ہمیں اس سے کیا مل سکتا ہے؟ ہمیں اس کی کس طرح اطاعت کرنی چاہیے؟ ہمارا اس کا کیا تعلق ہے؟ کیا ہوگا، کیا نہیں ہوگا؟ جو کچھ بھی آپ اللہ جل شانہٗ سے منسوب کرنا چاہتے ہیں۔ اس کے لیے رب کریم نے ایک اتھارٹی مقرر کر دی ہے۔ اور وہ ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ بات طے ہو گئی کہ ہمیں ذات باری کی ذات کی صفات اور اس کے ساتھ تعلقات کے لیے آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر جانا ہوگا۔ وہاں جا کر کیا ہوگا۔ خلاف مزاج انسانی، خلاف قوت خلاف حکمت، خلاف عقل اگر کوئی بات ہو تو ہم نہ سمجھ سکیں نہ کر سکیں تو وہاں جا کر ہمیں کیا ملے گا۔ اللہ کریم فرماتے ہیں۔ یہاں کرنے کی بات نہیں بلکہ اللہ ایسا کریم ہے جس نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا ہے۔ بالہدیٰ۔ ہدیٰ عربی میں کہتے ہیں۔ کسی بھی کام کرنے کا صحیح ترین طریقہ، صحیح ترین انداز تو اللہ فرماتے ہیں کہ دنیا میں زندگی گزارنے کا صحیح ترین انداز جو ہے وہ نبی تمہیں تعلیم فرماتا ہے۔ اور مزے کی بات یہ ہے کہ

کسی بھی کام کے کرنے کا جو صحیح طریقہ ہوتا ہے وہ سب سے زیادہ آسان ترین ہوتا ہے۔ یعنی اگر کسی کام کو دوسرے طریقے سے کرنا چاہیں جو صحیح نہیں تو وہ طریقے مشکل ہوتے ہیں اور صحیح طریقہ آسان ہوتا ہے۔

تو اسلام کیا ہے؟ اللہ کریم فرماتے ہیں۔ انسانی زندگی کو گزارنے کا آسان ترین طریقہ اسلام ہے جو میرا نبی تعلیم فرماتا ہے۔ اور مزے کی بات یہ ہے کہ یہی زندگی گزارنے کا طریقہ مثلاً کمانا، کھانا، خرچ کرنا، سونا، جاگنا، دوستی، دشمنی۔ یہاں بھی ہم نے ایک ٹھوکر کھائی۔ ہم نے سمجھ لیا کہ نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ یہی اسلام ہے اور باقی بات ختم۔ نہیں یہ اسلام نہیں ہے یہ اسلام کا ایک شعبہ ہے کہ آپ کا ذاتی کوئی لمحہ اپنے پروردگار کے ساتھ بھی گزرے۔ کوئی ایسا بھی وقت ہو۔

اسے چھوڑ دو۔ پھر کیا ضرورت ہے اس کے لیے تڑپنے کی کہ جس سے بہتر راستہ ہم نے دریافت کر لیا ہے۔ پھر تو ہمارا مسئلہ ہی نہیں ہے اور اگر یہ بات درست نہیں ہے۔ بلکہ درست یہ ہے کہ جو حضور ﷺ فرماتے ہیں۔ وہی حق ہے۔ تو پھر ہمارا دماغ خراب ہے کہ ہم ایک بہترین راستے کو چھوڑ کر تکلیف دہ راستہ پر خود چلیں۔ سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ ہم بجائے اس کے مولوی یا پیر کو IMPORT کریں خود اپنے آپ کو واپس لائیں۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دروازے پر اور اپنا ذاتی تعلق اللہ اور اللہ کے رسول کے درست کر لیں۔ سیدھا کر لیں۔ استوار کر لیں۔ اور خود اس بات پہ جم جائیں کہ میں اللہ تیرا بندہ ہوں۔ تیرا امتی ہوں۔ کمزور ہوں، معاشرہ سخت ہے۔ لیکن تو تو کمزور نہیں ہے۔ میں کمزور ہوں معاشرہ میرے لیے سخت ہے۔ خدایا تیرے لیے ہیں۔ تو نے تو مکہ کے صحرانشینوں کے لیے روئے زمین کے معاشروں کو مسخر کر دیا تھا۔ اس معاشرہ میں تو کوئی جان نہیں۔ خدا کی قسم اس معاشرہ کی اقدار ختم ہو چکی ہیں۔ یہ عیسائی ہو کر گرجے بیچ کر کھا رہے ہیں۔ ان میں کہاں جان ہے بھئی! اس میں صرف فحاشی ہے۔ بے حیائی ہے۔ رنگینی ہے بے راہ روی ہے۔ اس میں معاشرہ کی اقدار ختم ہو چکی ہیں۔ معاشرہ وہ سخت ہوتا ہے۔ جن میں اپنی اقدار اور حدود ہوتی ہیں۔ جیسے مشرکین مکہ کا معاشرہ تھا۔ یہود مدینہ کا ایک معاشرہ تھا۔ نصاریٰ عرب کا ایک معاشرہ تھا۔ ان کی حدود تھیں۔ ان کے قوانین تھے۔ حدود تھیں جن سے باہر وہ کسی کو نکلنے نہیں دیتے تھے۔ ان کا تو کچھ رہا ہی نہیں۔ یہ تو اپنے آپ کو بھی بیچ کر کھا چکے ہیں۔ ان میں تو کوئی جان ہی نہیں ہے۔ نہیں تو ڈرنا چاہیئے تھا۔ اس بات سے کہ یہ چھوٹا سا جزیرہ ہے اور اس پر کم و بیش ۲۰ لاکھ مسلمان ہے۔ تو ڈرنا تو انگریز کو چاہیئے تھا کہ برطانیہ تو اسلامی ریاست میں تبدیل ہو جائے گا۔ یہ تو سب کو مسلمان بنالیں گے۔ اس کا مطلب ہے ۲۰ لاکھ پیروکار ہیں، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے۔ ۲۰ لاکھ قرآن اور سنت پہ عمل کرنے والے انسان ہیں۔ ۲۰ لاکھ آدمیوں کے ساتھ خدائی طاقت ہے۔ تو یہاں جو فری اسٹائل رہ رہے ہیں یہ ان کے سامنے کتنے دن ٹھہریں گے۔ ڈرنا تو انہیں چاہیئے تھا کہ یہ ریاست کو سجدہ کر لیں۔ صرف اللہ کی ذات سے مخاطب ہوں۔ صرف اللہ کے روبرو اپنی درخواست پیش کر رہے ہوں۔ ورنہ اسلام ہے۔ ہوش سنبھالنے سے لیکر جان جان آفریں کے سامنے سپرد کرنے تک۔ جو بھی ہماری ضرورتیں ہیں۔ ان کو ہم نے کس طرح پورا کرنا ہے اگر اس کی تعلیم ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لی ہے تو یہ اسلام ہے۔ حضور جو طریقہ تعلیم فرماتے ہیں وہ روئے زمین کے طریقوں سے آسان اور سہل ہے۔ مزے کی بات یہ ہے۔ اللہ فرماتا ہے میں نے اس کو تمہارا مذہب قرار دے دیا۔ اللہ فرماتا ہے "دین الحق"۔ یعنی زندگی گزارنے کا جو اسلوب ہے وہی دین الحق ہے۔ اس کے علاوہ میں نے زندگی گزارنے کا کوئی اور بوجھ نہیں ڈالا۔ زندگی گزارنے کے لیے کوئی مزید پابندی ہو۔ اگر یہ اسلام ہے۔ اور ہم اپنی زندگی گزارنے میں حضور کی اطاعت نہیں کرتے اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے اسلامی زندگی اختیار کریں تو کیا یہ "دیوانے کا خواب نہیں ہے؟" جس چیز کو ہم اپناتے نہیں ہیں۔ ہم آپ اپنے لیے مفید نہیں سمجھتے۔ ہم اپنے وجود پر مسلط نہیں کرتے۔ اپنے ارادوں میں جس کو جگہ نہیں دیتے۔ خود اسے تسلیم نہیں کرتے۔ تو کیسے یہ ہم امید رکھتے ہیں کہ گھر میں ہمارا بچہ اسے قبول کر لے گا۔ ہم سے سیکھ لے گا ہمارے کہنے پر۔ مسجد کے سامنے بچے کو ڈراپ کر دیتے ہیں۔ اور کہتے جاؤ، جاکر نماز پڑھ لو میرے پاس وقت نہیں ہے۔ کیا بے معنی بات ہے۔ یعنی بچہ اگر یہ سیکھے گا کہ یہ فالتو کام ہے۔ میں فارغ ہوں اس لیے میں

کر لوں۔ ابو فارغ نہیں، وہ نہ کریں۔ کل جب اس کو کام ہو گا وہ بھی نہیں کرے گا۔ وہ فارغ نہیں ہو گا۔ تو وہ بھی یہ کام نہیں کرے گا کہ اس کے پاس وقت نہیں ہے۔ اسی طرح اگر ہمیں یہ کاروبار انداز زندگی ہے۔ اگر ہم اپنے ساتھ اور اپنی اولادوں کے ساتھ مخلص ہیں اور سچے ہیں اور ان کے ساتھ دھوکہ نہیں کرنا چاہیئے تو سب سے پہلی بات یہ ہے کہ ہمیں خود حضورؐ کے دروازے پر آنا ہو گا۔ یا ہم یہ فیصلہ کریں کہ حضور جو کچھ سکھاتے ہیں، وہ ناقابل یقین ہے۔ ناقابل عمل ہے۔ یا اس کے علاوہ جو ہم نے اختیار کر رکھا ہے۔ وہ اس سے بہتر راستہ ہے۔ اگر ایسا ہے تو اسلام ہمارا پرابلم ہی ایک اسلامی ریاست بن جائے گی۔ لیکن وہ بغلیں بجا رہے ہیں کہ آئندہ ۲۰ سالوں میں ہم انہیں ہضم کر لیں گے۔ اور ڈر مسلمان رہا ہے۔ واقعی کہ میں ختم ہو جاؤں گا۔ تو اس کا پہلا علاج یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو واپس لے آئیں۔ اگر خود کو واپس نہیں لا سکتے تو یہ غیر ملکی امداد ہمارے کسی کام نہیں آ سکتی۔

وہ فوج ہرگز نہیں لڑ سکتی۔ سارے دنیا کا اسلحہ بارود لا دو، وہ اس سے دشمن چھین لے گا۔ وہ اس کے کسی کام نہیں آئیگا۔

دوسری بات یہ ہے کہ مولوی اور پیر کا ایک بڑا مقام ہے اسلام میں۔ بہت قابل احترام، قابل عزت۔ اس کی تعظیم ہونی چاہیئے۔ یاد رہے کہ جہاں تک میں سمجھ سکتا ہوں ہم مولوی اس مسلمان کو کہتے ہیں جس نے ضروریات زندگی سے زیادہ تحقیقی علم حاصل کیا ہو۔ ایک علم ہے۔ HOW TO LIVE,

WHAT TO DO AND HOW TO DO?

کھانا کیا ہے۔ پینا کیا ہے؟ دکان پر کیسے جانا ہے؟ بازار میں کیسے جانا ہے؟ بات کرنے کے آداب کیا ہیں؟ ماں باپ کو کیسے TREAT کرنا۔ بیوی بچوں سے کیسے ڈیل کرنا ہے؟ یہ جو روزمرہ کی ضروریات ہیں۔ ان کا سیکھنا فرائض کا سیکھنا ہر مسلمان پر فرض ہے سنتوں کا سیکھنا سنت ہے۔ واجبات کا سیکھنا واجب ہے۔ یہ تو مسلمان ہونے کی مجبوری ہے۔ اب اس سے زیادہ اگر کوئی شخص وقت لگا کر تحقیقی علم حاصل کرتا ہے تو وہ مولوی کہلاتا ہے۔ اب اس کا مقام یہ ہے کہ جہاں ہمیں کسی تحقیق کی ضرورت پڑے۔ وہاں وہ اللہ اور اللہ کے رسول کی صاف اور نکھری ہوئی بات ہمیں پہنچا رہے۔ اور رسول اللہ کے ارشادات کی ایک پہچان ہے۔ اللہ کریم نے آپ کے معجزات میں ارشاد فرمایا ہے کہ اے اہل علم تم سب ایک دوسرے کے گلے کاٹ رہے تھے۔ بعثت نبوی نے تمہارے دلوں کو محبتوں سے سیراب کر دیا۔ اور دوسری صبح سے تم ایک دوسرے پر جانیں نچھاور کرنے لگے۔ یعنی علوم نبوت کی بنیادی نشانی یہ ہے کہ آپ میں محبتیں آئیں گی۔ نفرتیں نہیں آئیں گی۔ جو بات حضور نبی اکرمؐ سے آئے گی وہ آپ کو شفقتیں دے گی محبتیں دے گی۔ رحمتیں دے گی۔ نفرتیں نہیں دے گی۔ اگر کوئی شخص اس راستے سے ہٹتا ہے تو اسے ہم لاعلمی سمجھ کر قبول کریں گے۔ تو یہ اپنے ساتھ زیادتی ہے کہ جیسے زہر کو اگر کوئی مٹھائی سمجھ کر کھاتا ہے۔ دوسرا ادارہ ہے INSTITUTION ہے یہ پیر مولوی سے کروڑوں گنا زیادہ محترم ہوتا ہے۔ اور یہ ایک باقاعدہ ادارہ ہے۔ اسلام کا۔ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف الفاظ نہیں منتقل فرمائے۔ بلکہ جہاں آپ نے تعلیمات ارشاد فرمائیں وہاں برکات بھی بانٹیں ہیں۔ اور جو قلوب حضور کی مجلس میں پہنچے وہ "نور علیٰ نور" ہو گئے۔ اور ایک نگاہ میں آنیوالا صحابی بن گیا۔ یعنی ایک آدمی عام سطح سے اٹھ کر انسانی عظمت کی ان بلندیوں تک پہنچا جو نبوت کے بعد سب سے اعلیٰ ترین مقام ہے۔ یہ تھا حضور کی مجلس کا، آپ کی صحبت کا فیض۔ آپ کی "برکات"۔

صحابی کے پاس جو پہنچے وہ "تابعی" بنے۔ "تبع تابعین" بنے۔ اسی طرح کسی نے تفسیر میں تحقیق کی۔ کسی نے فقہ میں۔ فقیہ کہلایا۔ حدیث میں تحقیق کی محدث کہلایا۔ بعض لوگوں نے یہ علوم فقہ، حدیث، تفسیر ان میں تحقیقی درجہ حاصل کرنے کے بعد اہل اللہ کی مجالس میں عمریں صرف کر کے وہ قلبی کیفیات حاصل کیں۔ جو اللہ کا قرب اور اللہ کی تجلیات اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی برکات کا نام ہے۔ جن کے سینوں میں وہ نور انبوت بھی آ گئی ہے۔ اس علم کے ساتھ وہ "پیر" کہلائے۔ اور ہمیں اسکی ضرورت اس لیے پڑ گئی کہ عالم نے انہیں بات بتائی۔ لیکن پیر نے بات بھی بتائی اور اس کے ساتھ جذبہ بھی عنایت کیا۔ کام کرنے کی جرأت بھی دی۔ لیکن افسوس یہ ہے کہ ہم وہاں بھی دھوکہ کھا گئے۔ اور جو لوگ خود عملی زندگی سے محروم ہیں ہم انہیں پیر سمجھ بیٹھے۔ یہ عجیب

بات سے ہے کہ جو شخص اپنے آپ کو بھی سنبھال نہیں سکے وہ دوسرے کا بوجھ کب اٹھائے گا۔ حق تو یہ تھا۔ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نے عرض کیا تھا کہ آپؐ یا رسول اللہ دنیا سے پردہ فرما جائیں گے۔ اور پھر صحابہ کا دور ختم ہو جائے گا تو یہ بعد میں آنیوالے کیسے تلاش کریں گے کہ یہ اللہ کا بندہ ہے۔ یہ نیک آدمی ہے۔ یہ ولی اللہ ہے۔ یا جسے آج کی زبان میں آپ پیر کہتے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ اس کی نشانی یہ ہوگی کہ اس کے پاس چند لمحے بیٹھنے سے خدا یاد آجائے۔ بیٹھا تو بندہ کے پاس ہے لیکن دل میں اللہ کی یاد آجائے۔ اس لیے محترم تھے یہ دونوں ادارے کہ مولوی امین تھا۔ تعلیمات نبوی کا۔ اور پیر امین تھا۔ تعلیمات نبوی کا بھی اور برکات نبوی کا بھی۔ اگر تو ہم باقاعدہ یہ چیزیں دیکھ کر پہچان کر۔ اگر اسی بنائے کے لوگ ہمیں ملتے تو ان کے قدموں میں آنکھیں بچھاتے تو بھی کم تھا۔ لیکن محض اس نام پر پیر [illegible] جیسے وہ زمانہ تھا اپنے آپ کے ساتھ زیادتی تھی۔ جو ہم کر رہے ہیں۔ اور ہمارے ہاں بھی ایک رواج بن چکا ہے۔ نہ صرف ان اداروں میں بلکہ سیاست میں بھی یہ رواج بن گیا ہے۔ بھٹو صاحب جب تھے تو بے نظیر کو کوئی نہیں جانتا تھا۔ جس رات وہ فوت ہوئے صبح بے نظیر لیڈر بن گئی۔

ہمارے مولانا مفتی محمود مرحوم جب تک زندہ تھے تو مولانا فضل الرحمٰن کو کوئی نہیں جانتا تھا۔ ہم خود بھی نہیں جانتے تھے۔ جب مفتی صاحب کا انتقال ہوا، فضل الرحمٰن صاحب لیڈر بن گئے۔ اسی طرح ہمارے ہاں ایک رواج چل نکلا ہے موروثیت کا اسی طرح ایک خطرناک مرض پیری مریدی میں بھی مسلط ہے۔ کہ رات تک بندہ کچھ بھی نہیں ہوتا۔ رات کو والد بزرگوار کی آنکھیں بند ہوئیں صبح وہ پیر بن گیا۔ یار! یہ ایک ادارہ ہے۔ ایک INSTITUTION ہے۔ اس کے لیے علم حاصل کرنا پڑتا ہے اس کے لیے محنت کرنی پڑتی ہے۔ اس کے لیے سیکھنا پڑتا ہے۔ اس کے لیے وہ دل جذبات حاصل کرنے پڑتے ہیں۔ اس کیلئے عمر صرف کرنا پڑتی ہے۔ یہ اس طرح کیسے ہو جاتا ہے؟

ان سارے حقائق کو مد نظر رکھ کر اگر اس بات پر لوگ ملیں تو اللہ کا احسان ہے۔ اور اگر نہ ملے تو اسلام صرف مولوی اور صرف پیر کا نہیں۔ میرا اور آپ کا بھی اتنا ہی ہے۔ اللہ اور رسولؐ کے ساتھ میرا اور آپ کا بھی اتنا ہی حق ہے۔ سب سے پہلے ہم خود تو واپس پہنچیں وہاں۔ جو کہ اللہ کا بھی ایک وعدہ ہے۔

فرمایا:" ........ جس کے دل میں خلاصیت یعنی خلوص کے ساتھ اللہ کی اطاعت کا ذرہ پیدا ہو جائے۔" اللہ فرماتا ہے" اس کا اہتمام میں خود کر دیتا ہوں۔" لیکن ہماری مصیبت یہ ہے کہ ہم نے یہ سوچنا شروع کر دیا کہ میں جہاں ہوں مجھے کوئی DISTURB نہ کرے۔ لیکن ان آنے والوں کی اصلاح کرے۔ یہ صحیح نہیں ہے۔ ہمیں DISTURB ہونا پڑے گا۔ اگر ہم کسی دوسرے کو بدلنا چاہتے ہیں۔ تو سب سے پہلے ہمیں اپنے آپ میں تبدیلی لانا پڑے گی۔ ہمیں خود دین سیکھنا ہوگا۔ ہمیں خود کو مسلمان ثابت کرنا پڑے گا۔ ہمیں خود اپنے تعلقات رب العالمین سے مضبوط کرتے ہوں گے۔ ہمیں خود اپنی وفاداری عملی زندگی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت کرنا ہوگی۔ صرف کہہ دینے سے کوئی آدمی یہ مانتا ہے کہ میں نے کھانا کھالیا کھائے بغیر۔ وہ زندہ رہ سکتا ہے؟ اسی طرح ساری عمر کوئی کہتا رہے کہ میں حضورؐ کا غلام ہوں۔ حضور کا غلام ہوں۔ اور آپ کی اطاعت نہ کرے

ہم امید یہ رکھتے ہیں کہ ہم پر کرم وہ ہو جو صحابہ کرام پر تھا۔ اس لیے کہ ہم کہتے ہیں کہ ہم حضور کے غلام ہیں اور کرتے کچھ نہیں۔ تو اس مرض کا سب سے بہترین علاج یہ ہے۔ سب سے آسان علاج یہ ہے کہ یہ ہماری ضرورت ہے کہ ہم خود اپنے آپ کو لیکر اللہ کی بارگاہ میں واپس آجائیں۔ اور اس بات کے لیے میرے خیال میں ہمیں ایک دوسرے کا انتظار کرنے کی ضرورت نہیں۔ مجھے اپنے فائدے کے لیے جانا ہے۔ دوسرے نے اپنے فائدہ کے لیے جانا ہے۔ وہ ایسی بارگاہ ہے وہاں جو پہنچے گا اس کی بات تو سنور جائے گی۔ جو نہیں جائے گا۔ اس کی اپنی بگڑے گی۔ دوسرے کا کچھ نہیں جائے گا۔ بڑی سمپل سی بات ہے۔ اس میں کوئی ناراض ہونے والی بات نہیں ہے۔ بڑی سیدھی سی، سادہ سی بات ہے۔ ہمارا اصل پرابلم یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو چھوڑ کر دوسروں کی بات کرتے ہیں۔ لیکن اسلام دوسروں سے پہلے اپنے آپ کو DISCUSS کرنے کی تلقین کرتا ہے۔ کہ پہلے اپنی خبر لو، اپنا معاملہ درست کر لو۔ اپنے آپ کو لے کر وہاں پہنچو۔ اور بڑی شفقت ہے رب جلیل کی۔ اب ہم یہاں آئے ہیں۔ آتے وقت اتنا سفر کر کے واپس جاتے وقت بھی اتنا سفر کرنا پڑے گا۔ اتنا فاصلہ طے کرنا پڑے گا۔ اتنا ہی

وقت لگے گا۔ لیکن اللہ کی بارگاہ سے کوئی کتنا ہی دور کیوں نہ چلا گیا ہو۔ وہاں سے واپس آنا چاہیے۔ اور کہہ دے کہ اے اللہ میں واپس آنا چاہتا ہوں۔ تو اللہ فرماتے ہیں۔ میں ایک پل میں وصول کر لیتا ہوں۔ یعنی اگر۔ اسال آدمی گناہ کرتا رہا ہے تو واپسی کے لیے اس کو۔ اسال نہیں چاہئیں۔ ایک لمحہ میں وہ واپس پہنچ سکتا ہے۔ اگر وہ تجزیہ کر کے خود ما پنے ذات سے یہ فیصلہ کرے کہ مجھے یہ کرنا ہے اور اگر اپنے اندر خود یہ فیصلہ نہ کرے تو خارجی کوئی طاقت اس کا کچھ بگاڑ یا سنوار نہیں سکتے۔

یہ تھے وہ چند ٹوٹے پھوٹے الفاظ جو ان چند دنوں میں میں سمجھ سکا یا جس معاملہ میں آپ کو کوئی مشورہ دینے کے قابل ہو سکا۔ میں آپ کو مجبور نہیں کر سکتا کہ میرا تجزیہ صحیح ہے یا نہیں یہ دعویٰ رکھتا ہوں کہ جو راستہ میں نے بتایا ہے وہ صحیح ہے۔ یہ آپکی پسند پہ ہے۔ آپ کی اپنی ضرورتیں ہیں۔ یہ آپ کی صوابدید پہ ہے لیکن میں آپ کو دعوت فکر ضرور دوں گا کہ آپ کبھی کسی لمحہ، تنہائی میں بیٹھ کر۔ ان باتوں پر ضرور غور فرمائیں۔ آپ اپنا ذاتی تجزیہ ضرور کیجیے۔ آپ کو پسند آئے۔ تو آپ کو بڑی محتاجی بھی نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ آپ کا بھی اتنا ہے۔ اس کا دروازہ ہر آن کھلا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہر مسلمان کا اتنا ہی تعلق ہے۔ آپ کی بارگاہ کھلی ہے۔ کوئی دعا کر کے دیکھے۔ بات سادہ سی یہ ہے کہ کوئی دعا کر کے دیکھے۔

# درود شریف اور استغفار

حضرت رابعہ بصریؒ سے کسی نے سوال کیا کہ درود شریف کو کثرت سے پڑھوں یا استغفار کو۔ انہوں نے جواب دیا کہ استغفار بمنزلہ جھاڑو کے ہے۔ یعنی اس سے گناہ معاف ہوتے ہیں اور درود شریف کی مثال عطر کی ہے۔ جھاڑو دینے کے بعد اگر عطر چھڑکا جائے تو نوراً علیٰ نور ہو جاتا ہے اگر غلاظت کے ڈھیر پڑے ہوں۔ ان پر چاہے جتنی عطر کی شیشیاں چھڑک دو۔ لیکن خوشبو نہیں آئے گی۔

لا الٰہ الا اللہ کو کثرت سے پڑھا کرو۔ اس سے گناہوں سے نفرت پیدا ہوگی۔ اور قرب خداوندی حاصل ہوگا۔ درود شریف بھی کثرت سے پڑھا کرو۔ اس کی برکت سے رزق کی فراخی حاصل ہوگی۔ اور مصائب میں کمی واقع ہوگی۔ روزانہ کم از کم ایک ایک تسبیح درود شریف، استغفار اور لا الٰہ الا اللہ کی پڑھا کرو۔ ہر نماز کے بعد سورۃ فاتحہ اور آیۃ الکرسی پڑھا کرو۔ سوتے وقت تسبیح فاطمہ پڑھا کرو۔ اس سے بھی رزق کی فراخی حاصل ہوگی۔ نماز سب عبادات کا سر ہے۔ خود بھی نماز باجماعت ادا کرو اور گھر والوں کو بھی نماز کی پابندی کراؤ۔ زندگی کو غنیمت جانو۔ قضاء شدہ نمازوں کو لوٹاؤ۔ معاملات کی اصلاح کرو۔ میں رواجی قسم کا پیر نہیں ہوں۔ اپنا بوجھ نہیں اٹھا سکتا تو دوسروں کا کیسے اٹھاؤں گا؟

حضرت مولانا اللہ یار خان رحمۃ اللہ علیہ

# علومِ دین و دُنیا

حضرت مولانا محمّد اکرم

ربِ جلیل نے تخلیقِ آدم علیہ السلام کا واقعہ ارشاد فرماتے ہوئے جہاں یہ ارشاد فرمایا کہ فرشتوں کو جب یہ اطلاع دی گئی۔

اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِیۡفَۃً ۔ میں زمین پر اپنا ایک نائب پیدا کرنا چاہتا ہوں ایک ایسا بندہ جو میری دوسری مخلوق پر تصرف کرنے کا اختیار رکھتا ہو میری طرف سے۔ اسے یہ حق حاصل ہو کہ وہ دوسری مخلوق سے فائدہ حاصل کرے اور اس کی یہ عزت اور یہ شان ہو کہ وہ میرا نائب ہو۔

خلیفہ عربی میں اُس شخص کے لیے آتا ہے جو کسی کے قائم مقام اُس کا حکم اور اُس کی منشا کے مطابق کسی فرض کو سرانجام دیتا ہے اُسی کا حکم نافذ کرتا ہے۔

تو فرشتوں نے بڑی معصومیت سے یہ بات عرض کی یا الٰہی اگر تو اِس مخلوق سے مراد یہی ہے کہ وہ آپ کی تسبیح بیان کرے پاکی بیان کرے، حمد و ثنا کرے عبادت کرے، سجدے کرے تو اُس کام میں تو ہم کمی نہیں کر رہے نَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِكَ وَ نُقَدِّسُ لَكَ تیری تسبیح تیری پاکیزگی تیری عظمت کے بیان کے لیے تو فرشتوں کے بے شمار گروہ در گروہ موجود ہیں۔ اور زمین پر اِس سے پہلے آپ نے جو مخلوق پیدا فرمائی تو کیونکہ جنات پہلے آباد تھے زمین پر آپس میں لڑتے قتل کرتے۔ یک دوسرے پر خونریزیاں کرتے برائی کرتے پھر اللہ کریم فرشتوں کو بھیجتے تو انہیں سزا دیتے اور اُن میں سے کسی نیک کو امیر بناتے اس کی اطاعت پر کاربند رہنے کا حکم دے کر چلے جاتے۔ کچھ عرصہ بعد پھر حالات بگڑ جاتے۔ تو وہ تجربہ تھا فرشتوں کو۔ انہوں نے کہا کہ ربِ جلیل اور جو مخلوق زمین پر آئے گی۔ وہ خونریزی ہی کرے گی۔ زمینی مخلوق کے تو مزاج میں یہ بات ہے کہ آپ نے جو پہلے درندے پیدا کیے ہیں وہ حیوانات کو کھاتے ہیں جو پرندے پیدا کیے ہیں وہ آدھے پرندوں کو کھا جاتے ہیں۔ آپ نے جنات پیدا کیے وہ ایک دوسرے کو قتل کرتے ہیں ایک اور مخلوق ہو گی تو وہ بھی کوئی فساد پیدا کرے گی۔ ربِ جلیل نے فرمایا میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے تم

تو اتنا ہی جانتے ہو جو میں نے تمہیں بتا دیا ہے لیکن اُس وقت فضیلتِ آدمیت کو فرشتوں پر واضح کرنے کے لیے کیونکہ ربِ جلیل کا قانون یہ ہے قدرت اُس کی یہ ہے کہ وہ جو چاہے کرے کوئی نہیں روک سکتا۔ قانون یہ ہے کہ کسی سے زبردستی نہیں کرتا فرشتوں سے صرف یہ فرمانا کہ خاموش رہو تو بھی کافی تھا لیکن فرمایا نہیں آؤ تمہیں آدم کا کمال دکھائیں کہ جو خلیفہ یا نائب پیدا کرنا چاہتا ہوں۔

تو آدم علیٰ نبینا علی صلوٰۃ والسلام کو اللہ کریم فرماتے ہیں۔ ہم نے کائنات کے تمام چیزوں، اشیاء کے نام خصوصیات۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا۔ تو یہ جتنے علوم ہیں جتنے الفاظ ہیں حقیقتاً یہ سارے ہی اسموں سے ہیں کوئی کسی چیز کا نام ہوتا ہے کوئی کسی فعل کا نام ہوتا ہے ہوتے تو سارے ہی نام ہیں۔ جن سے علم بنتا ہے تو اللہ کریم فرماتے ہیں۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا۔ کائنات کی وسعتوں میں جس قدر چیزیں اُن کی خصوصیات اُن کے اوصاف اُن کے فوائد اُن کے نقصانات ہیں، میں نے تمام کے تمام اُس کو ازبر کرا دیا اور پھر فرشتوں سے بات کی تو فرمایا۔ اَنْۢبِـُٔوْنِیْ بِاَسْمَآءِ هٰۤؤُلَآءِ۔ کہ یہ جو کائنات کی وسعتوں میں اور ارض و سما کی پنہائیوں میں چیزیں تمہیں نظر آ رہی ہیں اِن کے متعلق تم جانتے ہو؟ بتاؤ۔ تو انہوں نے کہا لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا۔ ہم کیسے جان سکتے ہیں۔ بار الٰہا ہم تو وہی کچھ جانتے ہیں جو آپ بتا دیتے ہیں۔ جاننا تو آپ کا کام ہے آپ کی صفت ہے۔

پھر جب آدم علیہ السلام کو حکم دیا۔

تو انہوں نے فر فر وہ چیزیں دُہرا دیں۔ اللہ کریم نے فرمایا کہ میں بہتر جانتا ہوں تم سے اور تمام فرشتوں کو حکم دیا کہ وہ آدم علیہ السلام کو سجدہ کریں۔

تو اس تفصیل کو عرض کرنے سے مقصد یہ تھا کہ فضیلتِ انسانیت کا سبب علم ہے جہاں سے علم رخصت ہو جائے یا جو شخص علم حاصل نہیں کرتا اُس نے گویا آدمیت کی اور انسانیت کی فضیلت ضائع کر دی۔ اِس لیے ارشاد ہوتا ہے۔
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ۔ تخلیقی طور پر ہم نے انسان کو بہت بہترین انداز میں پیدا کیا لیکن جب وہ انسانی خصوصیات کو حاصل نہیں کرتا اُس سے روگردانی کرتا ہے انہیں چھوڑ دیتا ہے۔ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَ۔ تو پھر وہ بہت نیچے گر جاتا ہے یعنی جو گھٹیا ترین مخلوق ہے اُس سے بھی نیچے چلا جاتا ہے فضیلتِ آدمیت ہے ہی علم۔ لیکن علم وہ جو مکمل ہو۔ ادھورا علم کبھی نفع نہیں پہنچاتا۔ آپ کسی فن میں دیکھ لیں آپ دنیا کی تجارت یا کاروبارِ بازار میں دیکھ لیں ملازمت میں دیکھ لیں کوئی بھی آدمی جو آدھا کام جانتا ہے وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتا اور کبھی نہ اپنا فائدہ کرتا ہے اور نہ دوسرے کو کوئی فائدہ پہنچاتا ہے پہلے ہمیشہ کسی نہ کسی وقت اتنا بڑا نقصان کر بیٹھتا ہے کہ جو اُس کے فائدے کی نسبت بہت بڑا ہوتا ہے۔

اس طرح یہ بھی ایک کامل صورت ہے اور وہ یہ ہے کہ اِس کے دو حصے ہیں ایک حصہ انسانی جسم سے متعلق ہے اسے کیا کھانا ہے کیا پینا ہے اِس کے لیے کیا چیز نفع بخش ہے اسے کیا چیز نقصان دے گی کس چیز سے اِس کی صحت درست رہے گی کس چیز سے بگڑ جائے گی یہ ساری چیزیں علم الابدان کہلاتی ہیں، جسموں کا علم ابدان کا علم۔

دوسرا شعبہ ہے علم کا انسان کی روح کے متعلق تو یہ کیا شے ہے یہ کہاں سے آئی انسان کو کس نے پیدا کیا یہ کہاں سے آ رہا ہے اِس کی موت کیا چیز ہے یہ پلٹ کر کہاں جا رہا ہے یہ ساری مخلوق ایک سمت رواں دواں ہے لاکھوں لوگ کروڑوں لوگ

زیر زمین چلے جا رہے ہیں کہاں جا رہے
ہیں کیا یہی زندگی کا خاتمہ ہے انجام ہے
یہاں بس ہے یا اس کے بعد کچھ ہے یا
اس سمت رواں دواں رکھنے سے کیا مطلب
ہے کس نے اسے پیدا کیا ان سارے سوالوں
کا جواب اُس علم میں ہے جو انسان کی روح
انسان کی تخلیق اُس کے خالق اُس کی موت
اور ما بعد الموت ۔ موت کے بعد کیا ہے اس
کو زیر بحث لاتا ہے اس سارے علم کو
علم الادیان کہتے ہیں یعنی دین کے بارے
معلومات ۔

اب تکمیل انسانیت یہ ہے کہ جس طرح آدم علی نبینا علیہ الصلوٰۃ والسلام ذات باری سے بھی اس طرح قریب تھے کہ براہ راست انہیں مخاطبہ باری حاصل تھا، مکالمہ باری حاصل تھا اللہ کریم براہ راست انہیں تعلیم فرما رہے ہیں ۔ اللہ کریم براہ راست انہیں حکم دے رہے ہیں اللہ کریم اُن سے بات کر رہے ہیں ۔ اسی طرح دنیا کی تمام چیزوں سے بھی وہ اس طرح واقف ہوئے کہ اللہ نے انہیں وہ ساری چیزیں بتا دیں ۔

اب وہاں سے آگے جب یہ علوم چلے تو بدن کے متعلق جاننے کے لیے تو عقل کی ضرورت پڑتی ہے صرف دماغ کی ۔ اُس میں نیک و بد مومن و کافر کی طرح کا کوئی فرق نہ تھا مومن بھی سیکھ سکتا ہے نیک انسان بھی سیکھ سکتا ہے گنہگار ، بدکار فاسق و فاجر بھی سیکھ سکتا ہے سارے وہ علوم جو بدن کے متعلق ہیں اور دماغ کی سلامتی سے تعلق رکھتے ہیں اگر اس کا دماغ درست ہے وہ محنت شروع کر دے وہ بھی سیکھ سکتا ہے ۔ نیک آدمی بھی اچھا ڈاکٹر بن سکتا ہے بدکار بھی اچھا ڈاکٹر بن سکتا ہے نیک آدمی بھی اچھا مستری بن سکتا ہے بدکار بھی بن سکتا ہے جہاں مومن بن سکتا ہے وہاں کافر بھی بن سکتا ہے اُس کے لیے کسی باطنی کیفیت کی ضرورت نہیں ۔ اور یہ علم انسانوں سے انسانوں کو دماغ کے راستے سے منتقل ہوتا ہے

دوسرا علم جو دین کے متعلق ہے روح کے متعلق ذات باری اور صفات باری کے متعلق زندگی اور موت اور آخرت کے متعلق تھا وہ علم اتنا قیمتی تھا کہ وہ علم انسانیت کو جب بھی ملا ، براہ راست رب العالمین سے ملا ۔ انسان انسانوں کو نہیں سکھا سکتا ۔ ہر ایک اور ہر زمانے میں اللہ نے نبی مبعوث فرمائے جنہیں خود تعلیم فرمائی اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے اُس علم کو یوں تقسیم فرمایا کہ اُس کی بنیادی شرط یہ ٹھہری کہ جو نبی پر ایمان لاتا اُس کے دل میں نورِ ایمان ہوتا اسے نبی کی تعلیمات سے فائدہ ملتا اور اگر دل میں ایمان نہ لاتا تو تعلیمات فائدہ نہ دیتیں ۔ اسی طرح ایمان کے بعد مقام آ گیا نیکی کا ۔ تو ایمان لانے کے بعد جو جتنی نیکی اختیار کرتا اتنی زیادہ باتیں اس کے دل میں گھر کر جاتیں اور جو نیکی میں پیچھے رہ جاتا علوم نبوت سے اتنا تھوڑا حصہ پاتا حالانکہ ایک ہی مجلس میں سب بیٹھے ایک ہی بات سنتے ایک ہی جگہ سارا کام ہوتا لیکن جو جو قلبی استعداد تھی پھر سب سے بڑی بات یہ کہ دین کا علم دماغ کی وراثت نہ رہا یعنی دماغ درست ہو دل میں نورِ ایمان نہ ہو تو دین کی سمجھ نہیں آئے گی ۔

اب آپ دیکھتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تعلیم فرماتے ہیں ۔ اور کتنے لوگ ہیں جو کفر کی موت مرے اور گمراہی میں رہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے براہ راست سن کر اس کا اُن پر کوئی اثر نہ ہوا ۔ اس لیے کہ دلوں میں وہ نرمی نہیں تھی جو ایمان کو قبول کرتی ۔ آپ آج دیکھ لیں کہ بعض مغربی محققین دینی علوم پر بڑی تحقیق کرتے ہیں ۔ بڑا زور لگاتے ہیں وہ عربی ادب پڑھتے ہیں پھر تفاسیر پڑھتے ہیں ، حدیث پڑھتے ہیں ساری ساری عمر انہوں نے اس پر لگا دی اور اس کے بعد انہیں حاصل کیا ہوتا ہے چند بے وقوفوں جیسے اعتراض جنہیں وہ خود بھی سمجھ رہے تھے کہ اس کی کوئی قیمت نہیں ۔ اُن کی عملی زندگی نہیں بدلتی وہ نیک نہیں ہوتے وہ بھلے انسان نہیں بنتے اُس سے کوئی فائدہ نہیں پاتے اس کے برعکس اس کا تعلق دل سے اور نورِ ایمان سے اس طرح ہے کہ ایک وہ آدمی جس کے دل میں نورِ ایمان ہو اگر اسے عربی ادب نہیں آتا وہ قرآن حکیم کا ترجمہ نہیں سمجھتا اور حدیث شریف کا معنی نہیں

سمجھتا اس کے باوجود وہ قرآن پاک کی تلاوت کرتا رہتا ہے تو وہ نیک ہو جاتا ہے اُس کے حالات بدل جاتے ہیں اُس کی سوچ بدل جاتی ہے اُس پر اس کا اثر ہوتا ہے اور اگر وہ ترجمہ سمجھتا ہو تو نورٌ علیٰ نور ہوتا ہے۔

اس لیے کہ علم دین ہمیشہ براہ راست رب العزت نے خود تعلیم فرمائی۔ فرمایا انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو اور انبیاء کو جو تعلیم اللہ کریم کی طرف سے ہوئی اُس کا تعلق اُن کے اذہان پاک سے نہیں تھا اُس کا تعلق اُن کے قلوب مطہرہ سے تھا۔ اللہ کی طرف سے جب کلام الٰہی نازل ہوا تو اس کا مہبط بھی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قلب اطہر تھا حالانکہ آپ کا دماغ عالی بھی کائنات کے تمام دماغوں میں بے مثل تھا۔ لیکن تعلیمات باری اور علوم الٰہیات کے نزول کا اور کلام الٰہی کے نزول کی جگہ آپ کا قلب اطہر تھا۔

تو علم دین جو ہے یہ دلوں سے دلوں کو سفر کرتا ہے سب سے بنیادی شرط تو نورِ ایمان ہے اگر نورِ ایمان نہ ہو تو اُس کی قیمت کا آدمی کو احساس ہی نہیں ہوتا اُس کا فائدہ نہیں ہوتا اور ایمان کے بعد پھر مقام ہے ورع تقویٰ کا کہ جو جتنا نیک ہوگا جتنا آئینہ دل صاف ہوگا اتنے علوم اُس کے دل پر زیادہ اثر پذیر ہوں گے اور اگر آئینہ دِل غبار آلود ہو تو وہی آیات ہم سنتے ہیں وہی احادیث پاک ہم سنتے ہیں اور سارا دِن سُن کر اُسی کے خلاف عمل کرتے ہیں۔ عملی زندگی میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کہ مَیں نے اپنے استاد سے حضرت وکیع رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے اُن کے اساتذہ میں سے ایک معروف استاد تھے اُن سے مَیں نے شکایت کی کہ حضرت سبق یاد نہیں رہتا پڑھتا رہتا ہوں یاد کرتا ہوں بھول جاتا ہوں۔

اپنے استاد محترم حضرت وکیع سے اپنے حافظہ کی خرابی کی شکایت کی کہ مجھے بات یاد نہیں رہتی انہوں نے جواب یہ دیا کہ میاں اللہ کی نافرمانی کرنا چھوڑ دو۔ چھوٹا گناہ بھی مت کرو تھوڑی تھوڑی خطائیں بھی جو ہیں اُن سے بچو عجیب بات ہے شکایت ہو رہی حافظے کی کمزوری کی مجھے بات یاد نہیں رہتی اب اس کا علاج تو یہ تھا کہ کچھ مرغن چیزیں کھاؤ یا روغنیات استعمال کرو یا بادام کھاؤ یا مغزیات کھاؤ یعنی اُس کے دماغ کو قوت ملے گی یہ ہوگا وہ ہوگا۔ نہیں انہوں نے فرمایا۔ واوصانی الی ترک المعاصی۔ انہوں نے مجھے فرمایا کہ گناہوں سے بچو۔ اس لیے کہ جس علم کی تم بات کر رہے ہو۔ یہ علم دماغ کا نہیں یہ معاملہ ہے دل کا۔

اِنَّ الْعِلْمَ نُوْرٌ مِنَ اللّٰہِ اور علم دین اللہ کی طرف سے نور اور روشنی ہے۔

و نور اللہ لا یوتیٰ لِعَاصِی اور اللہ کا نور گنہگار کے دل میں جگہ نہیں پکڑتا۔

دیکھو نا کتنی قیمتی بات آپ نے ارشاد فرمائی کہ اس علم کا تعلق ہی قلب سے ہے اور یہ اللہ کا نور اللہ کی روشنی ہے اُس کی تجلیات ہیں۔ اس کی صفات ہیں اور ان کے لیے دل کے آئینے کا صاف ہونا ضروری ہے تو گویا انسان کامل تب ہوگا۔ یا انسانیت سے مکمل مستفید تب ہوگا۔ جب وہ بدن کی ضروریات کو علوم ظاہری سے سیکھے میڈیکل کیا چیز اسے مفید ہے کیا اس کے لیے مضر ہے اور باطنی طور پر اس کے اندر ظلمت کس چیز سے پیدا ہوتی ہے اور دل میں نور کس سے پیدا ہوتا ہے یہ چیز دین سے سیکھو۔

یعنی علم دین اس لیے سیکھیے کہ یہ بہت قیمتی ہے اور نورِ ایمان کے ساتھ دِل کی

جلا اور دل کی صفائی کے ساتھ براہِ راست نورِ نبوت سے نصیب ہوتا ہے اور ہمیشہ اللہ نے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کو تعلیم فرمایا اور انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام نے عالم انسانیت میں اس کو بانٹا اور یہ شان صرف آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے کہ آپ کی بعثت کے بعد ہمیشہ کے لیے انسانیت کو کسی نئے نبی اور کسی نئی نبوت کی ضرورت نہ رہی اور یہ آپ کے طفیل ہے کہ آپ کی اُمت میں اللہ نے ایسے افراد پیدا کر دیے جو اُس فریضے کو جو ہمیشہ انبیاء انجام دیتے آئے ہیں۔ وہ قیامت تک انجام دیتے چلے جائیں گے۔

اسی لیے فرمایا:۔

كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ ۔ تم بہترین اُمت ہو اس لیے کہ تم دوسروں کے لیے پیدا کیے گئے ہو دوسروں کے لیے زندہ رہتے ہو تم امین ہو علوم الٰہیات کے اور اُسے دوسرے انسانوں تک پہنچاتے ہو، مگر ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہماری پوری قوم ایک طرف لگ گئی ہے کچھ حضرات نے، اللہ نے اُن پر مہربانی کی، انہیں دینی علم سے بہرور فرمایا اور انہیں ایسے اسباب مہیا فرمائے انہوں نے قرآن کریم حفظ کیا انہوں نے اس کا ترجمہ تفسیر پڑھی انہوں نے احادیث مبارکہ اور اُن کی شروح پڑھی انہوں نے فقہ سے آگاہی حاصل کی یہ بہت قیمتی علم تھا لیکن انسانیت کے لیے مفید پورا نفع تب انسانوں کو پہنچاتے جب وہ اِس کے ساتھ دنیوی علوم بھی حاصل کرتے وہی مفسر وہی محقق موٹر بھی چلا سکتا وہی محقق کھیتی بھی کاشت کر سکتا اُسی مفسر کو اگر ضرورت پڑتی بازار میں دوکانداری بھی کر لیتا اُسی محقق کو ضرورت پڑتی تو میدان کارزار میں بندوق بھی چلا لیتا۔ یعنی ضرورت تھی نا ان دونوں پہلوؤں کو جاننے کی۔ جتنا اُس طرف اس کا مقام تھا حق یہ تھا کہ اِس طرف بھی اتنا اعلیٰ مقام ہوتا کیونکہ یہ تو دنیا کا علم کمتر درجہ کا ہے جسے کافر بھی حاصل کر سکتے ہیں اور مومن تو بدرجہ اولیٰ کر سکتا ہے اور علم دین تو ذہنوں کو جِلا بخش دیتا ہے۔

مَیں نے یہ تجربۃً دیکھا ہے کہ بعض حضرات چھوٹے بچوں کو حفظِ قرآن کے لیے بھیج دیتے ہیں اور وہ جب قرآن حفظ کر کے آتے ہیں پھر انہیں سکول میں داخل کرتے ہیں تو وہ دو سال یا تین سال حفظ قرآن پر لگاتے ہیں تو وہ ایک ایک سال میں دو دو تین تین جماعتوں کا امتحان دے کر آگے نکل جاتے ہیں کیونکہ ان کے ذہن میں ایک استعداد پیدا ہو جاتی ہے جب وہ اعلیٰ علم رکھتے ہیں تو یہ دنیا کا علم ادنیٰ ہے اسے حاصل کرنا انہیں مشکل نظر نہیں آتا

تو اگر علماء جنہیں اللہ نے یہ نعمت عظمیٰ نصیب فرمائی تھی جیسا کہ ہمیشہ رہا ہے عہد نبوی میں صحابہ سارے ایسے بڑے عالم تھے جنہوں نے براہ راست نبی کریم سے علم کو سیکھا اور یاد رکھیں علم نام جاننے کا ہے کوئی لکھنا جانے پڑھنا جانے یا نہ جانے بات جانتا ہو وہ عالم کہلائے گا اِس بات سے واقف ہو کہ اللہ کی رضا کس بات میں ہے اِس بات سے واقف ہو کہ کس بات سے اللہ خفا ہو جائیں گے وہ عالم ہے دینی اعتبار سے۔

دنیوی اعتبار سے اُسے لکھنا پڑھنا آتا ہو وہ اشیاء کی خصوصیات جانتا ہو وہ میٹھے، نیک، ترش، بد، اُس سے نفع

نقصان مضر مفید سے واقف ہو وہ چیزیں جو اللہ نے عطا کر دی ہیں اُن کا استعمال جانتا ہو اُسے ضرورت پڑے تو وہ دنیا کے کام میں موٹر چلا سکتا ہو لڑائی لڑ سکتا ہو کھیتی میں ہل چلا سکتا ہو۔ ٹریکٹر ضرورت پڑ جائے اُسے وہ چلا سکے یعنی دنیا کے کام جو سامنے آئے وہ بھی کر سکتا ہو اور یہی کمال تھا صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین میں۔ تابعین میں یہی کمال تھا۔ علمائے حق میں جتنے ائمہ آپ کو ملتے ہیں۔ ائمہ تفسیر ہیں یا ائمہ فقہ ہیں یا محدثین کرام کی جماعت ہے آپ انہیں دیکھیں تو بازار میں تو وہ بہت بڑے تاجر ہیں۔ مسجد میں وہ سب سے بڑے خطیب ہیں۔ مدرسے میں وہ سب سے بڑے معلم ہیں اور ضرورت پڑتی تو جہاد میں وہ بڑے جرنیل ہیں۔

زوال اُمت کے اسباب میں ایک بہت بڑا سبب یہ ہے کہ جب علماء نے دنیا کے علوم حاصل کرنے چھوڑ دیے اور اُن لوگوں نے جنہوں نے دنیوی علوم حاصل کیے انہوں نے دین کو سمجھنا چھوڑ دیا تو ہماری قوم دو حصوں میں بٹ گئی۔

آج بھی بحمد اللہ دینی اعتبار سے مسلمانوں کے پاس جس پائے کے علماء ہیں اُس پائے کا عالم روئے زمین پر کسی مذہب کے پاس نہیں اس لیے کہ اور کسی مذہب کے پاس آسمانی کتاب ہی محفوظ نہیں اپنے نبی کے ارشاد ہی محفوظ نہیں اگر وہ علم کسی زمانے میں کسی نبی سے بھی عطا ہوا تھا تو وہ اُن سے گم ہو چکا ہے اور یا پھر اُن کی اپنی جوڑی ہوئی چند رسومات کا نام علم رکھ لیا ہے تو یہ نعمت مسلمانوں کے پاس ہے بحیثیت علم کے اللہ کے کلام کے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کے روئے زمین پر کوئی قوم ایسے علماء پیش نہیں کر سکتی۔

اور یہ بھی بڑے مزے کی بات ہے کہ آج کل جتنی ماڈرن ٹکنالوجی ہے جدید ایجادات جو نئی چیزوں کی آج ہو رہی ہے اس میں بھی میں نے دیکھا ہے کہ جہاں جہاں مسلمان پہنچے ہیں کافر اُن کا مقابلہ نہیں کر سکے۔ روس جانے کا تو اتفاق نہیں ہوا لیکن برطانیہ ہیں سکنڈے نیوین ممالک میں اور امریکہ کے ناسا (NASA) تک کے ادارے ہیں اُن میں بھی جو چوٹی کے ڈاکٹر ہیں اُن میں بیشتر مسلمان ہیں اور چوٹی کے سائنس دان اور محقق جو ہیں کہ نہ صرف مسلمان ہیں بلکہ اکثر پاکستانی مسلمان ہیں لیکن مصیبت یہ ہے کہ جہاں انہوں نے جدید سائنس میں اتنا علم حاصل کیا دوسری طرف انہیں سیدھا کلمہ بھی نہیں آتا۔ انہیں وضو کرنا نہیں آتا وہ حلال حرام سے واقف ہی نہیں ہیں۔

اور اس طرف ہمارے پاس بہت بڑے بڑے جید علماء ہیں لیکن اگر انہیں تھوڑا سا بھی فیلڈ کا کام کرنا پڑ جائے تو وہ نہیں جانتے تو قوم دو حصوں میں بٹ گئی حالانکہ آج بھی دنیا کی بہترین قوم مسلمان ہیں اور ہمیشہ بہی رہیں گے اس لیے کہ اس کے پاس علوم کے خزانے جو من جانب اللہ ہیں وہ دنیا میں اور کسی کے پاس ہیں ہی نہیں۔ جو نور اِس کے دل میں ہے وہ اور کسی کے دل میں ہے ہی نہیں اور آج بھی جو استعداد جو موقع اِس کے پاس ہے کہ یہ براہ راست دنیا کی پوری انسانیت میں مسلمان واحد وہ اکائی ہے جس کا ہر فرد براہ راست رب العالمین سے بات کر سکتا ہے۔ وہ غریب ہے یا امیر ادنیٰ ہے یا اعلیٰ ان پڑھ

ہے یا پڑھا لکھا یعنی دنیا میں صرف مسلمان ایک قوم ہے جس کے پاس آج بھی یہ شرف ہے کہ ہر مسلمان اللہ کے روبرو کھڑا ہو کر اپنی بات رب العلمین سے کر رہا ہوتا ہے اور کوئی قوم اس کا مقابلہ نہیں کر سکتی لیکن ہماری یہ بدنصیبی کہ ہم نے کمالات کو تقسیم کر دیا اور ہر مسلمان ادھورا ادھورا انسان بن گیا ہے۔

نصف صدی ہونے کو آئی ہے ہم شور کرتے ہیں ملک پر اسلام نافذ کرو کیسے نافذ کرو۔ جنہیں اسلام آتا ہے وہ مسجد سے باہر نہیں نکلتے باہر کا کام نہیں کرتے۔ کر سکتے نہیں ہیں سیکھا نہیں ہے۔ کرنا چاہتے نہیں ہیں اور جنہیں باہر کا یا حکومت کا کام آتا ہے۔ انہیں کلمے کا ترجمہ بھی نہیں آتا انہیں نماز نہیں آتی انہیں وضو کا طریقہ ہی نہیں آتا۔ جنہوں نے نافذ کرنا ہے وہ سمجھتے ہیں پتہ نہیں کیا مصیبت ہے اور جنہیں پتہ ہے یہ اللہ کی نعمت ہے وہ نافذ کرنے کے قابل نہیں ایک پٹواری کی جگہ ایک بڑے محدث کو بٹھا دو تو پٹواری کا کام محدث نہیں کر سکتا حکومت کیسے کرے گا۔ اس لیے نہیں کہ پٹواری میں قابلیت زیادہ ہے محدث میں کم ہے اس لیے کہ محدث صاحب نے اُس طرف توجہ ہی نہیں فرمائی۔ ورنہ جو علم پٹواری نے دس برسوں میں کورس مکمل کیا تھا وہ محدث چاہے تو دس دنوں میں مکمل کرے چونکہ علم دین سے اس قدر استعداد آجاتی ہے۔

تو آج کی ہماری بہت بڑی ضرورت یہ ہے کہ ہم اپنے آپ کو جہاں بھی ہیں ستر برس کے ہیں یا اسی برس کے ہیں دس برس کے ہیں یا پچاس برس کے ہیں ہم اپنے اوقات میں سے اِن دونوں علوم کے لیے وقت نکالیں جو کام ہم کر رہے ہیں دکان کرتے ہیں یا کھیتی باڑی کرتے ہیں یا ملازمت کرتے ہیں تو جو کام کر رہے ہیں اُس کے کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہے اسے بھی سیکھیں اور اپنے آپ کو ایک بہترین مسلمان بنانے کے لیے مساجد میں درسگاہوں میں علمائے کرام کے پاس بھی وقت لگائیں تاکہ وہی لوگ جو فیلڈ میں کام کر رہے ہیں عالم بھی بن سکیں۔ اور علماء کو بھی چاہئے علماء کے ذمے بھی یہ ہے کہ جہاں اللہ تعالےٰ نے اتنی بڑی نعمت دی ہے ہمیں دین کی دنیا کے کام تو معمولی معمولی ہیں انہیں بھی سیکھیں اور حاصل کریں۔

آپ دیکھیں نا ہمارا بازار دو حصوں میں تقسیم ہو چکا ہے۔ جو دین سے واقف ہیں انہیں آپ دوکان پر بٹھائیں تو وہ نقصان کر دیتے ہیں تو یہ تو کوئی بات نہ ہوئی اور کچھ لوگ جو کاروبار سے واقف ہیں انہیں مسجد آنے کی فرصت نہیں یار میرا وقت ضائع ہوگا۔ میں وہاں جاتا نہیں۔ میں نے عرض کیا تھا کہ کوئی بھی کام آپ اُسے ادھورا سیکھ لیں وہ نفع نہیں بخشتا اب اس سے بڑا نقصان کیا ہوگا۔ کہ مسلمان آزاد ہونے کے باوجود آزاد نہیں ہے کہ جی فلاں گورنر کو مقرر کیا جائے۔ تو امریکہ نہیں مانتا فلاں وزیر کو کیوں نہیں ہٹاتے وہ روس نہیں مانتا بھی یہ کیا آزادی ہے یہ آزادی ہے یا لعنت ہے۔ کہ آپ نے کھانا کھانا ہے تو برطانیہ سے پوچھ کر کپڑے پہننے ہیں۔ تو امریکہ سے پوچھ کر جوتا سلوانا ہے تو روس سے پوچھ کر

اسے آزادی کہتے ہیں؟ یہ تو اپنے آپ کے ساتھ دھوکا ہے پہلے تو ہم ایک ملک برطانیہ کے غلام تھے اب تو ہم گاؤں کی بھابی بن گئے یعنی دنیا کے ہر ملک سے پوچھو بھئی میں کیا کروں کیا نہ کروں یہ تو آزادی نہیں ہے اور یہ اس لیے نہیں ہے کہ جو لوگ میدان میں کام کرتے ہیں وہ دین سے واقف نہیں اور جو لوگ دین سے واقف ہیں وہ میدان میں نہیں جاتے ورنہ مسلمان کو جسے براہِ راست رب العٰلمین کی حضوری حاصل ہے اُسے کسی کو روس کو یا امریکہ کو برطانیہ کو یا کسی دوسرے کو اتنی اہمیت دینے کی کیا ضرورت ہے کہ وہ جو کام کہے گا کروں گا۔ وہ نہیں کہے گا نہیں کروں گا۔ اُس کا کام تو ہے وہ خود بھی اللہ کی اطاعت کرے اور ان کو بھی کہے کہ میاں حق یہ ہے اس طرف آؤ، تم بھی اللہ کی مخلوق ہو تم بھی اللہ کے دروازے پر آؤ۔

تو اس کے لیے دنیوی علوم تو ہم اکثر و بیشتر دیکھتے دیکھتے سیکھ جاتے ہیں کیونکہ یہ آسان ہوتے ہیں یہ مشکل نہیں ہیں۔ میں نے عرض کیا ہے کہ صرف دماغ سلامت ہو تو کافر بھی حاصل کر لیتا ہے لیکن علم دین بہت قیمتی ہے بہت قیمتی دولت ہے۔ اللہ کا نور ہے اور جب تک دل ساتھ ہو اُس کا مہبط دل ہے۔ دل کی زندگی ہے ایمان اگر ایمان نہ ہو تو دل مردہ ہوتا ہے دل کی حیات ایمان ہے اور اُس کی صحت اللہ کی اطاعت اللہ کا ذکر اللہ کی عبادت ہے جوں جوں صحت مند ہوتا جائے اتنی اس کی پیاس علم دین کی طرف بڑھتی ہے۔ وہ پوچھ پوچھ کر عمل کر کے اُسے سیکھتا چلا جاتا ہے اور دلوں کی بیماری کا سب سے بڑا علاج نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔

لِکُلِّ شَیْءٍ صِقَالَۃٌ ہر چیز کی پالش ہوتی ہے اُسے صاف کرنے کے لیے کوئی نہ کوئی ریگمار ہوتا ہے کوئی پالش ہوتی ہے وصقالۃ القلوب ذکر اللہ او کما قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ دلوں کو روشن صاف اور صحت مند کرنے کی پالش جو ہے وہ اللہ کا ذکر ہے۔

رب جلیل فرماتے ہیں۔
الا بذکر اللہ تطمئن القلوب۔ دل صرف اللہ کے ذکر سے قرار پکڑتے ہیں۔ تو ہمیں توفیق بخشے اگر ہم قلبی ذکر بھی شروع کر دیں اللہ اللہ بھی کرتے رہیں۔ اسے چھوڑیں نہیں تو آپ دیکھیں گے کہ دنیا کے کام سیکھنا بھی آسان ہوتے جاتے ہیں اور دین سیکھنا اور اس پر عمل کرنا بھی آسان ہو جاتا ہے دونوں راستے کھلتے چلے جاتے ہیں اللہ کی طرف سے اور یہ ہماری ضرورت ہے اگر ہمیں ایمان کے ساتھ آبرو کے ساتھ اللہ اور اللہ کے رسول کی اطاعت پر جینا اور مرنا یہ ہماری ضرورت ہے کہ ہم ان دونوں کمالات کو اور دونوں علوم کو اپنے سینے میں جمع کریں وہ علمِ دین بھی ہو اور دنیا میں رہنے جینے اور زندگی گزارنے کا طریقہ بھی آتا ہو اللہ کریم ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

(بیان جامع مسجد پشاور
۱۲ اپریل ۱۹۸۹ء)

## کچلیوں والے درندوں اور پنجوں والے پرندوں کا کھانا حرام ہے

حدیث ابو ثعلبہ رضی اللہ عنہ: حضرت ابو ثعلبہؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے کچلی والے درندوں کے کھانے سے منع فرمایا ہے۔

اخرجہ البخاری فی: کتاب الذبائح والصید: باب ۲۹ اکل کل ذی ناب من السباع

# تصوّف کا پہلا باب

پروفیسر حافظ عبدالرزاق

یہ تو آپ جانتے ہیں کہ آدمی جب کلمہ طیبہ پڑھتا ہے تو وہ کفر کو چھوڑ کر اسلام کے دائرے میں آجاتا ہے اور اسے مسلمان کہتے ہیں کیا تم جانتے ہو کہ کلمہ طیبہ کسے کہتے ہیں اور یہ کلمہ پڑھنے سے اتنی بڑی تبدیلی کیوں آجاتی ہے کہ آدمی نے جب تک کلمہ طیبہ نہیں پڑھا تھا وہ کفر کے دائرے میں کھڑا تھا اور اسے کافر کہتے تھے مگر جونہی اس نے یہ کلمہ پڑھا وہ اسلام کے آغوش میں آگیا اور اس کا نام بھی بدل کر مسلمان ہو گیا۔

آؤ کلمہ طیبہ پر غور کریں اس کے الفاظ ہیں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ۔ اس کلمہ کے دو حصے ہیں اول لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور دوم محمد رسول اللہ اور ان سے پہلے حصے کے لفظی معنی یہ ہیں کہ اللہ کے بغیر عبادت کے لائق کوئی نہیں اور اس کا مطلب یہ ہے کہ آدمی جب یہ الفاظ زبان پر لاتا ہے تو وہ ایک عہد کرتا ہے کہ میں اللہ کا بندہ بن کر زندگی گزاروں گا اسی کی غلامی کرونگا جو وہ کہے گا وہی کروں گا زبان سے اس کا اقرار کر لینے کا نام اسلام ہے اور اگر اسی بات کا دل سے یقین کرے تو وہ سچ مچ کا مسلمان ہو جانے کے لیے پہلا قدم اٹھاتا ہے جب تک وہ دل کے یقین کے ساتھ یہ اقرار اور عہد نہیں کرے گا وہ صرف لوگوں کی نظروں میں مسلمان ہو گا اور مردم شماری کے کاغذات میں اسے مسلمان لکھا جائے گا مگر جب دل میں اس کا یقین بھی ہو گا تو وہ اللہ تعالے کے رجسٹر میں مسلمان لکھا جائے گا اس اقرار اور یقین کو توحید کا عقیدہ کہتے ہیں۔

کلمہ طیبہ کے دوسرے حصے کے لفظی معنی ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور اس کا مطلب یہ ہے کہ میں نے جو عہد کیا کہ جو کچھ اللہ تعالےٰ کہے گا وہی کروں گا تو مجھے کون بتائے گا کہ اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے یہ تو نہیں ہو سکتا کہ جس کسی نے کہہ دیا کہ اللہ کا یہ حکم ہے تو میں ہر کسی کی بات مان لوں بلکہ میں اقرار کرتا ہوں کہ میں صرف اسی کو اللہ کا حکم سمجھوں گا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم بتائیں گے مگر ان کے بتا دینے کے بعد اس حکم کی تعمیل جیسے میرا جی چاہے گا کروں گا۔ نہیں بلکہ میں اقرار کرتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ کے ہر حکم کی تعمیل بھی اسی طریقے سے کروں گا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم بتائیں گے اور انہوں نے اللہ کے حکم کی تعمیل کا طریقہ صرف بتایا ہی نہیں بلکہ خود اس کی تعمیل کی اور اپنے ان شاگردوں سے جن کو صحابہ کرام کہتے ہیں ہر حکم کی تعمیل کرائی اور

جہاں کہیں کوئی غلطی دیکھی اس کی اصلاح بھی کر دی۔ کلمہ طیبہ کے اس حصے کا بھی زبان سے اقرار اور دل سے یقین کرنا ہے اس کو عقیدۂ رسالت کہتے ہیں۔ یعنی کلمہ طیبہ پڑھ کر آدمی نے دو عہد کئے اور دو شہادتیں دیں بس اتنا کرنے سے وہ اسلام کے دائرے میں آگیا۔ کلمہ طیبہ کا یہ دوسرا حصہ اتنا اہم ہے کہ اس کے بغیر پہلے حصے یعنی توحید پر ایمان بھی قابل قبول نہیں ہوتا پھر اس حصے کی اہمیت کا اندازہ اس امر سے ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذمے جو کام لگایا ہے وہ بڑا اہم ہے اس کے چار حصے ہیں۔

(۱) اللہ تعالیٰ کے احکام اللہ کے بندوں تک پہنچانا۔ اس کو تلاوت آیات کہتے ہیں۔

(۲) جو لوگ ان احکام کو قبول کریں انہیں ان کی تعمیل کے لیے یوں تیار کرنا کہ نہایت محبت سے اور سچے دل سے ان احکام کی تعمیل کریں اس کو تزکیہ کہتے ہیں۔

(۳) ان احکام کی تشریح کر کے پورے طور پر سمجھانا اسے تعلیم کتاب کہتے ہیں۔

(۴) ان احکام میں اور ان کی تعمیل میں جو حکمتیں اور باریکیاں ہیں وہ بتانا اسے تعلیم حکمت کہتے ہیں۔

پھر اس کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے بہت بڑی نعمت اور احسان کہا ہے۔ ارشاد باری ہے لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ایمان لانے والوں پر بڑا احسان کیا جب اس نے ان میں ایک رسول بھیجا جو انہی کی جنس میں سے ہے جو انہیں اللہ کے احکام پہنچاتا ہے پھر ان کا تزکیہ کرتا ہے پھر انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے اور وہ لوگ اس رسول کے آنے سے پہلے ایک کھلی گمراہی میں گھرے ہوئے تھے۔

یہ چاروں ڈیوٹیاں دینا اس وقت تک کے لیے ضروری ہے جب تک انسان اس کرۂ ارض پر بستا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت ختم ہوگئی ہے یعنی آپ کے بعد کوئی رسول

## عورتوں کا مردوں کے ساتھ جنگ میں شریک ہونا

حدیث انس: حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ جس دن جنگ اُحد ہوئی اور لوگ نبی کریم ﷺ کو چھوڑ کر پسپا ہو گئے تو حضرت ابو طلحہؓ ہی تھے جو آپ کے سامنے کھڑے ہو کر ایک ڈھال سے اوٹ کیے ہوئے تھے اور حضرت ابو طلحہؓ بہت اچھے تیر انداز تھے آپ کی کمانوں کی تانت بہت سخت ہوتی تھی اور اس دن آپ دو تین کمانیں توڑ چکے تھے اور جب بھی کوئی شخص قریب سے تیروں کا ترکش لے کر گزرتا تو نبی کریم اس سے فرماتے: یہ ترکش ابو طلحہؓ کے آگے ڈال دو! اور جب نبی کریم ﷺ جھانک کر کافروں کی طرف دیکھنے لگتے تو حضرت ابو طلحہؓ کہتے: یا رسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان! آپ اس طرح نہ جھانکیں مبادا ان لوگوں کا کوئی تیر آپ کو آ لگے۔ میرا سینہ آپ کے سینے کے آگے ہے (یعنی میں آپ پر قربان ہونے کے لیے حاضر ہوں) (حضرت انسؓ کہتے ہیں) اور میں نے ام المومنین حضرت عائشہ بنت ابی بکرؓ اور حضرت ام سلیمؓ کو دیکھا کہ دونوں نے اپنے دامن اس طرح اٹھا رکھے تھے کہ ان کی پنڈلیوں میں پازیب نظر آرہے تھے اور اپنی پیٹھ پر مشک لاد لاد کر لاتیں اور پیاسے زخمیوں کے منہ میں پانی ڈالتی تھیں اور جب مشکیزہ خالی ہو جاتا تو واپس جا کر اسے پھر بھر لاتیں اور پھر لوگوں کے منہ میں پانی ڈالتیں اور اس دن حضرت ابو طلحہؓ کے ہاتھ سے دو یا تین مرتبہ تلوار چھوٹ کر گری۔

اخرجه البخاري في: كتاب ٦٣ مناقب الانصار: باب ١٨ مناقب ابي طلحة رضي الله عنه

نہیں آئے گا جو اکیلا یہ چاروں کام کرے اس لیے اللہ کے آخری نبیؐ نے یہ کام اپنی امت کے سپرد کیا اب اس کی ذمہ داری امت پر ہے مگر چونکہ نبی کے بغیر کوئی اکیلا آدمی یہ کام نہیں کرسکتا اس لیے امت نے اس ذمہ داری کے پورا کرنے کی یہ تدبیر کی کہ کچھ لوگ جو اس کام کے لیے موزوں تھے انہوں نے اللہ کی کتاب یعنی قرآن کریم کے الفاظ سکھانے یعنی تلاوت آیات کی ڈیوٹی سنبھال لی ان کو حافظ یا قاری کہتے ہیں کچھ اور موزوں آدمیوں نے اس کتاب کے معنی اور الفاظ کا مفہوم سکھانے کا کام اپنے ذمے لیا انکو عالم اور مفسر کہتے ہیں کچھ اور لوگوں نے اس کتاب میں حکمت اور دانائی کی وہ باتیں سکھلانے کا کام شروع کیا جو اس کتاب کے پہلے معلم یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات میں موجود ہیں یعنی نبی اکرمؐ کے اقوال، افعال اور پسند و ناپسند کے بیان کے مجموعے کی تعلیم دیتے ہیں جو سرا یا حکمت اور دانائی ہے ان کو عالم اور محدث کہتے ہیں اور اس فن کا نام علم حدیث ہے۔

کچھ اور بزرگوں نے تزکیہ کا کام اپنے ذمہ لیا تاکہ مسلمان پکے دل سے اور دلی محبت سے اللہ تعالیٰ کے احکام کی تعمیل کرسکیں ان لوگوں کو صوفی کہتے ہیں اور نبوت کی ذمہ داریوں کی اس شاخ کا نام تصوف ہے۔

یہ کتاب جس کا اب تم مطالعہ کرنے والے ہو یہ نبوت کی ذمہ داریوں کے اسی حصہ یعنی تصوف کے متعلق ہے تاکہ تم اچھی طرح سمجھ لو کہ تزکیہ کسے کہتے ہیں پھر اس سمجھ کے مطابق اپنا تزکیہ کرنے کا سلیقہ بھی سیکھ لو۔

## تصوف کی تعریف

تصوف وہ علم ہے جس کے ذریعہ سے نفس کے تزکیہ، اخلاق کے تصفیہ اور ظاہر و باطن کی تعمیر کے حالات پہچانے جاتے ہیں۔ اس کی غرض ابدی سعادت حاصل کرنا ہے۔

تشریح: انسان کا ایک ظاہر ہے جسے بدن یا وجود کہتے ہیں ایک اس کا باطن ہے جسے نفس یا روح کہتے ہیں انسان اپنے جسم یعنی ظاہر کو صاف ستھرا اور بنا سنوار کے رکھے تو مخلوق کی نگاہ میں اچھا سمجھا جاتا ہے اور اپنے نفس یا روح یعنی باطن کو صاف ستھرا اور بنا سنوار کے رکھے تو مخلوق اور خالق دونوں کے ہاں اچھا سمجھا جاتا ہے انسان جب اپنے باطن کو سنوارتا ہے تو اس کی عادتیں اچھی اور اخلاق عمدہ ہو جاتا ہے پھر یہ اپنے باطن کو سنوارنے والا انسان اگر ایمان بھی رکھتا ہو تو اس کی وہ زندگی جو یہاں سے رخصت ہونے کے بعد شروع ہوتی ہے اور کبھی ختم نہیں ہوگی نہایت پرلطف بن جاتی ہے اس کو ابدی سعادت کہتے ہیں۔

تصوف، انسان کو اپنا ظاہر و باطن صاف ستھرا رکھنے کا طریقہ اور سلیقہ سکھاتا ہے اور آدمی اگر تصوف کے بتلائے ہوئے طریقوں کے مطابق زندگی گزارنے لگے تو وہ سچ مچ ایک عمدہ انسان بن جاتا ہے۔

## تصوف کی حقیقت

تصوف کی غرض ابدی سعادت حاصل کرنا ہے ایسے لوگ جو تصوف کی رہنمائی میں کام کرکے ابدی سعادت حاصل کر لیتے ہیں قرآن کریم انہیں اولیاء اللہ کہتا ہے اور ابدی سعادت کی حقیقت ان الفاظ میں بیان کرتا ہے کہ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔ یعنی نہ انہیں کوئی خوف ہوگا نہ وہ کبھی غمگین ہوں گے ایسے لوگوں کی نشاندہی کرتے ہوئے قرآن کریم بتاتا ہے کہ ان میں دو وصف ضرور ہوتے ہیں۔ یعنی اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ۔ یعنی یہ وہ لوگ ہیں جو ایمان لائے اور تقویٰ اختیار کرتے رہے معلوم ہوا کہ سعادت ابدی کا مدار دو چیزوں پر ہے ایمان اور تقویٰ اور ان دونوں کی اصل جگہ انسان کا دل یعنی باطن ہے

اس لیے اگر باطن کی اصلاح نہ ہو تو ایمان اور تقویٰ دونوں حاصل نہیں ہو سکتے۔ لہٰذا سعادت ابدی کے لیے ایمان کامل اور تقویٰ درکار ہے اور یہ دونوں چیزیں اصلاح باطن سے حاصل ہوتی ہیں پس ابدی سعادت کے لیے اصلاح باطن فرض اور ضروری قرار پایا اور تصوف کی حقیقت اصلاح باطن ہی تو ہے۔

## تزکیہ کا مفہوم

اصلاح باطن کے عمل کو قرآن کی زبان میں تزکیہ کہتے ہیں۔ تزکیہ کے لفظ میں دو مفہوم پائے جاتے ہیں اول یہ کہ کدورتوں اور آلائشوں سے باطن کو پاک کیا جائے دوسرا یہ کہ باطن کو زیادہ سے زیادہ خوبیوں سے آراستہ کیا جائے یا یوں کہئے کہ بری عادتیں ترک کی جائیں اور اچھی عادتیں اختیار کی جائیں۔

## احسان کا مفہوم

اصلاح باطن یا تزکیہ کو حدیث کی زبان میں احسان کہتے ہیں۔ احسان کا مفہوم یہ ہے کہ آدمی بری عادتیں ترک کرنے اور اچھی عادتیں پیدا کرنے کا کام اس خلوص اور اس جذبے سے کرے جیسے وہ اپنے رب اور اپنے خالق کو سامنے دیکھ رہا ہے اور آدمی یہ سارا کام صرف اپنے خالق کی خوشنودی اور اس کی رضا کے لیے کرے۔ قرآن کے تزکیہ اور حدیث کے احسان کے لیے بعد میں تصوف کی اصطلاح وضع کی گئی۔

## تصوف ایک مستقل فن کیوں

اسلام کی ساری تعلیمات کی بنیاد دو چیزوں پر ہے یعنی قرآن اور حدیث اس کو کتاب اور سنت بھی کہتے ہیں۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے شاگردوں یعنی صحابہ کرام کو دین سکھانے کے لیے صرف قرآن کریم کی تعلیم دیتے تھے۔ قرآن کریم کی تشریح کے لیے حضور اکرم جو کچھ فرماتے اور قرآن کریم کے احکام پر عمل کرنے کا جو طریقہ بتاتے یا کرکے دکھاتے اس سارے بیان کو حدیث کہتے ہیں۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اسلام جب جزیرۃ العرب سے نکل کر دوسرے ممالک میں پھیلا تو نئے نئے مسائل پیدا ہونے لگے اس لیے علمائے امت نے قرآن و حدیث پر اس انداز سے غور و فکر کرنا شروع کیا کہ ان دو بنیادی ماخذوں میں سے نئے مسائل کا حل تلاش کیا جائے جن حضرات نے صرف قرآن کریم کی عبارت پر غور و فکر کرنا شروع کیا انہیں مفسر کہنے لگے اور یہ ایک مستقل فن بن گیا جسے تفسیر کا فن کہا جانے لگا۔ اسی طرح جن بزرگوں نے صرف حدیث پر غور و فکر کرنا شروع کیا وہ محدث کہلائے اور حدیث کے نام سے ایک مستقل فن شمار ہونے لگا۔ پھر کچھ اور بزرگوں نے نئے مسائل کے حل کے لیے خاص طور پر قرآن و حدیث دونوں پر غور کرنا شروع کیا اور بڑی محنت سے ہر نئے مسئلہ کا حل قرآن و حدیث سے تلاش کرنے میں کامیاب ہوئے اور اس خاص فن کا نام فقہ رکھا گیا اور اس فن کے ماہر کو فقیہ کہنے لگے اسی طرح اصلاح باطن کے لیے قرآن و حدیث پر غور و فکر کرنے سے جو مستقل فن وجود میں آیا اس کا نام تصوف ہوا۔

اگر کوئی شخص فقہ پڑھ رہا ہے تو اس کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ وہ قرآن و حدیث کو چھوڑ کر یا اس سے بے نیاز ہو کر کوئی نئی چیز پڑھ رہا ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ قرآن و حدیث پر غور و فکر کرکے روزمرہ زندگی کے لیے مسائل کا جو حل تلاش کیا گیا ہے وہ پڑھ رہا ہے اسی طرح اگر کوئی آدمی اصلاح باطن کا علم سیکھ رہا ہے تو وہ قرآن و حدیث سے کٹ نہیں گیا بلکہ قرآن و حدیث کا وہ پہلو جس کا تعلق اصلاح باطن یا ایمان و تقویٰ سے ہے اس کا علم حاصل کر رہا ہے اور اس علم کے مطابق عمل کرنے کا سلیقہ سیکھ رہا ہے

## تصوف کی ضرورت

شریعت اسلامی میں دو قسم کے اعمال کا ذکر ہے ایک کرنے کے کام دوسرا نہ کرنے کے کام یہ اعمال پھر دو قسم کے ہیں ایک وہ جن کا تعلق بدن یا ظاہر سے ہے مثلاً کرنے کے کام کلمہ پڑھنا، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ اور نہ کرنے کے کام مثلاً کلمہ کفر کہنا، زنا، چوری، قتل، رشوت وغیرہ۔ دوسرے وہ کام ہیں جن کا تعلق دل یا باطن سے ہے، ان میں کرنے کے کام مثلاً ایمان لانا، اخلاص، صبر، شکر، خشوع، اللہ تعالیٰ اور نبی کریم سے قلبی محبت اور ذکر کرنے کے کام جیسے باطل عقیدے

تکبر، ریا، حسد وغیرہ۔

قرآن وحدیث میں جہاں ایسے حکم موجود ہیں کہ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ یعنی نماز قائم کرو۔ وہاں ایسے احکام بھی موجود ہیں کہ اِصْبِرُوْا، وَاشْکُرُوْا یعنی صبر کرو شکر کرو اور وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ ۔یعنی ایمان والے وہ ہیں جو سب سے زیادہ اللہ سے محبت کرتے ہیں بلکہ احکام کی تعمیل کی ظاہری صورت میں جب باطنی روح نہ ہو وہ تعمیل ناقص ہے جیسا کہ ارشاد ہے قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلَاتِہِمْ خَاشِعُوْنَ ۔یعنی وہ ایمان والے فلاح پا گئے جو اپنی نمازوں میں خشوع کرنے والے ہیں۔ لہٰذا شریعت پر عمل کرنے کے لیے ظاہر احکام میں فقہ کی ضرورت ہے اسی طرح ان احکام کی تعمیل کے لئے جن کا تعلق باطن یا دل سے ہے تصوف کی ضرورت ہے ورنہ احکام کی صورت ہوگی اس میں روح نہ ہوگی۔

فقہ اور تصوف کی حقیقت یوں سمجھئے کہ علم فقہ یہ دیکھتا ہے کہ جس طرح کام کرنے کا تمہیں حکم دیا گیا ہے اسی طرح اور اسی وقت تم نے وہ کام کیا یا نہیں اور تصوف یہ دیکھتا ہے کہ وہ حکم بجا لاتے وقت تمہارے دل کا کیا حال رہا؟ وہ اللہ کی طرف متوجہ رہا یا نہیں اور تم نے یہ کام صرف اس کی خوشنودی کے لیے کیا یا نہیں؟ یہ کام کرنے سے تمہاری روح کس قدر پاک ہوئی۔ تمہارے اخلاق کہاں تک درست ہوئے۔ تصوف جن چیزوں کو دیکھتا ہے اگر تمہاری عبادت ان سے خالی رہی تو وہ عبادت ناقص ہوگی۔

فقہ اور تصوف کے تعلق کو یوں سمجھئے کہ اگر شریعت کی پابندی ظاہر کے لحاظ سے صحیح ہے مگر اس میں وہ روح نہیں جو تصوف دیکھتا ہے تو اس کی مثال یوں ہے جیسے ایک آدمی نہایت خوبصورت ہو مگر مردہ ہو اسی طرح اگر عبادت میں باطنی خوبیاں تو سب ہوں مگر فقہ کے آداب کے مطابق نہ ہوں اس کی مثال یوں سمجھئے جیسے کوئی نہایت شریف اور نیک شخص ہو مگر اندھا گونگا بہرا اور اپاہج ہو۔ ان مثالوں سے فقہ اور تصوف دونوں کی حقیقت اور اہمیت واضح ہو جاتی ہے۔

## ذکر الٰہی اور اس کی قسمیں

تصوف کا مقصد اصلاح باطن ہے اور اس کا مدار قلب کی اصلاح پر ہے جب تک قلب کی اصلاح نہ ہو وہ پریشان رہتا ہے اور بظاہر ہر قسم کا سامانِ سکون موجود ہوتے ہوئے اسکو سکون میسر نہیں آتا جب اسکی اصلاح ہو جاتی ہے تو مادی اعتبار سے کچھ نہ ہوتے ہوئے بھی اس کو سکون حاصل ہوتا رہتا ہے اور سکون قلب کے لیے صرف ایک نسخہ ہے اور وہ اس نے بتایا جو قلب کا خالق ہے۔ ارشاد ہوتا ہے اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ یعنی کان کھول کر سن لو۔ دل کو سکون صرف اللہ کے ذکر سے ملتا ہے اس کے لیے اصلاح باطن کا مقصد پورا کرنے کے لیے تصوف میں یہی نسخہ ابتدا سے آخر تک استعمال کیا جاتا ہے۔

## ذکر الٰہی کی تین قسمیں ہیں:

**۱۔ ذکر لسانی** یعنی زبان سے اللہ کا ذکر کرنا۔ اور ظاہر ہے زبان کو الفاظ کی ضرورت ہوگی پس وہ الفاظ یا تو اللہ کا پاک نام ہے۔ یا کلمہ طیبہ یا درود شریف ہے استغفار ہے تلاوت قرآن ہے۔ مگر اس ذکر کے لیے کچھ آداب اور شرائط ہیں مثلاً صرف زبان ہی نہ چلتی رہے بلکہ دماغ بھی اسی طرف متوجہ ہو۔ دل میں صحیح جذبۂ محبت موجود ہو ورنہ صرف ذکر لسانی سے باطن کی اصلاح نہیں ہو سکتی

**۲۔ ذکر قلبی** یعنی قلب کو ذاکر بنانا کہ اس میں اللہ کی یاد رچ بس جائے جب قلب ذاکر ہو جائے تو اس میں اللہ و رسول کی سچی محبت پیدا ہوتی ہے اور اطاعت الٰہی اور اطاعت رسول کا صحیح جذبہ اور شوق پیدا ہوتا ہے۔

**۳۔ ذکر عملی** یعنی شریعت کے احکام کی تعمیل کا خیال ہر حال اور ہر کام میں رہے اور ہمیشہ اللہ کی خوشنودی پیش نظر رہے پھر نہایت شوق اور محبت سے احکام کی تعمیل کی جائے۔

یہ آخری قسم مقصد اور مطلوب ہے پہلی دو قسمیں اس مقصد تک پہنچنے کا ذریعہ ہے اور ظاہر ہے جو ذریعہ مقصد تک نہ پہنچا سکے وہ مفت کی مشقت سے زیادہ کچھ نہیں۔ اس قسم کی محنت کی مثال یوں سمجھو کہ انسان نے گاڑھے پسینے کی کمائی سے ایک خوبصورت گاڑی خریدی اس کی ٹینکی پٹرول

سے بھری ہے مگر وہ چلتی بالکل نہیں یا اگر چلتی ہے تو اس کا صرف ریورس گیئر ہی کام کرتا ہے باقی گیئر کام نہیں کرتے اب کوئی بتائے کہ وہ گاڑی کس کام کی ہے اور اس پر جو رقم خرچ ہوئی وہ کس کھاتے میں لگی۔ اسی طرح اگر انسان عمر بھر ذکر لسانی اور ذکر قلبی کرتا رہا مگر ذکر عملی کی نوبت نہ آئی نہ باطن کی اصلاح ہوئی نہ اخلاق درست ہوئے نہ معاملات صاف ہوئے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس نے ذکر الٰہی کیا ہی نہیں صرف ذکر کی ایکٹنگ کرتا رہا۔

## تزکیہ کا طریقہ

تزکیہ یا اصلاح باطن کے لیے اللہ کریم کا بتایا ہوا نسخہ صرف ذکر الٰہی ہے اس نسخہ کے استعمال کے لیے کچھ آداب و شرائط ہیں خاص سلیقہ ہے ان کا خیال نہ رکھا جائے تو کامل شفا نہیں ہوتی یعنی نہ تو باطن کی اصلاح ہوتی ہے نہ ظاہر اعمال پر اس کا کچھ اثر ہوتا ہے نہ عادتیں بدلتی ہیں نہ معاملات درست ہوتے ہیں وہ آداب یہ ہیں۔

**۱۔ خلوص نیت** دل کا ایسی چیز کی طرف ابھرنا جس کو وہ اپنے لیے مفید سمجھتا ہے نیت کہلاتا ہے تزکیہ کے لیے سب سے پہلے خلوص نیت ضروری ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ انسان کے دل میں یہ خواہش پیدا ہو کہ مجھے اپنے باطن کی اصلاح کرنی چاہیے اس کے بغیر صحیح سمت میں قدم اٹھ ہی نہیں سکتا۔

**۲۔ علم** اس بات کا علم ہونا چاہیے کہ باطن کی برائیاں اور خرابیاں یا بری عادتیں کون کونسی ہیں جن کو دور کرنے یا ترک کرنے سے تزکیہ کا عمل شروع ہوتا ہے اور باطن کی خوبیاں یا اچھی عادتیں کون کونسی ہیں جنہیں اپنے اندر پیدا کرکے تزکیہ کے عمل کی تکمیل ہوتی ہے۔

**۳۔ ماہر استاد کی تلاش اور اس کی شاگردی اختیار کرنا**

کوئی علم یا فن ماہر استاد کی رہنمائی کے بغیر نہیں سیکھا جاسکتا۔ طب یا ڈاکٹری کو لیجیے یہ صحت حاصل کرنے کا علم اور فن ہے اور یہ علم طب یا ڈاکٹری کی کتابوں میں بھرا پڑا ہے مگر کوئی بیمار طب کی کتابیں دیکھ کے اپنا علاج نہیں کیا کرتا بلکہ کسی ماہر ڈاکٹر ہی سے علاج کراتا ہے یہ حال تو جسم کی بیماری کا ہے جو ظاہر محسوس ہوتی ہے بھلا باطن کی کسی بیماری کا علاج کوئی شخص صرف کتابیں دیکھ کے خود بخود کیسے کرسکتا ہے۔ تصوف میں ماہر استاد کو شیخ کہتے ہیں اور اس ادب کا نام ضرورت شیخ ہے۔

**۴۔ مجاہدہ** ماہر استاد یا شیخ کی رہنمائی میں پوری کوشش سے اصلاح باطن کا نسخہ استعمال کرنے کا نام مجاہدہ ہے۔ تزکیے کے لیے خود محنت کرنا اور ماہر استاد کی رہنمائی حاصل کرنا دونوں ضروری ہیں یہاں نہ تو بغیر چلے کام چلتا ہے نہ بغیر استاد کے سیدھے راستے پر چلنے کا سلیقہ آتا ہے اس لیے تزکیہ حاصل کرنے کے لیے شیخ کامل کی رہنمائی میں ذکر الٰہی کرتے رہنا ضروری ہے۔

**۵۔ اخلاص** کوئی کام صرف اس نیت سے کرنا کہ اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی حاصل ہو اخلاص کہلاتا ہے اگر انسان اس نیت سے ذکر الٰہی کرے کہ لوگ واہ واہ کریں شہرت ہو جائے یا ایسا کرنے سے کوئی دنیوی مفاد حاصل کیا جائے تو خواہ عمر بھر مجاہدہ کرتا رہے تزکیہ نہیں ہوگا۔

**۶۔ جائزہ** ان آداب و شرائط کے ساتھ ذکر الٰہی کرتے رہنے سے انسان کے اندر کچھ تبدیلی آنا شروع ہو جاتی ہے مثلاً انسان کی سوچ کا رخ بدل جاتا ہے پسند و ناپسند کا معیار بدلنے لگتا ہے دل جن غلط کاموں کی طرف مائل تھا ان سے نفرت ہونے لگتی ہے اپنا جائزہ لیتے رہنے سے جب ایسی تبدیلی محسوس ہو تو سمجھ لے کہ اب کام بننے لگا ہے اس وقت کرنے کا کام یہ ہوتا ہے کہ آدمی دیکھے کون کونسی بری عادتیں مجھ میں پائی جاتی تھیں جن سے اب نفرت ہونے لگی ہے۔ یہ معلوم کر لینے کے بعد پوری مستعدی سے ان بری عادتوں سے پیچھا چھڑانے میں سرگرم عمل ہو جائے۔

**۷۔ توبہ** توبہ ایک انقلابی عمل کا نام ہے اس کی حقیقت سمجھنے کے لیے اس امر پر غور کیجیے۔ فرض کرو ایک آدمی ایک پختہ سڑک پر چلتے ہوئے اپنی منزل کی طرف بڑھ رہا تھا

دائیں بائیں کو دلفریب منظر سامنے آگیا وہ بے خیالی میں پختہ سڑک کو چھوڑ کر اس منظر کی طرف جانے والی پگڈنڈی پر چل پڑا کچھ دور جا کر دیکھا تو اپنے آپ کو گھنے جنگل میں پایا جہاں سانپ بچھو ہیں درندے ہیں چور اور ڈاکو چھپے بیٹھے ہیں اسے سخت ندامت ہوئی گھبرایا۔ جدھر سے آیا تھا الٹے پاؤں اسی جانب دوڑ پڑا حتیٰ کہ پھر اسی پختہ سڑک پر پہنچ گیا اور سکھ کا سانس لیا ایک نئے جذبے کے ساتھ پھر اس سڑک پر چلنا شروع کیا اور منزل کی طرف بڑھنے لگا۔ یہ واپسی کا عمل توبہ کہلاتا ہے۔

اسی طرح انسان کا ازلی دشمن اسے سبز باغ دکھاتا ہے فوری اور وقتی لذتوں کی طرف مائل کرتا ہے جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اللہ کا بندہ اطاعت و فرمانبرداری کی جس صراط مستقیم پر چل رہا ہوتا ہے اسے چھوڑ کر اللہ کی نافرمانی اور گناہ کی زندگی اختیار کر لیتا ہے۔ اگر اس کے اندر کا انسان مر نہ گیا ہو تو اسے کسی وقت ضرور احساس ہو جاتا ہے کہ میں غلط راستے پر چل رہا ہوں پھر وہ پشیمان ہوتا ہے پھر اس غلط راستے کو چھوڑ کر اطاعت و فرمانبرداری کا رویہ اختیار کرتا ہے اس سارے عمل کا نام توبہ ہے۔ تزکیہ کے عمل میں پہلا مقام یہی توبہ ہے۔ مقام توبہ کے مختلف مدارج ہیں۔ سب سے پہلے گناہ کا احساس پھر ندامت پھر گناہ کی زندگی ترک کرنے کا عزم اور آخر میں اطاعت کی زندگی اختیار کرنے کی عملی جدوجہد۔ یہ مراحل طے ہوں تو یوں سمجھیے کہ تزکیہ کا عمل شروع ہو گیا۔

اگر انسان ذکر ذکرِ الٰہی کر رہا ہے یعنی اصلاح باطن کا وہ نسخہ جو اللہ کریم نے بتایا ہے بڑی پابندی سے استعمال کر رہا ہے مگر اس کی زندگی میں توبہ کا مقام آیا ہی نہیں تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ اس کی نیت درست نہیں یا دوا کے ساتھ بد پرہیزی کا سلسلہ جاری ہے ورنہ یہ ہو ہی نہیں سکتا کہ یہ نسخہ بے اثر ثابت ہو اس لیے اسے چاہیے کہ جتنا جلد ہو سکے مقام توبہ طے کرنے کی کوشش کرے

---

## قرآن و سنت میں ذکرِ الٰہی کی تاکید

قرآن کریم کتاب ہدایت ہے اور اللہ کریم کی آخری اور مکمل کتاب ہے اس میں انسان کی ہدایت کے لیے کرنے کے کام اور نہ کرنے کے کام بڑی تفصیل سے درج کر دیئے گئے ہیں جو کام جتنا اہم اور ضروری ہوتا ہے اس کی اتنی ہی تاکید کی گئی ہے۔ اس کتاب میں ۱۶۵ مقامات پر ذکر الٰہی کا بیان ہوا ہے اور مختلف شکلوں میں اس کی تاکید موجود ہے۔ کہیں تو براہ راست ذکر کرنے اور کثرت سے ذکر کرنے کا حکم ہے کہیں ذکر کرنے والوں کی فضیلت کا بیان ہے کہیں ذکر نہ کرنے کے نقصانات کی تفصیل دی گئی ہے۔

اسی طرح حدیث کی کتابوں میں ذکر الٰہی کی تاکید کرنے والی بے شمار حدیثیں ملتی ہیں یہاں تک کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ ہر چیز کی میل دور کرنے اور اسے چمکانے کی کوئی تدبیر ضرور ہوتی ہے اسی طرح دل کے میل کو دور کرنے اور اسے روشن کرنے کی واحد تدبیر اللہ کا ذکر ہے، ایک اور حدیث میں ہے کہ صحابہ کرام نے پوچھا کونسا عمل سب سے اعلیٰ اور سب سے افضل ہے تو حضور اکرمؐ نے ارشاد فرمایا کہ سب سے افضل عمل یہ ہے کہ جب تو دنیا سے جانے لگے تو تیری زبان پر اللہ کا نام ہو۔"

کسی اور کا کیا کہنا صدیقہ کائنات ام المومنین حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں کہ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَذْکُرُ اللّٰہَ فِیْ کُلِّ اَحْیَانِہٖ یعنی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم زندگی کے ہر لمحے میں اللہ کو یاد کرتے رہتے تھے۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ جو کام حضور اکرمؐ کو اتنا پسند ہو کہ ایک لمحے کے لیے بھی اسے چھوڑنا گوارا نہ ہو اس کام کے افضل ہونے میں کون شک کر سکتا ہے۔

## تصوف کا عملی زندگی سے تعلق

زندگی میں انسان کی ساری دوڑ دھوپ اور جدوجہد صرف

دو کاموں کے لیے ہے اول وہ چیزیں جو اسے پسند ہیں ان کے حاصل کرنے میں لگا رہے دوم وہ کچھ جو اسے پسند نہیں ان کو دور رکھنے یا ان سے دور رہنے کی تدبیریں سوچ کر عمل کرتا ہے اور قدرتی بات ہے کہ انسان کو وہی چیز پسند ہوتی ہے جسے وہ اپنے لیے مفید سمجھتا ہے اور وہ چیزیں اسے ہرگز پسند نہیں ہوتیں جنہیں وہ نقصان دہ سمجھتا ہے۔ اور یہ فیصلہ کرنا کہ کونسی چیز مفید ہے اور کونسی مضر دماغ اور عقل کا کام ہے مگر ہر انسان کا دماغ اتنا پختہ اور عقل اتنی کامل نہیں ہوتی کہ وہ خود صحیح فیصلہ کر سکے اس لیے اللہ کریم جو علیم و خبیر ہے اس نے یہ کام اپنے ذمہ لیا اور اپنے رسول کے ذریعے انسان کو مفید اور مضر کا علم دے دیا بلکہ اس کا معیار بھی بتا دیا کہ مفید وہ ہے جو انسان کی آخرت سنوارے اور مضر وہ ہے جس سے انسان کی آخرت بگڑ جائے اور انسان نے یہ جان لیا کہ یہ مفید ہے یہ مضر مگر کام کرنے کے لیے صرف جاننا کافی نہیں ہوتا ماننا بھی ضروری ہوتا ہے اور ماننا دماغ کے فیصلہ کے ماتحت نہیں ہوتی مثلاً ہر شخص جانتا ہے کہ شراب پینا صحت کے لیے مضر ہے۔ ہیروئن کا استعمال صحت کو تباہ کر دیتا ہے مگر لوگ شراب بھی پیتے ہیں اور ہیروئن کا استعمال کرتے ہیں کیونکہ ان کا دل کہتا ہے مجھے یہ پسند ہے عقل کہتی ہے کسی کو ناحق قتل کرنا انسانیت نہیں درندگی ہے مگر لوگ بے تحاشا قتل کرتے ہیں اور جب سے کلاشنکوف مارکیٹ میں آئی ہے یہ کاروبار زوروں پر ہے ایسا کیوں ہے؟ اس لیے کہ ان کا دل کہتا ہے مجھے یہ شغل پسند ہے۔ معلوم ہوا کہ انسان کا عمل اس کے دل کے تابع ہوتا ہے اس لیے محسنِ انسانیت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دل اگر سنور جائے تو زندگی کا سارا نظام سنور جاتا ہے اور اگر دل بگڑ جائے تو زندگی کا سارا نظام بگڑ جاتا ہے۔

تصوف کا مقصد باطن یا دل کی اصلاح ہے اس لیے تصوف کا زندگی سے صرف تعلق ہی نہیں بلکہ یہ تصوف ہی تو ہے جو انسان کے دل کی اصلاح کر کے اسکی عملی زندگی کو سنوارتا ہے افراد جب سنور جائیں تو معاشرہ سنور جاتا ہے اور ایسے معاشرے میں ہر فرد امن و سکون محسوس کرتا ہے۔ جس معاشرے میں نہ تو انسان کی جان محفوظ ہو نہ مال نہ عزت و آبرو وہ معاشرہ بگڑا ہوا ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ اس معاشرے کے افراد بگڑے ہوئے ہوتے ہیں اور ان کے بگاڑ کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ افراد کے دل بگڑے ہوئے ہوتے ہیں دلوں کی اصلاح کا انتظام نہیں ہوتا۔ یہ تصوف ہی تو ہے۔ جس کا واحد مقصد دلوں کی اصلاح ہے پس معلوم ہوا کہ حقیقی انسان بننا اور انسان بن کر زندہ رہنا تصوف کے بغیر ممکن نہیں۔

## لطائف سے کیا مراد ہے؟

انسان کا جسم بہت سے اعضاء سے مل کر بنا ہے اور یہ سارے اعضاء اللہ تعالیٰ کی عطا اور نعمت ہے تاکہ انسان ان کے ذریعے زندگی کی مختلف ضرورتیں پوری کر سکے۔ کچھ اعضاء اتنے اہم ہیں کہ ان میں سے کوئی ایک عضو اگر کام کرنا چھوڑ دے تو باقی سارے اعضاء بے کار ہو کر رہ جاتے ہیں مثلاً انسانی دل کو دیکھو اگر یہ حرکت کرنا یا دھڑکنا بند کر دے تو آنکھیں دیکھنا چھوڑ دیتی ہیں کان سنتے نہیں۔ زبان بول نہیں سکتی ہاتھ پاؤں حرکت نہیں کر سکتے ایسے اہم ترین اعضاء کو طبیب لوگ اعضائے رئیسہ کہتے ہیں اور ڈاکٹر انہیں VITAL PARTS کہتے ہیں یہ اعضائے رئیسہ پانچ ہیں۔ دل، دماغ، جگر، معدہ، اور پھیپھڑے۔ اس لیے تجربہ کار طبیب اور ماہر ڈاکٹر علاج کرتے وقت ان اعضاء کی اصلاح اور صحت کا خاص خیال رکھتے ہیں کیونکہ یہ صحت مند اور درست ہیں تو سارا جسمانی نظام درست رہتا ہے۔

اسی طرح اس جسم انسانی کے اندر ایک اور چیز ہے جسے جان یا روح کہتے ہیں اور یہ اتنی اہم ہے کہ جب تک یہ جسم کے اندر ہے انسان زندہ رہتا ہے اور یہ نکل جائے تو اسے مردہ کہتے ہیں زندہ انسان جو کام کرتا ہے وہ دراصل روح ہی کرتی ہے جسم کے اعضاء تو بس اس کے لیے اوزار یا اسلحہ کا کام دیتا ہے اس لیے اگر روح صحت مند ہو تو جسم سے ایسے کام کراتی ہے جو خود اس انسان کیلئے

اور پورے معاشرے کے لیے مفید ہوتے ہیں اور اگر روح کی اصلاح نہ ہو تو جسم ایسے کام کرتا ہے کہ انسان اور حیوان میں کوئی فرق محسوس نہیں ہوتا اور اگر روح زیادہ بگڑے تو وہ جسم انسان کی شکل میں ایک درندہ ہوتا ہے۔

جسم کی طرح روح کے بھی کچھ اعضائے رئیسہ ہیں جن کو لطائف کہتے ہیں جس کی واحد لطیفہ ہے۔ یہ لطائف پانچ ہیں جن کے نام یہ ہیں۔ قلب، روح، سری، خفی اور اخفیٰ باطن کی اصلاح کرنے والے طبیب بھی ان اعضائے رئیسہ کی صحت اور اصلاح پر زیادہ توجہ دیتے ہیں کہ ان کی اصلاح ہو گئی تو سارا باطنی یا روحانی نظام سنور جائے گا اور یہ اصلاح شدہ روح جس جسم کے اندر ہو گی وہ جسم ایسے کام کرے گا جو خالق اور مخلوق دونوں کے ہاں پسندیدہ ہونگے۔

باطن کی اصلاح کے لیے جب کسی ماہر استاد یعنی شیخ کامل کی رہنمائی میں ذکر الٰہی کیا جاتا ہے تو ان لطائف کی اصلاح ہو جاتی ہے اور یہ چمک اٹھتے ہیں روشن اور منور ہو جاتے ہیں ذکر الٰہی سے جب یہ نور حاصل ہو جاتا ہے تو شیطان کو انسان کے باطن میں نقب لگانے کا موقع نہیں ملتا اور انسان کے دل کا تعلق اپنے رب سے قائم رہتا ہے اور انسان صحیح معنوں میں انسان بن جاتا ہے۔

یہ لطائف دراصل روح کی مختلف قوتوں کے مرکز ہوتے ہیں جسم انسانی میں ان لطائف کے مقامات یہ ہیں۔

پہلا لطیفہ قلب ہے اس کا مقام وہ ہے جہاں سینے میں بائیں طرف یہ گوشت کا لوتھڑا دل دھڑک رہا ہے۔

دوسرا لطیفہ روح۔ ٹھیک پہلے لطیفے کے مقابل سینے میں دائیں طرف۔

تیسرا لطیفہ سری۔ پہلے لطیفے کے تین انچ اوپر بائیں طرف

چوتھا لطیفہ خفی تیسرے لطیفے کے سامنے دائیں طرف

پانچواں لطیفہ اخفیٰ قم معدہ کی جگہ جہاں دونوں طرف سے پسلیاں آکر ملتی ہیں۔ ذکر الٰہی کرتے وقت ابتدا میں ان لطائف کو ہی روشن کیا جاتا ہے۔ تاکہ ان پر سے گناہ اور غفلت کی ظلمت دور ہو جائے اور ان میں اطاعت الٰہی کی قوت پیدا ہو جائے۔

## عملی کام

لطیفہ، قلب، روح اور سری راسخ کرانا۔

نوٹ: کتاب تصوف وسیرۃ میں سے ان لطائف کے متعلقہ ابواب کا مطالعہ کرنا اور ان بیان کردہ حقائق کی روشنی میں اپنا جائزہ لینا کہ تزکیہ کا عمل کس قدر ہوا ہے۔

## کھانا تھوڑا ہونے کے باوجود اس میں دوسرے کو شریک کرنے کا ثواب نیز یہ کہ اگر کھانا دو آدمیوں کا ہو اور اس میں ایک اور کو شریک کر لیا جائے تو تینوں کے لیے کافی ہو جاتا ہے

حدیث ابو ہریرہ ؓ: حضرت ابو ہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:
دو آدمیوں کا کھانا تین آدمیوں کے لیے کافی ہو جاتا ہے اور تین آدمیوں کا کھانا چار کے لیے کافی ہو جاتا ہے (اگر مل کر کھائیں)۔

اخرجه البخاري في: كتاب الاطعمة: باب طعام الواحد يكفي الاثنين

# نورِ نبوّت

مولانا محمد اکرم اعوان

وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ۔

قرآن حکیم وہ واحد اور اکیلی کتاب ہے اس کائنات بسیط میں جو سب سے زیادہ اور بار بار پڑھی جاتی ہے۔ قرآن حکیم اس لحاظ سے بھی منفرد ہے کہ آج تک چودہ سو سال میں کم و بیش دو لاکھ تفسیریں لکھی گئیں۔ اور یہ وہ تعداد ہے جو علمی دنیا کی فہرست پر ہے۔ ایسی تفاسیر بھی یقیناً بہت ہوں گی جو مصنف کے پاس ہی رہ گئیں یا منظرِ شہود پر نہ آسکیں۔ طبع نہ ہو سکیں یا اور کسی وجہ سے فہرست میں داخل نہ ہو سکیں۔ جہاں تک اس کے بیان کا تعلق ہے دنیا کے ہر ملک اور ہر شہر میں جہاں جہاں مسلمان ہیں وہاں کی مقامی زبان میں اسی کی تشریحات، نکات اور اسرار و رموز بیان ہوتے رہتے ہیں اور پھر کچھ آیات مبارکہ تو ایسی ہیں جو ہر وقت لوگوں کی زبان پر رہتی ہیں۔ جنہیں لوگ بار بار دہراتے ہیں۔ بار بار پڑھتے ہیں بار بار سنتے ہیں۔ اور روزمرہ زندگی کے عام محاوروں کی طرح وہ آیات مبارکہ ایک تکیہ کلام کی صورت اختیار کر جاتی ہیں کہ ہر شخص انہیں بار بار استعمال کرتا ہے۔ ان ہی میں سے ایک آیہ کریمہ وما ارسلنٰک الا رحمۃ للعٰلمین بھی ہے یہ اتنی عام اور بار بار پڑھی جانیوالی ہے۔ اس کی بے شمار تشریحات کی گئی ہیں اس پر اس قدر لکھا گیا ہے کہ شمار نہیں کیا جا سکتا۔

لیکن یہ بات یاد رہے اللہ جل شانہ کی ذات لامحدود ہے جب کسی ذات کی حد معین ہو جاتی ہے تو وہ محدود چیز بن جاتی ہے۔ اور کوئی محدود چیز کائنات کی خالق اللہ یا الٰہ نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ حد کی تعین اس کی فنا پہ دلالت کرتی ہے۔ جس سفر کی، جس چیز کی، جس شے کی حد معلوم ہو جائے وہ کبھی نہ کبھی ختم ہونے والا ہوتا ہے۔ لیکن اس کی ذات حد و حد سے وراء الوریٰ ہے جس طرح اس کی ذات لامحدود ہے۔ اسی طرح اس کی صفات بھی لامحدود ہیں۔ مخلوق کی صفات کی ایک حد ہے۔ سورج کی روشنی کی ایک حد ہے۔ چاند کی کرنوں کی ایک حد ہے۔ انسانی سوچ کی ایک حد ہے۔ انسانی نگاہ کی ایک حد ہے انسانی سماعت کی ایک حد ہے۔ انسان کے ہاتھوں کی رسائی کی ایک حد ہے۔ اسی طرح عالم ملکوت کی حد ہے۔ فرشتوں کی حد ہے۔ لیکن اسکی ذات کی طرح اس کی صفات کی بھی کوئی حد متعین نہیں کی جا سکتی۔ کیونکہ وہ صفات اس ذات کی ہیں جس کی کوئی حد نہیں اور قرآن حکیم اللہ جل شانہ کا ذاتی کلام ہے اور صفت ہے رب العٰلمین کی۔ قرآن حکیم کی جس قدر تفسیریں، جس قدر تشریحات کی گئی ہیں اس سے کروڑوں گنا اور بھی ہو جائیں جیسا کہ قرآن حکیم کی اپنی ایک آیت میں ارشاد ہے کہ روئے زمین کے درخت قلموں کا روپ دھار لیں اور یہ سمندر سیاہی کے بن جائیں، صفات باری کو لکھتے لکھتے یہ قلمیں ختم ہو جائیں گی، یہ سمندر ختم ہو جائیں گے لیکن اس کی صفات کا احاطہ نہیں کر سکتے۔ اگر اس سے کروڑوں گنا زیادہ تفاسیر لکھی جائیں، کروڑوں گنا زیادہ وعظ کیا جائے، کروڑوں گنا زیادہ نکات بیان کئے جائیں تب بھی جب کوئی اس میں غوطہ لگائے گا وہ ایک نیا جوہر آبدار لے کر نکلے گا۔ جب تک دنیا قائم ہے تب تک لوگ بیان کرتے چلے جائیں گے یہ تو اسی کا ایک علمی انداز

ہے اور اہل علم سمجھ سکتے ہیں لیکن جو ہماری طرح سے عام لوگ ہیں جن کا کوئی علمی پایہ نہیں ہے، کم از کم یہ بات تو وہ بھی سمجھ سکتے ہیں کہ دنیا کی کسی بہترین کتاب کو آدمی بمشکل ایک بار پڑھتا ہے اور اگر وہ اسے بہت ہی پسند آئے تو پھر ساری عمر وہ اس کی لائبریری میں پڑھی رہتی ہے۔ بہت ہی کم کوئی ایسی کتاب ہوگی جسے دوبارہ پڑھنے کو جی چاہے۔ کیونکہ کتاب کا نام آتے ہی سارا مضمون ذہن میں ہوتا ہے۔

لیکن قرآن حکیم ایک ایسی کتاب ہے جسے بار بار پڑھا جائے۔ ہر بار پڑھنے کا ایک نیا لطف آتا ہے۔ الفاظ وہی ہوتے ہیں۔ بات وہی ہے، حقائق وہی ہیں، قصہ وہی ہے، حکم وہی ہے امر وہی ہے، نہی وہی ہے۔ سارے کا سارا الحمد سے والناس تک وہی الفاظ، وہی جملے، وہی اس کے رکوع اور وہی اس کی سورتیں ہیں۔ اسی آیت کریمہ کو لیجئے۔ یا کسی اور آیت کو لے لیجئے۔ تو ایک ہی آیت کو پڑھنا شروع کریں۔ اسے دہراتے دہراتے عمر بیت جائے اس کے دہرانے میں جو لذت ہے وہ ختم نہیں ہوگی۔ بلکہ ہر بار دہرانے پر پہلے سے مختلف لذت نصیب ہوتی ہے۔ اسی لیے یہ کہا بجا ہے کہ قرآن حکیم کے نکات، اس کے اسرار و رموز کبھی اور کسی دور میں ختم نہیں ہوں گے۔ وہ بیان ہوتے رہیں گے۔ ہوتے چلے جائیں گے۔ ہر عہد کے ہر شخص نے بڑے بڑے قیمتی جواہر اس سے نکالے لیکن جسے اللہ غوطہ زنی کی طاقت عطا کرتا ہے جو اس بحر میں اترتا ہے جو اس سمندر میں غوطہ لگانے کی اہلیت رکھتا ہے۔ کوئی بھی خالی ہاتھ نہیں لوٹتا۔

اسی آیت کریمہ کو دیکھ لیجئے۔ سادہ سے الفاظ ہیں، چھوٹا سا ایک جملہ ہے۔ عربی کا ایک قاعدہ ہے کہ جب کسی ذات یا کسی صفت یا کسی کام کی بہت ہی زیادہ تعین کرنا مقصود ہو تو اس کے علاوہ کی نفی کر دی جاتی ہے۔ جیسے لا الہ الا اللہ یعنی جب توحید باری کا نقطہ کمال واضح کرنا مقصود تھا تو پہلے سارے الہوں کی نفی کر دی کہ کوئی بھی الہ نہیں ہے الہ ہے ہی کوئی نہیں۔ قصہ ختم۔ لا الہ، کوئی الہ نہیں کوئی اس قابل نہیں کہ اس کی پوجا کی جائے، اس کے سامنے سر جھکایا جائے اور پھر کہا الا اللہ مگر اکیلا اللہ یعنی کوئی اشتباہ کوئی شبہ، کچھ کسر نہ رہ جائے۔ اسی طرح اسی آیت کریمہ میں فرمایا۔

**وما ارسلنٰک** نہیں بھیجا ہم نے آپ کو، قصہ ہی ختم، آپ کی بعثت کا کوئی مقصد ہی نہیں ہے نہ ہم نے آپ کو بھیجا ہے نہ مبعوث کیا ہے۔ الا، ہاں ایک کام کے لیے یقیناً بھیجا ہے یقیناً مبعوث کیا ہے۔ کس صورت میں؟ **رحمۃ للعلمین**۔ تمام کائنات کے سارے جہانوں کے لیے اپنی رحمت کو مجسم کر دیا یعنی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمۃ للعالمینی کو اسی منفرد انداز سے ارشاد فرمایا کہ کسی اشتباہ، کسی شک و شبے کی، کسی ابہام کی کوئی گنجائش باقی نہ رہ جائے۔ اب اگر ہم رحمت باری کو دیکھتے ہیں تو بنیادی بات یہ ہے کہ ساری مخلوق کا عدم سے وجود میں آنا بھی خود رحمت باری کا کرشمہ ہے۔ کچھ بھی نہیں تھا۔ اللہ کریم نے مخلوق کو عدم سے وجود عطا فرمایا۔ پھر اس میں مختلف سیارے، مختلف ستارے، مختلف زمینیں، مختلف آسمان، مختلف اشیاء کی تخلیق ان کے وجودوں کی تعمیر یہ سب کیا ہے۔ یعنی ربوبیت جسے کہتے ہیں یہ رحمت باری کا ایک شعبہ ہے۔ ساری رحمت نہیں ہے، رحمت کا ایک شعبہ ہے، ربوبیت جس میں نہ صرف تعمیر اور تخلیق ہے بلکہ بدرجہ اتم تربیت اور اس کی پرورش اس کی بقا ان وجودوں کی تعمیر اتنا وسیع نظام ہے ربوبیت باری کا کہ ایک ایک ذرے کی تعمیر کو انسانی ذہن آج تک سمجھ نہیں سکا۔ ابھی اس میں غوطے لگا رہا ہے کہ اس میں سے مزید کیا نکلتا ہے۔ آج کی جدید سائنس جو اپنے عروج پر ہے۔ وہ جب ایک ذرے کو دیکھتی ہے اور پھر وہ ایک عالم کو دیکھتی ہے۔ تو جو کچھ اس کائنات میں ہے، گرمی یا سردی روشنی یا تاریکی، نیکی و بدی ہے یا کمال و زوال ہے، اس سارے کو ایک چھوٹی سی فلم میں بند کر کے ایک ذرے میں سمو دیا گیا ہے۔

اتنے چھوٹے ذرے میں جسے آپ ایٹم کہتے ہیں جو ہزاروں ایٹم ایک قلم کی نب پر جمع ہو سکتے ہیں اتنا چھوٹا ذرہ کہ جسے اب آگے تقسیم نہیں کیا جا سکتا۔ اس ذرے میں اس ساری کائنات کی مائیکرو فلم موجود ہے۔ اب اس باریک ترین فلم میں کس قدر اسرار و رموز پوشیدہ ہیں اس کا دعویٰ سائنس نہیں کر سکتی کہ وہ ان سب کو پا گئی ہے۔ یہاں تک پہنچی ہے کہ اس میں مثبت اور منفی قوتیں ہیں۔ اس میں روشنی و تاریکی ہے۔ اس میں نیکی و بدی ہے اس میں بقا اور فنا کا عمل ہے۔ یعنی پوری کائنات کی ایک مائیکرو فلم ایک باریک ترین ذرے میں موجود ہے۔

اب اگر اس فلم کو انلارج کیا جا سکے۔ تو پتہ نہیں کائنات کے اور کتنے گوشے عیاں ہوں گے۔ آج کا جو انسان یہ سمجھتا ہے کہ سائنس نے اپنی انتہا کو پا لیا ہے۔ عین ممکن ہے کہ کل کا انسان ہماری حالت زار پہ رحم کھائے کہ ان غریبوں کو کچھ پتہ نہ چل سکا۔ آج تک

ہم نے صرف اس ایٹم سے دھماکہ کیا ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں۔
لیکن اگر اس مائیکروفلم کو جو اس ایٹم میں موجود ہے لے کبھی انسانی ذہن پڑھ سکے اس کا کوئی گوشہ کسی کینوس پہ پرنٹ ہو سکے تو پتہ نہیں کتنے اسرار و رموز اس میں سے عیاں ہوں گے جن کو یہاں بیٹھ کر ہماری سائنسی لیبارٹری کے آلات نہیں پا سکتے۔ وہ اسرار یقیناً اس مائیکروفلم میں موجود ہوں گے۔ اب دیکھئے کب پہنچتا ہے انسان وہاں۔ یہ کیا ہے؟ یہ ایک ادنیٰ سا اشارہ ہے عظمت ربوبیت کی طرف اور ربوبیت شعبہ ہے رحمت باری کا اور اللہ کا ایک بندہ سر تا پا اپنے وجود عالی کے ہر ہر ذرے کے اعتبار سے اللہ کی رحمت مجسم ہے۔ کتنی عجیب بات ہے یہ ساری حکمتیں، یہ سارے اسرار و رموز یہ ساری کیفیتیں محتاج ہیں رحمت باری کی، ایک شعبہ ربوبیت کی۔ ورنہ پوری رحمت میں جہان نہیں ہے۔ کروڑوں جہان ہیں۔

جب لوگوں نے طائف میں پتھر پھینکے تو اللہ نے اس فرشتے کو خدمت عالی میں بھیجا جسے ملک الجبال کہا جاتا ہے تو اس نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہوں نے اپنی حیثیت کے مطابق پتھر پھینکے ہیں جو یہ اٹھا سکتے تھے۔ اللہ کریم فرماتے ہیں اگر میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اجازت دیں تو تم پہاڑوں پر بیٹھے کیا کرتے ہو ان پر دو چار پہاڑ اٹھا کر پھینک دو۔ تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو جملہ فرمایا وہ آپ کے سارے ارشادات حق ہیں لیکن وہ کتنا کھرا ہے۔ فرمایا اللہ! ان کے ساتھ ایسا نہ کر۔ یہ مجھے پتھر تو مار رہے ہیں۔ یہ زیادتی کر رہے ہیں لیکن ایک بات ہے۔ فَاِنَّھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ یہ بیچارے مجھے جانتے نہیں۔ انہیں معاف کر دے۔ اور اگر تو چاہتا ہے تو میری معرفت انہیں عطا کر دے۔ اللہ انہیں بتا دے کہ میں کون ہوں۔ یہ جو پتھر پھینک رہے ہیں اس لیے کہ مجھے نہیں جانتے وہ جو پتھر ہم پھینکتے ہیں وہ ہے ہر نافرمانی، خلاف سنت ہر کام۔ یہ پتھر ہے جو ہم روضہ اطہر کی طرف اچھالتے ہیں۔ اس کا سبب بھی وہی ہے کہ ہم نے مانا تو ہے جانا بہت کم ہے۔ مانا اس لیے کہ یہ ماننا ہمیں وراثتاً مل گیا۔

اللہ کا احسان تھا مسلمانوں کے گھروں میں پیدا ہوئے۔ اور موروثی ایمان نصیب ہو گیا لیکن ماننے اور جاننے میں بڑا فاصلہ ہے جاننے والا تو گردن کٹا سکتا ہے نافرمانی نہیں کر سکتا۔ سر کٹ سکتا ہے پھر نہیں سکتا۔ اور جنہوں نے جانا انہوں نے کٹا دیئے پھیرے نہیں اٹھایا نہیں اس دروازے سے۔

ہم اس کی وسعتوں میں کھو گئے اور شاید کھو جائیں گے۔ یہ ایک ادنیٰ سی جھلک ہے جمال مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت رسالت کی۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کی۔

لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمت اللعالمینی صرف یہی نہیں ہے کہ اس کائنات کی ربوبیت ایک شعبہ رحمت ہے بلکہ ایک پہلو اور بھی ہے جس کی طرف بہت کم لوگوں کی نگاہ گئی ہے۔ بہت کم لکھا گیا ہے۔ اور بہت کم بیان ہوتا ہے۔ ہم اپنی حیثیت کے مطابق رحمت عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رحمۃ اللعالمینی کے اس گوشے میں جھانکیں اپنی نظروں کو اس گلشن کے گلوں سے سیراب کریں اپنی قلوب کو ان فضاؤں کی خوشبو سے معطر کریں چمن کے اس گوشے میں چلتے ہیں جہاں بہت کم لوگ جھانک سکے ہیں۔ بہت کم لوگوں نے دیکھا ہے اسطرف شاید وہاں دیکھنے کے لیے کسی اور نگاہ کی ضرورت ہے۔ کسی اور آئینے کی ضرورت ہے۔ کسی اور چشمے کی ضرورت ہے آئیے اس طرف چلتے ہیں رحمت کا ایک خاص پہلو انسان کو شرف انسانیت عطا کرنا۔ انسانیت کیا ہے قرآن حکیم سے پوچھیں تو انسانیت کی تکمیل قرآن حکیم میں یہ ہے کہ ساری مخلوق میں رب جلیل نے اپنی ذات کو پہچاننے کا شعور صرف انسان کو بخشا ہے۔ فرشتہ نوری مخلوق ہے۔ عرش پہ رہتا ہے۔ لوح محفوظ کو پڑھتا ہے۔ اعمال لکھتا ہے۔ جنت میں بھی چوکیدار ہے جہنم میں بھی چوکیدار ہے۔ وحی لاتا ہے انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے پاس بڑی عظمتیں ہیں فرشتے کی۔ لیکن فرشتہ حکم کا بندہ ہے۔ حاکم کے خیمہ الوہیت میں جھانکنے کی تاب نہیں رکھتا۔ حاکم کی ذات سے اس کا تعلق اس کے حکم کا ہے۔ جہاں تک معرفت ذات کا تعلق ہے اس میں فرشتے کو کوئی دخل نہیں ایک حد ہے کہ تمام ملائکہ کے سردار روح الامین جبرائیل امین جو ہیں سدرۃ المنتہیٰ پہ پہنچ کر انہوں نے عرض کیا تھا کہ

یک سرے موئے برتر پرم
فروغ تجلی بسوزد پرم

کہ یہاں سے آگے تجلیات ذات ہوتی ہے اندیشہ ہے انہیں برداشت کرنے کا متحمل نہیں۔

لیکن انسان یہ مشت خاک یہ مشت غبار جو اتنا بے بس اتنا مسکین، اتنا بے چارہ کہ ایک جھونکا نسیم کا اسے گرا دیتا ہے ایک بال کا درد ایک واڑھ کا درد، ایک جسم کا ذرا سا زخم اسے بے تاب کر دیتا ہے۔ ایک وقت کی بھوک اسے بے قرار کر دیتی ہے۔ ذرا

ہوا چلے تو یہ مرنے لگتا ہے۔ ذرا تمازت ہو تو سورج کی یہ تاب نہیں لاتا۔ یہ کمزور ترین مخلوق جو اپنی جان بچانے کے لیے ساری کائنات کی کھال کھینچتا پھرتا ہے۔ درختوں کو جلاتا ہے۔ پھلوں کو کھاتا ہے۔ جانوروں کو ذبح کرتا ہے۔ کسی کی کھال اوڑھتا ہے۔ کسی کی ہڈیاں استعمال کرتا ہے کسی کا گوشت۔ یہ ساری دنیا کو تہہ و بالا کر کے چھپ چھپا کر اپنا وقت گزارتا ہے۔ اور ایسا بیوقوف ہے کہ پھر کہتا ہے۔ انا ربکم الاعلیٰ۔ اپنی حیثیت بھول جاتا ہے۔ کہ یہ اتنا کمزور اور ایک مشت غبار ہے

اسے ساری کائنات پر فضیلت ہی یہی ہے کہ اللہ نے اسے وہ شعور بخش دیا کہ اگر اس کا وہ شعور زندہ ہو جائے تو یہ ذات باری کو اپنی حیثیت کے مطابق پہچان سکتا ہے۔ اور صرف انسان ہی کوئی دوسری مخلوق نہیں۔ کائنات میں اسی لیے قرآن حکیم نے بجا طور پر یہ تعین کر دی کہ جو انسان اس نور سے آشنا نہ ہو۔ جس کا شعور بیدار نہ ہو۔ اسے حیوان کہو۔ انسان نہیں ہے۔ اولٰئک کالانعام۔ وہ چار پاؤں کی طرح ہیں۔ کھانا، پینا، پیٹ بھرنا، بچے پیدا کرنا، گھر ٹھکانہ بنانا، اور مر جانا۔ یہ زندگی کے وہ فنکشن ہیں جو ہر جانور کرتا ہے۔ اگر یہی کچھ انسان نے بھی کیا۔ تو وہ بھی ایک جانور ہے بلکہ چوپاؤں سے گیا گزرا۔ بل ھم اضل۔ ان سے بھی گیا گزرا۔ بلکہ انہیں تو اللہ نے پیدا ہی چار پائے کیا تھا۔ اور یہی انہیں استطاعت دی تھی اتنا ہی وہ کر سکتے تھے۔ یہ بحیثیت انسان کائنات کی وسعتوں سے اوپر جا کر خیر الوہیت میں جھانک سکتا تھا اس نامراد نے بھی یہی کیا تو ان سے بھی گیا گزرا ہے اس نے تو اپنی استعداد انسانیت کھو دی۔ اس شعور کو جلا ملتی ہے نور نبوت سے۔

رحمۃ اللعالمین کا ایک پہلو یہ ہے کہ جو نقطہ انسانیت ہے جذبات بنی آدم کو انسان بنا گئی۔ حیوانوں سے بالاتر کر گئی جو اس کے اس شعور کو روشن کرتی ہے کہ یہ معرفت ذات میں اپنا شعور استعمال کرے۔ یا جو اسے جرات رندانہ دیتی ہے کہ یہ خاک نشین جمال باری کی طلب لے کر اٹھتا ہے۔ یہ عجیب بات ہے۔ اسے یہ جرات رندانہ نور نبوت سے ملتی ہے۔ نور ایمان سے ملتی ہے۔ اگر اس کا تعلق رحمۃ اللعالمین صلی اللہ علیہ وسلم سے ہو جائے۔ تو اس کے دل میں وہ شعلہ بیدار ہو جاتا ہے اس کا شعور کام کرنے لگتا ہے اس کے جذبات زندہ ہو جاتے ہیں۔ اور یہ انسانوں کی صف میں قدم رکھتا ہے۔ اور اگر ایسا نہ ہو تو بادشاہ رہے یا فقیر رہے ایک حیوان ہے من جملہ دوسرے حیوانوں سے بدتر۔ یہ شعلہ جو بارگاہ نبوت سے تقسیم ہوتا ہے یہ وہ ایمان ہے۔ نور ایمان ہے جو نور نبوت سے نصیب ہوتا ہے۔ وہ تعلق قلبی ہے۔ جو محمد رسول اللہ ﷺ سے نصیب ہوتا ہے۔ اور یہی وہ نور ہے جو ایک فقیر کو وہ معرفت عطا کرتا ہے کہ سارا القرآن اٹھ کر کہتا ہے "کہہ دے اللہ ایک نہیں ہے" وہ کہتا ہے "ارے بیوقوف میرے سامنے تو وہ حجاب ہے میں اس کا انکار کیسے کروں۔ تجھے نظر نہیں آتا تو کہہ دے نہیں ہے لیکن میں کیسے کہہ دوں کہ میں اس کی ذات کا۔ اس کے جمال کا دیدار کر رہا ہوں میں کیسے کہہ دوں۔ بیوقوف پاگل ہے تو۔ وہ تو اتنا عیاں ہے دیکھ سامنے ہے۔ پھر تو کہتا ہے اس کا انکار کر دوں۔ جبکہ وہ میرے سامنے موجود ہے۔"

لفظی فلسفے وہ جرائتیں نہیں دیتے کہ انسان کٹ جائے۔ لیکن آنکھ نہ پھیرے۔ یہ جرائتیں لفظی جذبے نہیں دیتے۔ یہ جرائتیں نور ایمان کی ہیں اور وہ ہی نور برکات نبوت کہلایا۔ جس سے نبی رحمت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انسانی قلوب کو منور فرما کر اس قابل کر دیا کہ وہ دال روٹی سے بالاتر بھی کچھ سوچیں۔ یہ دنیا کی دال روٹی تو معمولی چیز ہے۔ دنیا کی حکومت تو معمولی سی چیز ہے۔ دنیا کے حالات تو بہت تھوڑے وقفے کے لیے ہیں اور بہت عبرت انگیز ہیں ہم نے یہاں بعض قیدیوں کو جیلوں سے نکل کر حکمران بنتے دیکھا اور تخت سلطنت سے اتر کر پھانسی پر جھولتے دیکھا۔ پھر بھی ہمیں عبرت نہیں آئی۔ یہ دنیا کا نظام تو کسی بھی حیثیت سے قابل اعتبار نہیں۔ البتہ آخرت میں جنت اللہ کی رحمت کی مظہر ہے۔ جنت کی خوبی کیا ہے۔ جنت ایک سرٹیفکیٹ ہے اللہ کی رضامندی کا۔ جنت ایک سند ہے اللہ کی رضا کا۔ اللہ کی رحمت کا۔ جس طرح دوزخ اس کی ناراضگی اور اس کے غصے کے اظہار کا ذریعہ ہے اسی طرح اس کی رحمت کے اظہار کا ذریعہ ہے۔ جنت اور جنت کی نعمتیں۔ اللہ نے ان نعمتوں کی تعریف فرمائی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان نعمتوں کی تعریف فرمائی۔ پھر انہیں مانگنے کا حکم دیا۔ اللہ کے رسول نے۔ خود ذات باری نے فرمایا۔

انسان اگر لالچ ہی کرلے طمع ہی کرے تو اسے طمع آخرت کا ہی کرنا چاہیے۔ لیکن جب رحمۃ اللعالمین کا ابر برستا ہے۔ کسی دل پر۔ تو اس کی تمنائیں بدل جاتی ہیں۔

ایک دیوانہ سا بدو، ایک بھوکا مفلس عرب۔ کپڑے پھٹے ہوئے پریشان حال، جس کے بال بچے بھوک سے بلکتے ہوئے جاتے ہیں اور بیوی خالی ہنڈیا پانی ڈال کر چولہے پر چڑھائے رکھتی ہے کہ کتنا انتظار کریں گے۔ آخر سو ہی جائیں گے۔ وہ مسجد نبوی میں بیٹھا ہے جنت کی تعریف ہو رہی تھی۔ رہ نہ سکا، ضبط نہ کر سکا۔ بے تحاشا کہہ اٹھا "یا رسول اللہ ہمیں جنت نہیں چاہیے" یہ اتنی بڑی بات تھی کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ مانگنے کا حکم دیتا ہے۔ میں مانگنے کے لیے کہہ رہا ہوں۔ پاگل ہے۔ تم کہتے ہو نہیں چاہیے۔ تو اس نے وجہ بتائی۔ کتنی عجیب بات ہے۔ کہتا ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھوک بھی ہے۔ افلاس بھی ہے بیماریاں بھی ہیں۔ خطرہ دشمنوں کا ہے۔ روئے زمین کا کفر ہم پر نگاہ رکھے ہوئے ہے کہ ہمیں تباہ کر دے۔ جنت میں نہ افلاس ہے نہ بھوک ہے نہ بیماری ہے۔ نعمتوں کی فراوانی ہے۔ یہاں صحت و بیماری کے ساتھ موت کا دھڑکا ہے۔ وہاں نہ بیماری ہے نہ موت ہے۔ آرام ہی آرام ہے۔ میں سب جانتا ہوں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

لیکن ان ساری تکلیفوں میں مزا یہ ہے کہ ہم جب آتے ہیں تو مسجد نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم میں آپ صلی اللہ وسلم کا رخ روشن موجود ہوتا ہے ہم رخ انور کے جمال سے سیراب ہوتے ہیں۔ جنت میں آپ کے منازل انتہائی بلند ہوں گے۔ ہم فقیر کہیں نیچے پڑے ہوں گے۔ کیا خاک مزا اس جنت کا۔ جس میں آپ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا جمال نصیب نہ ہو، تو پھر کیا کھائیں گے جنت میں، کیا پہنیں گے جنت میں۔ جنت سے ہمیں کیا حاصل ہو گا۔ ہمیں قیمتی لباس نہیں چاہیے۔ ہمیں سونے کے محل نہیں چاہئیں۔ جواہرات جڑی دیواریں نہیں چاہئیں۔ رب کریم سے کہہ دو۔ میری گزارش ہے کہ مجھے تیری نعمتیں نہیں چاہئیں۔ لیکن مجھ سے میرے حبیب صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا چہرہ نہ چھیننا۔ اتنی بڑی حقیقت کیسں؟ پاگل تھا نہیں، بات جاننے کی ہے۔ وہ جاننے کی لذتیں ہیں معرفت کی لذت ہے۔ جس نے رحمت مجسم کو دیکھا ہو وہ بھلا رحمت کے ایک حصے پہ راضی ہو گا؟ ارے بھلا جس نے سارے کا سارا سامنے دیکھا۔ اسے کہہ دو تجھے اس کا پچاس فیصد دیتے ہیں ساٹھ فیصد دیتے ہیں۔ ستر فیصد دیتے ہیں۔ پاگل ہے وہ کہے گا سارا چھینتے ہو اور ایک حصہ مجھے دیتے ہو۔ میں یہ سودا نہیں کرتا۔

اور اس نے اتنے درد سے کہا کہ اس کی بات کا جواب خود رب جلیل نے دیا ایسا دیوانہ تھا اللہ کریم نے فرمایا۔ کہ جھگڑا کرو۔ میرے ساتھ۔ میں ایسا نہیں ہوں۔ اگر تم نے یہ جذبہ پا ہی لیا ہے تو میں تمہیں یہ بتاؤں قیامت تک آنیوالوں میں جسے یہ درد نصیب ہو گا میں اسے آپ کی محفل سے اٹھاؤں گا نہیں۔ میں جنت کی دیواریں کھول دوں گا۔ جنت کے دروازے وا کر دوں گا۔

اولٰئک مع الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصٰلحین وحسن اولٰئک رفیقا۔ کتنی مزیدار محفلیں ہوں گی۔ ان کی حسن اولٰئک رفیقا۔ کیسی مجلسیں جمیں گی۔ ان کی کیا رونقیں ہوں گی۔ کیا مزے سے بیٹھیں گے مل کر۔ فرمایا میں منع نہیں کروں گا۔ گھر تو یہاں بھی تمہارا اپنا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا دولت کدہ اپنا ہے۔ جس طرح یہاں در دولت پر حاضر ہوتے ہو لڑتو نہیں اور رو ٹھو نہیں۔ ناراض نہ ہو جاؤ۔ تم حق غلامی ادا کرتے رہو۔ وہاں بھی تم اسی طرح میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں بیٹھنا اور ان کے جمال سے اپنی آنکھوں کو سیراب کرتے رہنا۔

ارے! دنیا کے ایک ایک لمحے پر ہم اطاعت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم چھوڑ دیتے ہیں ہم نے کیا دیکھا۔ ہم کب واقف تھے۔ ہم نے کب جانا۔ ہمیں یہ چند ٹکے بیگانہ کر دیتے ہیں۔ ان کی یاد سے ہمیں چند عارضی لذتیں چھڑا دیتی ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس سے ہمارا دلوں میں وہ گرمی ہی نہیں آتی اگر سائنسدان کی نگاہ ایٹم میں جھانک سکتی ہے۔ ہم غضب خدا کے گرفتار ہو گئے ہیں۔ کہ ہماری نگاہ محافل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے محروم ہو گئی کیوں؟ کیا وہ رحمۃ اللعالمینی محدود تھی۔ ان لوگوں کے لیے تھی۔ انہی دلوں کے لیے تھی۔ نہیں! یہ ابدی ہے ہمیشہ کے لیے ہے کہ کوئی کمی ہمیں میں تھی کہ جو یار نہ ان کو آ سکے۔

اگر ان کی محافل ابدی ہیں۔ اگر ان کی مجالس دائمی ہیں تو پھر قصور اسی طرف ہے۔ ہم ہی اتنے کمزور نگاہ والے نکلے کہ ایک لقمے پر بک گئے۔ اور اطاعت حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کا دامن ہمارے ہاتھوں سے چھوٹا جا رہا ہے عجیب بات ہے۔

کل ہی ایک دوست کا خط آیا تھا مجھے کل ملا کہ صحت خراب رہتی ہے۔ صحت ٹھیک نہیں ہے نمازیں چھوٹ جاتی ہیں جواب میں میں نے دو چار ہی جملے لکھے ہیں کہ میرے بھائی بیماری نے تم سے کھانا تو نہیں چھڑا لیا ہو گا۔ بیماری نے سونا یا جاگنا نہ چھڑایا ہو گا۔ بیماری نے تم سے ملازمت نہ چھڑائی۔ بیماری نے تم سے باتھ روم

جانا نہ چھوڑا۔ یہ نماز کا رشتہ اتنا کمزور تھا کہ سب سے پہلی زد اسی غریب پر پڑی۔ طبیعت خراب ہوئی اور نماز چھوٹ گئی۔ یعنی سب سے کمزور حصہ سب سے کمزور تعلق اسی کے ساتھ تھا۔ تو کیا فائدہ اس لولی لنگڑی مسلمانی کا۔ کیوں اس غریب سے چمٹے ہوئے ہو نہ ہونے سے تو بہر حال بہتر ہے لیکن شرمندہ شرمندہ سا مسلمان رہنے سے کیا فائدہ۔ کیا حاصل معذرت خواہانہ اسلام کا۔ کیا بنے گا۔ مارے آگے بڑھو ہمت کرو۔

وہاں تو رب جلیل نے عجیب منادی کر دی۔ ایسا کریم ہے کہتا ہے اس کی ذات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تو بہت بلند ہے۔ ان لوگوں کو دیکھتے ہو جو اس کے خادم ہیں۔ جو اس کے نقش کف پا کے غلام ہیں۔ السابقون الاولون من المهاجرين والانصار دیکھا تم نے ان دیوانوں کو پاگل ہو گئے تھے تم دنیا کے پیچھے پاگل ہو گئے ہو۔ وہ دنیا چھوڑ کر اس حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے

پیچھے پاگل ہو گئے جنہوں نے گھر چھوڑے، جائیدادیں چھوڑیں، رشتے چھوڑے، آرام چھوڑے۔ سب کچھ چھوڑا لیکن دامن پیامبر کو نہیں چھوڑا۔ اور وہ جو مدینہ منورہ میں مزے سے بیٹھے تھے۔ لیکن سارے جہان کی دشمنی اپنے سر لے لی۔ نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کا دامن نہیں چھوڑا۔ جب بیعت عقبہ ہو رہی تھی منیٰ میں تو مدینہ منورہ کے لوگ بھی بیعت عقبہ کے لیے گئے انہیں میں سے ایک سردار نے اٹھ کر باقی ساتھیوں سے کہا دیکھو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت تو کر رہے ہو تم لیکن یہ محض بیعت نہیں ہے۔ یہ بیعت کرنا پوری دنیائے کفر کے خلاف اعلان جنگ ہے۔ تمہارے مدینے پر آج تک کوئی باہر سے حملہ آور نہیں ہوا۔ لیکن یہ بیعت پوری دنیا کی کافر طاقتوں کو مدینہ پر حملہ کرنے کی دعوت دے گی۔ تمہارے جسم کٹیں گے۔ تمہارے بچے قید ہوں گے۔ تمہارے گھر اجڑیں گے۔ تمہیں میدان جنگ میں لڑنا ہو گا۔ تمہاری راتیں گھروں میں نہیں ریت کے ٹیلوں میں، خندقوں میں، احد اور بدر کے میدانوں میں بسر ہوں گی۔ سوچ کر آگے ہاتھ بڑھاؤ۔ سب نے کہا یہ سودا منظور ہے۔

رب کریم نے فرمایا یہ جو پاگل تھے، دنیا نے تھے جنہیں مہاجر اور انصار کہتے ہیں سارے میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کی بات تو دور کی ہے۔ قیامت تک آنے والی انسانیت کا کوئی فرد ان کی غلامی کا حق ادا کر دے۔ وہ کہتا ہے میرے لیے وہ اتنا ہی محبوب ہے جتنے کی وہ تمنا ہی نہیں کر سکتا۔ اسے میں اتنی بخشش، اتنی محبتیں دوں گا کہ اتنا وہ مانگ بھی نہیں سکتا۔ اتنا وہ سوچ ہی نہیں سکتا۔ والذين اتبعوهم باحسان۔ دل کی گہرائی سے ان کی غلامی کا حق ادا کرے۔ اگر خدام کی غلامی کا یہ حال ہے تو آقا کی غلامی کا کیا ہو گا۔ تو پھر یہ چھوٹتی کیوں ہے۔

اس لیے یہ رحمت دو طرح سے بٹی رحمت کا وہ شعبہ جس نے ابن آدم کو انسانیت کا تاج پہنایا وہ دو طرح سے بٹا۔ ایک ارشادات محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، وہ الفاظ مبارک جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائے۔ ان میں قرآن بھی ہے کلام اللہ کا ہے۔ لیکن ہم نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے سنا۔ ہمارے پاس کوئی دوسرا گواہ نہیں ہے۔

کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو کہے کہ وحی نازل ہوتی تھی تو میں بھی ساتھ سنتا تھا۔ یہی بات نہیں ہے۔ کتنی عجیب بات ہے اللہ کے ایک بندے کی بات پر پوری کائنات کی انسانیت کا اللہ کے ساتھ تعلق کا انحصار ہے۔

دوسرا حصہ وہ جذبہ ہے۔ وہ درد ہے وہ نور ہے۔ وہ کیفیت ہے جو صحبت نبوت صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا کی اور جس پہ لوگ دیوانے ہوئے۔ لفظوں سے لوگ دیوانے نہیں ہوتے۔ وہ کیفیات قلبی ہیں جو نور نبوت، مجلس نبوت اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے آنے سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سینہ اطہر سے نکل کر طالبان حق کے سینوں کو روشن کرتی چلی گئیں۔ جسے برکات نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کہا جاتا ہے۔ تعلیمات نبوت، برکات نبوت، جس طرح تعلیمات نبوت کو حاصل کرنا اور آگے پہنچانا فرض ہے۔ ہر مسلمان پر اپنی حیثیت کے مطابق، اگر اسے ایک جملہ مل سکے تو وہ جملہ سیکھے اور سیکھنے کے بعد دوسرے مسلمانوں کو سکھلائے۔ اس طرح برکات نبوت کو پانا ہر مسلمان مرد عورت پر واجب اور فرض ہے ان برکات کو پائے اور پانے کے بعد انہیں آگے پہنچائے۔ رحمۃ اللعالمین کا یہ وہ گوشہ ہے جو انتہائی مستور ہے اور جہاں تک ہمیشہ ان لوگوں کی نگاہ پہنچتی ہے جو تاریخ ساز ہوا کرتے ہیں اور جو زمانے کو زمانے سے نہیں بدلتے وہ ایسے ڈھب کے لوگ ہوتے ہیں اپنی روش پر زمانے کو ڈھال لیتے ہیں۔ یہ ان کا حصہ ہے یہ ہر کسی کا نہیں ہے۔ جو لوگ زمانے میں ڈھل جاتے ہیں ان کا حصہ نہیں ہے۔ اس گوشے پہ ان کی نگاہ پہنچتی ہے جو جہاں کھڑے ہوں تو زمانے کی رفتار

کو الٹ کر اپنے ساتھ چلنے پر مجبور کر دیتے ہیں۔ ان کے قلوب ان نعمتوں کو پاتے ہیں اور ایسے لوگ دنیا میں اس نعمت کو بانٹا کرتے ہیں۔

تو یہ فضول سا کام جو مفتی کی سمجھ میں نہیں آرہا۔ یہ بے کار سی مجلس جس پر مولوی ناراض ہوتا ہے۔ یہ دیوانوں کا کام جو ہمارے دانش وروں کے لیے قابل اعتراض ہے۔ یہ وہی کام ہے جو رحمۃ للعالمین کے اس گوشے، اس نہاں خانے میں جھانکتا ہے۔ وہاں سے ایک جذبے کو انسانی قلوب میں ڈالتا ہے اور انسانوں کو انسان بناتا ہے۔ انسانوں کو وہ جرأت رندانہ عطا کرتا ہے کہ وہ اس کیف جذب پہ مریں۔ طلب کمال اور طلب جمال کو لے کر اٹھیں اور ہمیشہ کے لیے زندہ جاوید ہو جائیں۔ دنیا کی طلب انسانیت کی موت ہے اور وصال الٰہی اور دیدار پیامبر صلی اللہ علیہ وسلم کی طلب حیات جاودانی ہے۔ یہ کہنا آسان ہے، کرنے کے لیے وسائل، اسباب، تعلق کی ضرورت ہے کہ یہ بنانے سے نہیں بنتا۔ یہ سینہ بہ سینہ آتا ہے۔ جس طرح علوم دین انسانوں سے انسانوں کو منتقل ہوئے۔ اسی طرح یہ جذبہ بھی صحابہ سے تابعین سے تبع تابعین کو اور جن کو منتقل ہوتا گیا انہیں صوفی کہا گیا۔

ہر جگہ کمال اور زوال، ہر جگہ بادشاہوں کی اولاد کو گدا کرتے بھی دیکھا گیا ہے۔ یہ تاریخ کا حصہ ہے۔ اسی طرح اہل اللہ کے پاس بھی بعض ناخلف آجاتے ہیں۔ یہ ان کے مزاروں کو، ان کی ہڈیوں کو بیچ کر کھانے پر اکتفا کرتے ہیں۔

لیکن یاد رہے کہ اصل کام یہ ہے کہ وہ جذبہ قلبی حاصل کیا جائے اور حاصل کرنے کے بعد اسے آگے پہنچایا جائے۔ تاکہ سینہ میں دھڑکنے والا یہ دل محض نان جویں پہ فریفتہ نہ ہو۔ اس میں ایک چنگاری لگے۔ اس میں ایک شعلہ فروزاں ہو۔ اس میں ایک طلب پیدا ہو۔ اور یہ بھی پکار اٹھے کہ اللہ میں تجھے دیکھنا چاہتا ہوں۔ بار الٰہا مجھے بھی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قرب چاہیے۔ رخ روشن کا وہ جمال بھی دیکھنے کی توفیق عطا کر دے۔ جس نے ایک جہان کو دیوانہ کر رکھا ہے۔ یہ اوراد، یہ مجلس، یہ بیان، یہ ذکر، یہ مراقبے، یہ ساری محنت اسی ایک گوشے تک نگاہ کی رسائی کے لیے ہے اور اگر نصب العین یہ نہیں ہے پھر سارا فضول ہے۔ میں تو اس میدان کا آدمی نہیں تھا اور نہ اب تک ہوں۔ میں ایک سخت مزاج اور ایک اپنا الگ سا راستہ رکھنے والا، بالکل بے کار، بغیر کسی علم کے، بغیر کسی مجاہدے کے، بغیر کوئی محنت کیے۔ میں تو بالکل ہی اسی راہ سے الگ تھلگ خلاؤں کے جہان کا باسی ہوں۔ اپنے گناہوں سے تنگ کر پناہ چاہی اور بڑا عجیب تجربہ ہوا مجھے کہ جن باتوں سے تنگ کر ہم پناہ چاہتے تھے بڑی بڑی خانقاہوں میں جھانک کر دیکھا تو انہیں ان باتوں کی حسرت تھی کہ کاش ہم بھی ایسا کر سکتے۔ کیا فائدہ۔ یہ اللہ کا احسان ہے کہ اس نے اپنے ایک ایسے بندے کی خدمت میں رہنے کی سعادت بخشی اور رابطہ میں ایک عطا فرمائی جو مجسم عشق رسول تھا۔ بہت واقف تھا وہ درون خانہ سے۔ بہت گہری نگاہ رکھتا تھا۔ بہت دور کی باتیں کرتا تھا۔ لوگ بہت کم سمجھتے تھے اس کی بات کو، پلے تو اپنے بھی کچھ نہیں پڑتا تھا۔ لیکن ایک لذت تھی جس نے دروازے سے اٹھنے نہیں دیا۔ سمجھ تو شاید ہم نہ سکے لیکن چھوڑ نہیں سکے۔ ایک عادت بن گئی۔ ایک کیفیت بن گئی۔ ایک چسکا پڑ گیا جس نے وہیں کا کر کے چھوڑا۔ اب وہ لذت دیوانگی تک بڑھ گئی ہے۔ دل یہ چاہتا ہے کہ سارا جہان اسی دروازے کا ہو جائے۔ پاگل تو چاہتے ہیں کہ سب پاگل ہو جائیں۔ تو جسے پتا ہو اس کے سامنے بھی کوئی دیوار نہیں ہے، راستے کھلے پڑے ہیں۔ لیکن اس پاگل پن میں بھی کوئی پڑ کر دیکھے۔

یہ بھی ایک انداز آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وسلم کی رحمۃ للعالمینی کا۔ اس گوشے کی خوشبوئیں پاگل کر دیتی ہیں۔ لیکن دنیا سے دین سے اندھا نہیں کر دیتیں۔ لیکن دنیا کے بے لطیف بے کیف نظاروں سے اس اندھے پن میں وہ جلا ملتی ہے کہ آدمی وہ کچھ دیکھتا ہے جسے کہتا ہے میں نہیں دیکھتا۔ اور ایک ایسا رشتہ استوار ہو جاتا ہے ذات باری سے۔ ذات پیامبر صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ جس کی لذتیں آدمی بیان نہیں کر سکتا۔ اس لیے کہ کیفیات بیان نہیں ہوتیں کیفیات صرف محسوس کی جاتی ہیں۔ آپ کسی کو ساری عمر بھوک کا فلسفہ سمجھاتے رہیں لیکن نہیں سمجھ سکتا۔ اسے دو دن بھوکا رکھیں وہ خود سمجھ جائے گا بھوک کیا ہوتی ہے۔

ان لذتوں کو، وصال کی گھڑیوں کو طلب کے ان لمحوں کو اگر بیان کرتے بھی رہیں تو کوئی نہیں سمجھ سکتا۔ نصیب ہو جائے تو سمجھ سکتا ہے بتا نہیں سکتا۔

اللہ کریم ہماری لغزشوں کو معاف فرمائے ہماری ان حقیر کوششوں کو بارآور کرے اور اس جہان میں پھر سے ایک دیوانگی کی بہار آئے۔

(بیان جمعہ ۲ فروری ۹۰ء دارالعرفان)

# اجتماعی ذکر

## لاہور

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| اویسیہ - کالج روڈ ٹاؤن شپ | روزانہ | صبح و بعد مغرب |
| مسجد حنفیہ، رحمان گلی نزد پرانا کراؤن اڈہ | جمعہ | ۸ بجے صبح |
| مسجد کنٹونمنٹ بورڈ دفتر لاہور کینٹ | ہفتہ و منگل | بعد مغرب |
| مسجد خضری، سمن آباد | سوموار | " |
| مسجد شان اسلام بی - ۲ گلبرگ ۳ | روزانہ | " |
| مسجد دارالشفقت، چوک یتیم خانہ، ملتان روڈ | " | صبح و بعد مغرب |
| مسجد نور - چوک داروغہ والا - واہگہ روڈ | " | بعد مغرب |
| اقبال مسجد، پریم نگر نزد ایم اے او کالج ساندہ روڈ | " | " |
| مسجد کھجوروالی سید مٹھا بازار - اندرون لوہاری گیٹ | " | " |
| ماسٹر رشید احمد مکان نمبر ۲۲ گلی نمبر ۶۴ وسن پورہ کشمیری محلہ | " | " |

## گجرات وکھاریاں

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| کوٹھی جناب لک صاحب گجرات | ہر ماہ کا تیسرا جمعہ | ½-۱۰ بجے صبح |
| فرید کار رشاپ کھاریاں کینٹ | جمعہ | بعد نماز جمعہ |
| عسکری مسجد، ساؤتھ کالونی کھاریاں | سوموار | بعد مغرب |

## بورے والا - وہاڑی

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| جامعہ انوار القرآن چک 142 E-B | ہر ماہ کا تیسرا جمعہ | بعد مغرب |

## نوشہرہ (سرحد)

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| مسجد کنٹونمنٹ بورڈ دفتر - طفیل روڈ | جمعرات | بعد مغرب |
| مسجد درزیاں - کیولری روڈ | روزانہ | " |
| مسجد ایم - ای - ایس - طفیل روڈ | اتوار و بدھ | " |
| مسجد میڈیکل سٹور - مانکی روڈ | پیر و منگل | " |

## چترال

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| مسجد سید آباد - چترال | روزانہ | فجر و عصر |
| مسجد جامع پرانا بازار - دروش | منگل | ظہر |
| مسجد اتالیق بازار، چترال | جمعہ | بعد نماز جمعہ |
| نیو مسجد دار العرفان، بمبریت | روزانہ | صبح و شام |
| مسجد سکندر، میر کھنی | " | " |

## فیصل آباد

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| گول مسجد پی ڈبلیو ڈی بالمقابل اڈہ جی ٹی ایس | ہر ماہ کی پہلی اور تیسری جمعرات | بعد مغرب |

## گوجرہ

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| مسجد الخضرا - پرانی غلہ منڈی | ہر ماہ کی دوسری جمعرات | بعد مغرب |

## ٹوبہ ٹیک سنگھ

| مقام | دن | وقت |
|---|---|---|
| مرکزی جامع مسجد | روزانہ | بوقت تہجد و بعد مغرب |
| وضلعی ماہانہ اجتماع | ہر ماہ کا آخری بدھ | |

## کراچی

| مقام | دن | وقت | |
|---|---|---|---|
| جامع مسجد ابوبکر صدیقؓ فیز II ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی | ہر جمعرات | بعد نماز مغرب | کرنل محبوب صاحب ۵۴۴۹۹۰ |
| جامع مسجد عثمانؓ بن عفان محمد علی سوسائٹی، کراچی | ہر جمعہ | بعد نماز جمعہ | " |
| مسجد طوبیٰ فیز I ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی کراچی | روزانہ | بعد نماز مغرب | " |
| جامع مسجد اسکول آف آرمی ایئر ڈیفنس ملیر کینٹ کراچی | روزانہ | بعد نماز تہجد اور بعد نماز مغرب | کیپٹن خورشید احمد ۵۴۴۱۲۴ |
| جامع مسجد KARSAZ زیوی | روزانہ | بعد نماز مغرب | چوہدری بشیر احمد KARSAZ |
| عالمگیر مسجد، ماڈل کالونی - کراچی | روزانہ | بعد نماز مغرب | چوہدری شبیر احمد ۴۰۱۵۴۴ |
| جامع مسجد مدینہ، بلال کالونی، کورنگی کراچی | روزانہ | بعد نماز تہجد اور بعد نماز مغرب | مفتی عبدالمنان صاحب |
| نیول کالونی، ڈالیاں SRE III کوارٹر نمبر 113/5 | روزانہ | " | قاضی محمد اسلم صاحب |
| اویسیہ سفریات، الکرم اسکوائر لیاقت آباد نمبر ۱۰ | روزانہ | بعد نماز مغرب | غلام مصطفیٰ صاحب ۶۷۲۰۱۲ |

کراچی کے احباب رابطے کے لیے کسی بھی وقت اور کسی بھی مندرجہ بالا فون نمبروں پر بات کر سکتے ہیں۔

ڈاکٹر ملک غلام مرتضےٰ

# بنو عبّاس کے دَور میں مُسلمانوں کا معاشرتی کردار

بنو عباس کے دَور میں مسلمانوں کا معاشرتی کردار ہمارے لیے اس اعتبار سے بہت اہمیّت رکھتا ہے کہ ہمیں اس آئینہ تاریخ میں اس دَور کے مسلمانوں کے معاشرتی کردار کے کافی خدوخال نظر آتے ہیں۔ تاریخ کا یہ باب ہمارے لیے سراپا عبرت ہے۔ چنانچہ اس دور کے مسلمانوں کا معاشرتی کردار چند اُبھری ہُوئی خصوصیات پیشِ خدمت کرتا ہُوں۔

پہلی خصوصیّت یہ ہے کہ عباسی دَور کا مسلمان علمی مزاج رکھتا ہے، یہی وہ دَور ہے کہ دینی علوم مکمل طور پر مدوّن ہُوئے۔ ابنِ جریجؒ نے مکہ میں، امام مالکؒ نے مدینہ میں، امام اوزاعیؒ نے شام میں، سفیان ثوریؒ نے کوفہ میں احادیث کو مدوّن و مرتب کیا۔ تدوینِ فقہ میں ائمہ اربعہ کی کوششیں سنہری حروف سے لکھنے کے لائق ہیں۔ اس طرح سے تفسیر، اسمار رجال، نحو وصرف، ادب لغت کے فنون بھی اسی دَور میں پایۂ تکمیل کو پہنچے۔

دینی علوم کے ساتھ ساتھ اس دَور کے عُمرانی علوم بھی اسلام کی تعلیمات کی روشنی میں بہت عمدگی کے ساتھ مدوّن کیے گئے۔ ان کے علاوہ طبیعاتی علوم مثلاً طبیعات، کیمیا، نباتات، طب، ریاضی میں بھی مسلمانوں نے انتہائی ترقی کی اور بعض علوم مثلاً الجبرا کو باقاعدہ ایجاد کیا۔ اس دَور کی سائنسی ترقی آئندہ کئی صدیوں تک تمام سائنسدانوں کے لیے مشعل کا کام دیتی رہی۔

علمی میدان میں سب سے نمایاں خدمت صُوفیا کی طرف سے ہے۔ رُوحانیات جسے بعد میں اصطلاحاً تصوّف یا طریقت کہا جانے لگا، اس دَور میں معاشرتی کردار کا اہم ترین جُز نظر آتا ہے۔ تصوّف کے تمام سلاسل اس دَور سے ہی الگ الگ ناموں اور شجرہ ہائے طریقت کے ساتھ نمایاں ہونے لگتے ہیں۔ تصوّف پر اہم ترین کُتب اسی دَور میں لکھی گئیں اور صُوفیا کی بزرگ ترین شخصیتیں اسی دَور میں روشنی کے میناروں کی طرح سے چمک رہی ہیں۔

یہ وہ دَور ہے جب کہ دین کو باقاعدہ طور پر حکومت کی سرپرستی حاصل نہیں رہی تھی۔ دین اجتماعی طریقۂ زندگی ہونے کی بجائے ایک انفرادی ضابطہ حیات کی شکل اختیار کر چکا تھا سیاست اور دین نہ صرف علیحدہ علیحدہ ہو گئے تھے بلکہ اکثر و بیشتر باہم دگر برسرپیکار رہا کرتے تھے۔ دین وتصوّف کے علمبردار صرف وہی لوگ تھے جو خود کو ہمیشہ کے لیے سیاست سے علیحدہ کر چکے تھے اور اپنے آپ کو ہمہ تن دینی علوم اور روحانی تربیت کے لیے وقف کر چکے تھے۔ بعض دفعہ ایسا بھی ہُوا ہے کہ بعض صُوفی بزرگوں کو اتنی ہر دلعزیزی حاصل ہُوئی کہ خلیفہ وقت بھی رشک کرتے رہ گئے۔ مشہور واقعہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن

مُبارک جب حج سے واپس بغداد تشریف لائے تو لوگ اتنی کثرت سے اُن کے استقبال کو گئے کہ ہارون الرشید کی ملکہ زبیدہ کو یہ کہنا پڑا کہ امیر المومنین لوگوں کے دلوں پر اصل حکومت تو عبداللہ بن مبارک کی ہے۔ آخر آپ بھی تو حج کر کے واپس آئے تھے' اتنی کثرت سے لوگ آپ کے استقبال پر کیوں نہیں گئے۔" ہارون نے برجستہ جواب دیا کہ "یہ بات میرے لیے حسد کی بجائے فخر کا باعث ہونی چاہیے کہ عبداللہ بن مبارک جیسی شخصیت میری سلطنت میں موجود ہے"۔

سُلطان سنجر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی ہر دلعزیزی سے اس قدر متاثر بلکہ خائف ہُوا کہ اس نے اپنی سلطنت کا ایک حصّہ حضرت شیخ کی خدمت میں پیش کرنا چاہا۔ حضرت شیخ نے یہ مشہور قطعہ جواب میں لکھ دیا۔ قطعہ یہ ہے۔

چوں چترِ سنجری رخِ بختم سیاہ باد
در دل بود اگر ہوسِ ملکِ سنجرم
زانگہ کہ یافتم خبر از ملکِ نیم شب
من ملکِ نیم روز بیک جو نمی خرم

عباسی دَور کے مسلمانوں کی دوسری اہم خصوصیت ان کا فکری آوارہ پن ہے۔ حضور رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ العلم علمان، علم الادیان و علم الابدان ۔ یعنی علم دو قسم کا ہوتا ہے۔ علم ادیان اور علم ابدان ۔ اس کے علاوہ علم کی کسی اور قسم کو حضورِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنظرِ تحسین نہیں دیکھا بلکہ سچ تو یہ ہے کہ اسے علم ہی تسلیم نہیں کیا۔ مسلمانوں کا وہ گروہ جس نے دینی علوم اور سائنسی علوم میں تحقیق کی، وہ تو لائقِ صد ستائش ہے اور صحیح علمی مزاج کا حامل ہے مگر بدقسمتی سے علمی مزاج کے نام پر ہی عباسی دَور کے مُسلمانوں میں حکومت کے زیرِ سرپرستی ایک ایسی تحریک شروع کی گئی جس نے آخر کار علمی عملی، معاشرتی، سیاسی اور معاشی بلکہ ہر اعتبار سے مسلمانوں کو مفلوج کر کے رکھ دیا۔ یہ تحریک بظاہر آزادئ فکر کی تحریک تھی، لیکن یہ ایک سوچی سمجھی سازش تھی جس نے مسلمانوں کے عقائد، ان کے مشن اور ان کی مجاہدانہ زندگی کا جنازہ نکال دیا یہ فلسفہ یُونان کی درآمد تھی جس کے ساتھ ساتھ عیسائی رہبانیت اور ہندو فلسفہ ویدانت بھی آگیا۔ اکبر نجیب آبادی تاریخ اسلام حصّہ دوم میں لکھتے ہیں :

" مامون کو ارسطو کی کتابوں کا ترجمہ کرانے کا شوق ہُوا تو اُس نے قیصرِ روم کو لکھا کہ ارسطو کی تمام تصانیف جہاں تک دستیاب ہوسکیں فراہم کر کے ہمارے پاس بھیج دو۔ قیصر کو اس حکم کی تعمیل میں کچھ تامل ہُوا اور اس نے اپنے عیسائی علماء سے مشورہ لیا تو انہوں نے کہا کہ فلسفہ کی کتابیں ہمارے ملک میں مقفل و محفوظ ہیں اور ان کو پڑھنے پڑھانے کی کسی کو اجازت نہیں کیونکہ اس سے مذہبی احترام لوگوں کے دلوں میں باقی نہیں رہ سکتا۔ ان کتابوں کو آپ ضرور خلیفۂ اسلام کے پاس بھجوادیں تاکہ وہاں فلسفہ کی اشاعت ہو اور مسلمانوں کا مذہبی جوش سرد پڑ جائے۔ قیصر نے پانچ اونٹ ان کتابوں سے لاد کر خلیفہ مامون الرشید کے پاس بھجوا دیے"۔

لطف کی بات یہ ہے کہ ان کتابوں کے ترجمے کا سارا کام عیسائی اور یہودی علماء نے کیا جن کے مشہور نام یعقوب کندی حنین بن اسحاق، قسطا بن بوتا، ابو جعفر یحیٰی بن عدی جبریل اسی طرح سے مجوسی علماء نے کارہائے نمایاں سرانجام دیے اور بالکل اسی طرح سے ہندوستان سے سنسکرت کے علماء او پنڈت پہنچ گئے۔

یوں عباسی دَور میں فلسفہ اور مابعد الطبیعات کی داغ بیل ڈالی گئی۔ فلسفہ بذاتِ خود شجرِ ممنوعہ نہیں ہے لیکن اگر اس کی ابتدا ہی زہرناک ہو تو اس کی انتہا سوائے فکری آوارہ پن کے اور کچھ نہیں ہوسکتی۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں میں فلسفہ مشائین

کے سب سے بڑے استاد ابنِ سینا کے بارے میں علامہ اقبالؒ یوں فرماتے ہیں ؎

یورپ کے کرگسوں کو ابھی تک نہیں خبر
ہے کتنی زہرناک ابی سینا کی لاش
ہو لے کو ہے یہ مردہ دیرینہ قاش قاش

مُسلمان فلسفی یونانی مابعد الطبیعات سے اس قدر متاثر ہوئے کہ وہ بیچارے اسلامی عقائد مابعد الطبیعات کو فلسفۂ یونان کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کرتے۔ اگر کہیں مطابقت نظر آتی تو پھولے نہ سماتے۔ اگر مطابقت نظر نہ آتی تو مطابقت پیدا کرنے کی کوشش کرتے۔ خواہ اسلامی عقائد میں کچھ قطع و برید ہی کیوں نہ کرنی پڑے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اسلام کے بنیادی عقائد حتی کہ توحید، رسالت اور آخرت کچھ بھی ان کی دستبرد سے محفوظ نہ رہ سکا۔ امام غزالیؒ وہ شخصیت ہیں جنھوں نے اس فکری اوارہ پن کا کامیابی کے ساتھ سدِباب کیا اور تہافۃ الفلاسفہ جیسی کتابیں لکھیں۔

تیسری اہم خصوصیت مقصدیت کا فقدان ہے۔ خلفائے راشدہ کے دور تک مسلمانوں کے تمام انفرادی و اجتماعی کام ایک مشن کے تابع تھے۔ زندگی کا کوئی لمحہ اس مقصدِ عظیم سے خالی نہ تھا جس کے لیے انسان کو پیدا کیا گیا ہے لیکن عباسی دور تک پہنچتے پہنچتے مسلمان اپنی زندگی کے نصب العین سے غافل ہو چکے تھے۔ خلفائے وقت اکثر دادِ عیش دیتے تھے۔ جہاد کی روح ختم ہو چکی تھی اور مسلمان جہاد سے ثقافت کی طرف مائل ہو رہے تھے۔ زندگی کے تلخ حقائق سے گریز، ذہنی تعیش، ادبی لطافتیں، ٹھوس علمی فکر کی بجائے تجریدی فکر اور ایسا تجریدی فکر جس کا عملی زندگی سے کوئی تعلق نہ ہو۔ ان حضرات کی طبیعتِ ثانیہ بن چکے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پوری قوم

# ترمیم شُدہ پروگرام

- ۲۳، اپریل سے ۵ مئی تک ———— دورۂ انگلستان و یورپ
- ۹ مئی (جمعرات) حاضری مرشد آباد۔ رات قیام۔ صبح دار العرفان واپسی
- ۱۲ مئی سے ۱۶ مئی تک کراچی قیام
- ۲۲ مئی کو لاہور سے نیویارک روانگی ———— امریکہ میں ۲۳ دن قیام
- ۱۶ جون کو نیویارک سے جدہ حج کے لیے روانگی۔
- ۲۸ جون کو جدہ سے ریاض کے لیے روانگی
- ۳ جولائی (بروز بدھ صبح) اسلام آباد آمد

۴ جولائی (جمعرات) سے دار العرفان میں سالانہ اجتماع شروع ہوگا اور ۹ اگست تک رہے گا۔

کا مزاج غیر حقیقت پسندانہ بن گیا۔ بنیادی مسائل نظر سے اوجھل ہو گئے اور فروعی مسائل کی طرف توجہ زیادہ ہو گئی۔ ایسے فروعی اور جزوی مسائل کہ شاید قرونِ اولیٰ کا مسلمان ان پر گفتگو کرنا بھی پسند نہ کرتا۔ ان مسائل کو اہمیت حاصل ہوتے ہی غیر ضروری اختلافی مسائل کھڑے ہو گئے اور امت تفرقہ بازی کا شکار ہو گئی۔ غضب یہ ہوا کہ بعض اختلافات نے بھی مذہبی اختلافات کا رنگ اختیار کر لیا اور یوں بےشمار مذہبی فرقے پیدا ہو گئے۔ جو اس دور سے آج تک ایک دوسرے کے ساتھ دست بگریباں ہیں۔

چوتھی اہم خصوصیت نسل پرستی ہے۔ عباسی دور کا مسلمان مقصدِ زندگی سے غافل ہونے کے بعد اپنے تشخص کو کھو بیٹھا۔ اب وہ صرف مسلمان نہیں تھا بلکہ کہیں وہ عرب تھا، کہیں ترک اور کہیں ایرانی۔ اس کے ساتھ ساتھ علاقہ اور زبان کی عصبیتوں نے بھی جنم لیا اور اکثر و بیشتر باہم برسرِ پیکار رہنے لگے۔ اس صورتِ حال نے معاشرتی طور پر مسلمانوں کو کھوکھلا کر دیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ بغداد کے آخری خلیفہ کے وزیر نے ہی ہلاکو خاں کو دعوت دی اور اس نے آکر بغداد کو تہس نہس کر دیا۔

عباسی دور میں مسلمانوں کا معاشرتی کردار مسلمانوں کے زوال کا باعث ہے۔ عجیب بات ہے کہ مؤرخین عباسی دور کو مسلمانوں کا سنہری دور کہتے ہیں حالانکہ اسی دور میں مسلمان معاشرتی طور پر اتنے کمزور ہوئے کہ مزید وسعت اختیار کرنا تو کجا، اپنی اس علاقائی سالمیت کو بھی برقرار نہ رکھ سکے جو انہیں بنو اُمیّہ سے ورثہ میں ملی تھی۔

---

# دُعائے مغفرت

- میجر (ریٹائرڈ) احمد خان صاحب (واہ کینٹ) کی اہلیہ کے لیے دُعائے مغفرت کیجیے۔
- ماسٹر محمد نواز (ایکھر بار۔ سرگودھا) کی والدہ وفات پا گئی ہیں۔ اُن کے لیے مغفرت کی دُعا فرمائیں۔
- سلسلہ کے ایک ساتھی محمد اسلام صاحب مرحوم ڈسکہ والے وفات پا گئے ہیں۔ مغفرت کے لیے دُعا فرمائیں۔
- کرنل مسعود صاحب کے بڑے بھائی محمد رشید مرحوم جو حلقہ کے ساتھی بھی تھے۔ ۲۹ رمضان المبارک کو وفات پا گئے۔ دُعائے مغفرت کی درخواست ہے۔

---

قرآنِ کریم کی آیات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ خلوت و تخلیہ کو اختیار کرنا جائز ہے مگر افضلیت اس میں ہے کہ آدمی لوگوں میں رہے اور ان کے خدمت دینی کرے اُن کے ایذاء پر صبر سے کام لیوے، نقل ہے کہ کوئی بادشاہ کسی ولی اللہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ میں ترک تخت شاہی چاہتا ہوں کہ علیحدہ ہو کر خدا کو یاد کروں اور دنیا کے یہ جھنجھٹ چھوڑ دوں تو اس عارف باللہ ولی اللہ نے فرمایا کہ یہ ٹھیک نہیں بلکہ تخت شاہی پر رہ کر کام کرو۔

طریقت بجز خدمتِ خلق نیست
بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست
تو بر تختِ سلطانی خویش باش
باخلاقِ پاکیزہ درویش باش
بصدقِ ارادت میاں بستہ دار
ز طامات و دعویٰ زباں بستہ دار
قدم باید اندر طریقت نہ دم
کہ اصلے ندارد دمِ بے قدم

تصوف اور فقیری سوائے خدمتِ خلق کے اور کچھ نہیں ہے فقیری صرف تسبیح پڑھنے، مصلیٰ اور گودڑی میں نہیں ہے۔ تم اپنے تختِ شاہی پر رہ کر اخلاقِ پاکیزہ رکھ کر درویش بنو۔ سچے ارادہ سے کمربستہ ہو اور زبانی دعووں سے زبان کو بند رکھو کہ فقیری میں فقیر کو راسخ القدم ہونا ضروری ہے نہ کہ دم مارنا، بغیر راسخ القدم ہونے کے زبانی دعویٰ کرنا اصلیت نہیں رکھتا۔

فقیر محمد اکرم

# احوالِ دِل

کہتا ضرور کچھ مگر طاقت نہیں رہی
دیکھا اُنہیں تو قوتِ گفتار کھو گئی

آنکھوں میں یوں بسے ہیں کہ دن رات ہر گھڑی
دیکھا جدھر بھی اُن سے مُلاقات ہو گئی

میں اور اُن کے حُسن کے اتنا قریب تر
بس شیخ کی میرے یہ کرامات ہو گئی

دیکھی جو کائنات تو آیا نہ کچھ نظر
اس حُسنِ بے مثال کی وسعت میں کھو گئی

آقا تیرے حضُور کی لذت عجیب تر
اب ماسوٰی کی طلب بھی معدوم ہو گئی

موت و حیات کی جو تھی تفریق مٹ گئی
رُوح تیری بارگاہ میں پہنچی تو کھو گئی

دھڑکن تھی کائنات کی دل میں حضور سے
معراج پر گئے تو وہ خاموش ہو گئی

پلٹے تو اپنے ساتھ لائے گرمیٔ حیات
زندہ یوں کائنات کی آغوش ہو گئی

دُنیا سے پردہ حصّہ ہے ازلی نظام کا
جب ہی حیات اُن کی بھی روپوش ہو گئی

دیکھیں جو زندگی کو تو رقصاں ہے چار سُو
اُنہی کے دم قدم سے یہ مدہوش ہو گئی

دیکھو فقیرؔ عشق کی مستی بجا مگر
پہنچی تیرے حضُور تو خاموش ہو گئی

# نوٹس داخلہ فرسٹ و سیکنڈ ایئر

# صفارہ کالج لاہور (حکومت سے منظور شدہ)

(انگلش میڈیم)

## نمایاں خصوصیات

- اعلیٰ تربیت، اعلیٰ کردار اور روشن مستقبل
- دینی و دنیوی تعلیم کا حسین امتزاج
- اعلیٰ تعلیم کے ساتھ قیادت کی صلاحیت
- مروجہ تعلیم کی دو رنگی سے ہٹ کر ایک نیا راستہ
- عربی اور انگریزی پر یکساں عبور
- تحریر و تقریر میں مہارت
- اقبال کے شاہینوں کا مسکن • ہوسٹل کی سہولت
- بیرون ملک مقیم والدین کیلئے اولاد کی تعلیم و تربیت کا بہترین ادارہ
- سی ایس ایس، پی سی ایس، آرمی آفیسرز، ایم بی اے اور صحافت کے شعبوں میں کیریئر کے متلاشی طلباء کیلئے عملی رہنمائی

نتائج کے اعلان کے بعد دس دن کے اندر اندر فارم داخلہ وصول کئے جائیں گے۔

پراسپکٹس اور فارم داخلہ بذریعہ ۱۰۰ روپے پوسٹل آرڈر یا منی آرڈر حاصل کریں

پرنسپل: صفارہ کالج اولیبہ سوسائٹی کالج روڈ ٹاؤن شپ لاہور نمبر ۵۴۷۷۰ فون: ۸۴۴۹۰۹

# *Man - The Superior Being*

Maulana Mohammed Akram Awan

ALMURSHAD

Whether a thing is important or not, depends on human needs. Anything which is not regarded as a necessity for mankind, looses its importance. Therefore the importance of anything depends on whether it is needed or not. The severity with which a certain thing is required, aquires more importance. Therefore the necessity and importance of a certain thing is interrelated.

To understand the importance of Zikr, we must first understand why man has been termed as the most superior of all creations. The answer that comes to our mind is that man posseses more knowledge than others. This is not true because we know that there are many creatures in this universe who posses knowledge yet unrevealed to man, eg; a honey bee. This little creature posseses the knowledge to make honey, whereas man does not. The trees are there, the flowers are there, the pollen is present, yet man does not know how to convert this into honey. This is a small example, and the universe is very very big and there are lots of creations of **God** that we are not even aware of. So we see that knowledge is not what makes a man superior to other creatures.

Experiments done on jungle animals show very strange results. When meat eating animals fall ill they eat a certain kind of grass that makes them well again. Till now man has been unable to understand this grass and its properties.

Have you ever noticed that when domestic dogs and cats fall ill they use garden grass to get well. Experiments have proved that monkeys, apes and gorillas, like humans, are prone to piles and cure it by eating a special kind of leaf. But where do they find this certain kind of leaf and how they disappear into the jungles and usually